Scanned with CamScanner

سرمستِ بلوچستان

داستانِ عشق و سوانح حیات حضرت طوق علی مست رحمتہ اللہ علیہ

Balochi Academy Quetta
135/-
LIBRARY

مصنفہ

ذکیہ سردار بلوچ

بلوچی اکیڈمی شارع اقبال کوئٹہ

جملہ حقوق بحق مصنفہ محفوظ ہیں

طبع اول .... ستمبر ۱۹۶۵ء

تعداد .... ایک ہزار

طابع وناشر .... بلوچی اکیڈمی شارع اقبال کوئٹہ

مطبوعہ .... پاکستان پریس کوئٹہ

قیمت [illegible] روپے

Scanned with CamScanner

انتساب

اپنے شریک حیات اور پاکستان کے ممتاز بلوچ مؤرخ

میر محمد سردار خان بلوچ

بی۔ اے (آنرز) ایم اے (علیگ)، ممبر رائل
ایشیاٹک سوسائٹی لندن۔ چیئرمین بلوچی اکیڈمی

کے نام

Scanned with CamScanner

ویٹ منی دِیر گنداں کھلوخیناں
ورجیاں فہم گھیتھے رلوخیناں

(مست)

ترجمہ:- میری دور بین تجیر نگاہوں نے دیکھا
میرے تمام جسم کے اعضا نے میری آنکھوں کی تائید کی
اور ساتھ دیا۔

فہرست مضامین

٭

باب اوّل ۔ بلوچ قوم، اسکے خصائل اور رسمیں

باب دوئم ۔ سوانح حیات حضرت طوق علی مست

باب سوئم ۔ حضرت مست کی کرامات و شاعری

باب چہارم ۔ مجموعہ کلام حضرت مست

دیباچہ

انیسویں صدی میں انگریز سیاستدانوں نے بلوچ قوم کے بارے میں چند کتابیں، اپنے سیاسی اغراض و مقاصد کے پیش نظر لکھیں تھیں جن کی کوئی ادبی اور تحقیقی حیثیت نہیں بلوچ قوم کے پڑھے لکھے حضرات نے بھی، اپنی ثقافت، خاندانی تاریخ اور علمی خزانوں کو کتابی شکل دینے کی بھی ضرورت محسوس نہیں کی، شاید اسکی وجہ یہ ہے کہ بلوچ فطرتاً سپاہی ہے، اس کی تلوار ہی اس کا قلم ہے۔ اسی باعث بلوچی روایات، ادب پارے اور ان کی تاریخی کہانیاں سینہ بسینہ نسل در نسل منتقل ہوتی رہیں۔ اور کسی نے انہیں صفحہ قرطاس کی زینت بنانے کی زحمت گوارا نہیں کی، بلوچ چونکہ خود قلم کے دھنی نہ تھے۔ اسلئے اس قوم کے بہت سے نامور سپوتوں کے کارنامے اور عظیم ہستیوں کے واقعات ابتک پردہ خفا میں پڑے ہیں، انھیں نامور سپوتوں اور عظیم ہستیوں میں حضرت طوق علی مست کا بھی شمار ہے، جنہوں نے اپنے عشق سے بلوچستان کی وادی میں شیریں فرہاد اور لیلیٰ مجنوں کی کہانیوں کی یاد تازہ کرادی۔ جنکے شاعرانہ کمال نے امیر خسرو اور حافظ جیسے صوفی شعراء کے کمالات فن کو آئینہ دکھایا، اور جن کی روحانی عظمت نے، بلوچی سرداروں اور عوام کو اپنا گرویدہ اور معتقد بنالیا:

پہلے میرا خیال یہ تھا۔ کہ طوق علی مست چونکہ بلوچی زبان کے شاعر ہیں، اسلئے اسی زبان میں ان کے حالات و واقعات لکھ کر ان کے کلام کو کتابی شکل میں پیش کردوں، پھر خیال آیا کہ اس طرح یہ جواہر پارے، محدود دائرے میں رہ جائینگے، اور عامۃ الناس اس دولت سے مستفیض نہ ہوسکیں گے، اسلئے میں نے یہ ارادہ ترک کردیا، اور اسکے باوجود کہ مجھے اردو زبان پر پورا عبور نہیں، میں نے فیصلہ کیا، کہ بلوچی ادب کا تعارف، اپنے پاکستانی بھائیوں سے کرانے کے لئے مجھے حضرت طوق علی مست کی شاعری پر، ٹوٹی پھوٹی اردو ہی میں اظہار خیال کرنا چاہیئے۔

اس کتاب کی ترتیب و تدوین میں جہاں اور مشکلات پیش آئیں۔ وہاں میری پردہ نشینی نے بھی مجھے کافی زچ کیا۔

جیسا کہ اوپر عرض کیا جاچکا ہے، بلوچی ادب پر کوئی معقول کتاب دستیاب نہیں ہوئی۔

اب اگر کوئی مصنف بلوچی ادب، زبان یا ثقافت پر قلم اٹھانا چاہے تو اسے علم سینہ کا ہی سہارا لینا پڑتا ہے جو کچھ بہت صرف لوگوں کو زبانی یاد ہے الا ماشاء اللہ چنانچہ کسی پردہ میں بیٹھنے والی خاتون کے لئے یہ تو ناممکن ہی ہے کہ وہ بلوچی ادب کے کسی موضوع پر قلم اٹھائے میں اپنے شریک حیات میر محمد سردار خان بلوچ کی ممنون ہوں، کہ انہوں نے میری اس مشکل کو حل کرنے کیلئے خود تکلیف اٹھائی، اور میرے لئے موصوف کی زندگی کے حالات اور قلب پارے جمع کئے، یہ حقیقت ہے کہ اگر وہ میری امداد نہ فرماتے تو مجھے حضرت مست پر قلم اٹھانے کی سعادت کبھی نصیب نہ ہوتی۔ میر محمد سردار خان بخود بھی نامور مصنف ہیں، انہیں اپنی قوم اپنی ثقافت اور اپنے ادب سے دلی محبت ہے، اور یہی محبت اس امر کی محرک تھی یہی وجہ ہے کہ انہوں نے پورے بلوچستان میں گھوم پھر کر ایسے حضرات کا پتہ لگایا، جو یا تو خود حضرت مست کے صحبت یافتہ تھے یا پھر ان کے قریبی بزرگوں یا رشتہ داروں نے ان کی صحبت اٹھائی تھی غرض جہاں سے بھی حضرت مست کے بارے میں میر صاحب کو کچھ پتہ چلا اور ان کے جواہر پارے حاصل ہوئے، آپ نے اس دروازہ کو کھٹکھٹایا، اس چھان بین کے باوجود سب سے بڑی مشکل یہ پیش آئی کہ مست کے کلام میں خلط ملط بہت تھی اور زیادہ کلام تو امتداد زمانہ کے ہاتھوں ضائع ہی ہو چکا تھا، غرض جب سب مواد مل گیا، تو اسکو کافی محنت اور تحقیق کے بعد یکجا کیا گیا، بظاہر یہ کام آسان نظر آتا ہے، لیکن یہ حقیقت ہے، کہ مواد کی فراہمی اور اس کی صحت و درستی میں کئی سال صرف ہوئے۔ غرض میں نے اپنی طرف سے اس بات کا حد درجہ خیال رکھا ہے، کہ حضرت مست کی زندگی اور کلام میں کہیں سے کوئی آمیزش نہ ہو جائے اور جو کچھ لکھا جائے، اسکو بار بار پرکھ لیا جائے۔ یہ میری پہلی کاوش و کوشش ہے، میں ممنون ہوں گی۔ اگر قارئین کرام اس کتاب کی خامیوں کو میری مشکلات کے پیش نظر نظر انداز فرما دیں۔

ذکیہ سردار بلوچ
جنگل باغ، سریاب پوسٹ بکس ۳۲ کوئٹہ
ستمبر ۱۹۶۵ء

باب اوّل

بلوچ قوم، اسکے خصائل اور رسمیں

موجودہ تحقیق نے ثابت کر دیا ہے۔ کہ بلوچ، کلدانی نسل کے چشم و چراغ ہیں۔ اور کلدانی وہ لوگ تھے جنہوں نے آج سے چار ہزار سال پہلے دنیا کو سب سے پہلی مرتبہ تہذیب و تمدن کی دولت عطا کی تھی، کلدانی تہذیب نے بابل میں جنم لیا تھا۔ اور پورے دو ہزار برس تک دنیا کا گوشہ گوشہ اس کی روشنی سے جگمگاتا رہا۔

بلوچ قوم، اپنے خصائل اور رسم و رواج میں، آج تک کلدانیوں سے متاثر نظر آتی ہے۔ مثلاً کلدانیوں میں علم نجوم کا بہت چرچا تھا، ہر کلدانی اس سائنس میں دخل رکھتا تھا۔ بلکہ یہ کہنا مبالغہ نہ ہوگا۔ کہ اس فن کو کلدانیوں نے بامِ عروج تک پہنچایا، چنانچہ بلوچوں میں بھی روزمرہ کے معاملات میں علم نجوم کو بڑا دخل ہے۔ اگر کوئی بلوچ سفر پر جاتا ہے۔ تو وہ علم نجوم کا سہارا لیتا ہے، بیاہ شادی کے موقع پر نجومیوں سے رجوع کیا جاتا ہے۔ اور موسمیات کے تغیر و تبدل کے سلسلے میں بھی ستاروں کی چال ڈھال پر نظر رکھی جاتی ہے۔

شکل و صورت میں بلوچ عربوں سے ملتے جلتے ہیں۔ ان کے قد درمیانہ لیکن جسم مضبوط اور سڈول ہوتے ہیں۔ جلد چمکدار اور رنگ دھوپ کا جلا

۱۔ "تاریخ بلوچ قوم و بلوچستان" از ایم۔ ایس۔ خان بلوچ صفحہ ۱۸۰۔

۲۔ "سولیزیشن پاسٹ اینڈ پریزنٹ" از والٹر والبینک وایم ٹیلر صفحہ 85

گندمی ہوتا ہے. چہرہ بیضوی، پیشانی چوڑی اور اونچی، ابرو سیاہ. مگر
ایک دوسرے سے علیحدہ، آنکھیں بادام کی طرح اور بڑی، جن میں سرخ
ڈورے پڑے ہوتے ہیں، دانت سپید ہے، خوبصورت اور بالکل
شفاف. ناک ستواں اور خنجر نما. کان سڈول، نہ بہت بڑے، نہ چھوٹے
البتہ سامنے سے کسی قدر خم دار اور کان کا سوراخ پپوٹوں کے بیرونی
زاویے کے سیدھ میں واقع ہوتا ہے. یعنی اگر کان کے سوراخ سے
ایک سیدھا خط کھینچا جائے. تو وہ اس مقام پر ختم ہوگا جہاں آنکھ کے
پپوٹے اور کنپٹی کی ہڈی آپس میں ملتے ہیں. لیکن بلوچ خواتین کے خدوخال
اور جسمانی خصائص مردوں سے کسی قدر مختلف ہیں. اور یہی فرق ان کے
حسن وجمال میں اضافہ کرتا ہے. مثلاً ان کے جسم اور اعضا کی دل ربا گولائی
ان کے ہاتھ پیروں کا خوبصورت تناسب. ان کی چال کا انداز یہ وہ
چیزیں ہیں جو دل کو موہ لیتی ہیں.

بلوچ فطرتاً جری. بے خوف اور ذہین ہوتے ہیں. عام طور پر مویشی
پالتے ہیں. اور آپس میں لڑنا ان کا معمولی مشغلہ ہے. چھوٹی چھوٹی باتوں
پر کبھی نہ ختم ہونے والی لڑائیاں شروع ہو جاتی ہیں. اور قبیلے کے قبیلے
ان کے لپیٹ میں آجاتے ہیں. اگر کسی قبیلے کا کوئی فرد لڑائی میں کام
آجائے تو پھر خون ریزی کا لامتناہی سلسلہ شروع ہو جاتا ہے. بلوچ
آج تک اپنے سامی آبا واجداد کے رسم ورواج پر عمل پیرا ہیں. یہ
قوم مجموعہ اضداد ہے. ایک طرف خونخواری میں ان کی نظیر نہیں ملتی تو
دوسری طرف اطاعت وفرمانبرداری میں لاجواب ہیں. بلوچ توہم پرست
بھی ہیں اور مغرور بھی، جب کوئی نیا خیال ان کے ذہن میں بیٹھ جاتا ہے.
تو ان میں بڑے بڑے کام کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے. اپنی کل
ما یحتاج کو مہیا کرنے کی ضرورت نے انہیں پھرتیلا اور چالاک بنایا.

ہر قسم کی تکالیف کو برداشت کرنے کی مجبوری نے اسے صبر دیا۔ خود اپنے اوپر سختی کی عادت نے اسے دوسروں کے لئے بے رحم بنا دیا ہے۔ اور اسمیں انتقام کی خواہش پیدا کر دی ہے۔ اس ضمن میں ہم پندرھویں صدی کے آخری دور کے دو واقعہ بیان کرتے ہیں جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ کہ انتقام کا جذبہ کس شدید درجے تک اس غیور قوم میں موجود تھا۔ اور بدرجۂ اتم اب بھی موجود ہے۔

جذبۂ انتقام

پندرھویں صدی کے اواخر میں ایک بہت بڑے بزرگ گذرے ہیں۔ جن کا نام شہ کھٹے تھا۔ آپ امیر چاکر سردار اعظم رند کے مرشد تھے۔ ایک دن یہ اپنے محافظ دستے کے ہمراہ کسی پہاڑ کے دامن کی ایک پگڈنڈی سے گزر رہے تھے۔ کہ سامنے سے میر چاکر کے بہنوئی اور بلوچ قوم کے نامور بہادر میر باہر خان رند آ گئے۔ شہ کھٹے کے محافظوں نے مطالبہ کیا۔ کہ وہ شاہ صاحب کیلئے راستہ چھوڑ دیں۔ لیکن باہر رند نے انکار کر دیا اور محافظوں نے برافروختہ ہو کر تیروں سے اس بہادر کا سینہ چھلنی کر کے اسے ہلاک کر دیا۔ اس انکار کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ ایک مرتبہ چاکر اعظم کے بھرے دربار میں میر باہر خان رند نے قول دیا تھا کہ اگر وہ کسی راستے پر چل پڑے پھر کوئی انکا راستہ نہیں روک سکیگا۔ خواہ اس کے نتیجے میں انہیں جان ہی کیوں نہ دینا پڑے۔

میر باہر خان رند کی موت کی خبر نے ان کے بہادر بیٹے امیر بیورغ کو دیوانہ کر دیا۔ اس نے اپنا بہترین لباس چاک کر دیا۔ اور لبیرے لگا دیئے۔ اور اس نے قسم کھائی کہ جب تک وہ اپنے باپ کے خون کا بدلہ نہیں لے لیگا چین سے نہیں بیٹھے گا۔ بیورغ، اپنے باپ کی طرح بہادر اور ایک خوبصورت جوان تھا۔ وہ جب کسی پر حملہ کرتا تھا

تو یہ معلوم ہوتا تھا جیسے شیر بریوں کے ڈار میں گھس آیا ہو امیر ہیو رخ کو اچھی طرح معلوم تھا کہ شہ کھٹے سے انتقام لینے کے معنی یہ ہیں کہ وہ چاکر اعظم کی نظروں سے گر جائیگا اور ہر قسم کے انعام و اکرام سے محروم ہو جائیگا۔ لیکن اس نے عہد کیا تھا کہ جب بھی شہ کھٹے اور اس کا بیٹا اسے کہیں ملینگے، وہ ان پر بجلی کی طرح گریگا۔ اور اپنی شمشیر خارا شگاف سے ان کے سینوں کو چیر کر ان کے لہو سے اپنے باپ کے قتل کے انتقام کی پیاس بجھائیگا۔ اور اپنی مونچھیں ان کے خون سے تر کرے گا۔

چنانچہ ایک مدت کے بعد امیر ہیو رخ اور شہ کھٹے کا آمنا سامنا ہوا اور اس جیالے نوجوان نے ایک ہی وار میں شہ کھٹے کا سر قلم کر دیا۔ اور اپنی بڑی بڑی خوبصورت مونچھیں مقتول کے خون میں ڈبو کر امیر چاکر کے پاس آیا اور کہا "میں نے تمہارے مرشد کو قتل کر کے اس کے خون سے اپنی مونچھیں تر کی ہیں" اسے یہ خوف تک نہ ہوا کہ امیر چاکر حاکم وقت ہے۔ اور وہ اس خبر سے اس کا دشمن ہو جائیگا۔ امیر چاکر ہی کے زمانے کا ایک اور واقع یہاں نقل کیا جاتا ہے۔ خون کا انتقام لینا تمام فرائض میں مقدم ہے۔ بلوچوں کے قدیم رواج کے مطابق خون کا بدلہ خون ہے۔ بعض مرتبہ خون کا بدلہ خون بہا کی صورت میں بھی لیا جاتا ہے۔ میر چاکر اعظم کے دور کے ایک غلام بجار کو بلیدی قبیلے کے ایک شخص نے قتل کر دیا۔ اس کی پسلیاں بھون کر باہر پھینک دی گئیں، تاکہ گدھ اور گیدڑ کھا جائیں۔ اس کے جواب میں مقتول کے رشتہ داروں نے بلیدی قبیلے کے سردار ہیبت خان کو پکڑ لیا۔ اسے ایک پہاڑی پر لے گئے۔ اور وہاں سر کے بل نیچے پھینک دیا۔ اور بلوچ نسل کی وحشیانہ رسم کے مطابق اس کا سر کاٹ کر اس کی کھوپڑی کا پیالہ بنایا گیا جسمیں فاتح شراب یا پانی پیتا تھا۔ یہ پیالہ بہت مدت تک بجار کے خاندان میں رہا[1]

---

[1] "تواریخ بلوچ قوم و بلوچستان" مصنف ایم ایس خان بلوچ صفحہ ۱۹۲

مہمان نوازی وسخاوت

بلوچ کی ساری نام آوری تلوار اور مہمان نوازی میں ہے. جب وقت وہ اپنے گھر میں بٹھیتا ہے. تو ایک مہربان میزبان بن جاتا ہے. اور تواضع سے پیش آتا ہے. اور تلوار حقوق حاصل کرنے کی ضمانت ہے. لیکن مہمان نوازی ان کے لئے سارے قانون انسانیت کا لب لباب ہے. جن جھگڑوں کا فیصلہ تلوار سے نہیں ہوسکتا. وہ مہمان نوازی کے ذریعہ سلجھائے جاتے ہیں. بلوچی کردار میں سب سے اہم اور قابل ذکر خصوصیت یہ ہے. کہ بلوچ بے حد مہمان نواز ہوتے ہیں. ان کی ساری نام آوری تلوار اور مہمان نوازی میں ہے. بلوچ اپنے مہمان کو نہایت خندہ پیشانی سے خوش آمدید کہتا ہے. جب کوئی مہمان گھر پر آتا ہے. تو مہمان خانے کے سامنے حیثیت کے مطابق ایک قالین یا چٹائی بچھا دی جاتی ہے پھر اس قبیلے کا سردار اپنے مہمان کا خیر مقدم کرتا ہے. اور اس کی خاطر و مدارت کی جاتی ہے. ہر گاؤں میں قبیلے کی جانب سے ایک مہمان خانہ ہوتا ہے. جہاں مسافروں کو ٹھہرایا جاتا ہے. مہمانوں اور مسافروں کی خدمت میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی جاتی.

مہمان نوازی میں بھی بلوچ، عربوں سے بہت ملتے جلتے ہیں. بہت سے بلوچی خاندان شہروں سے دور، پہاڑوں کے دامن میں محض اسلئے رہتے ہیں کہ ان کی حیثیت اتنی نہیں ہوتی. کہ وہ اپنے مہمانوں کی اچھی طرح خاطر تواضع کر سکیں. لیکن اسکے باوجود اگر کوئی مہمان ان پہاڑوں میں آنکلتا ہے تو خواہ خود مہمان سے ہی قرض لینا پڑے اور مدتوں تک اُس قرض کی ادائیگی کرتا رہتا ہو. غیور بلوچ اپنے مہمان کی مدارت کئے بغیر اسے لوٹنے نہیں دیتے. غریب سے غریب بلوچ مہمان نوازی میں ایک دن میں اپنا گھر خالی کر دیتا ہے. وہ خاطر و مدارت میں دلی مسرت محسوس کرتا ہے

جس کا اندازہ اس کے بے دریغ خرچ سے ہوتا ہے۔ سخاوت میں بھی بلوچوں نے اپنے سامی آباؤ اجداد کی پیروی میں کوئی کمی نہیں کی۔ سخاوت اور فیاضی وہ خصائل ہیں۔ بلوچ تمام خصائل پر ترجیح دیتے ہیں۔ اور ان کے نزدیک یہ خصلتیں ان کی قوم کے فضائل میں سے ہیں۔ بلوچوں میں ہر دور میں نامور ہستیاں گذری ہیں۔ مثلاً نوز بندغ سخاوت اور بہادری میں مانا ہوا شخص تھا۔ اس نے اپنے جانی دشمن میر چاکر اعظم رند کی جان عین میدان جنگ میں بچائی۔ بلوچوں میں آج بھی سخی کو نوز بندغ سے تشبیہ دیتے ہیں۔ نوز بندغ کی سخاوت کے بارے میں بہت سی کہانیاں مشہور ہیں۔ جاڑو رند کو "جور جواد" یعنی تلخ جواب دینے والا یا حاضر جواب کہتے ہیں۔ بجار رند کو "سخی" اور "مڑھ کُش" (یعنی قتل کرنے والا) اور ے رند کو "دین برادر" یعنی مذہب کا رکھوالا کہتے ہیں۔ اسیطرح نوز بندغ کو اپنی سخاوت کی وجہ سے "زر زوال" یعنی دولت لٹانے والے کا بھی خطاب دیا گیا تھا۔ نوز بندغ کی سخاوت کو پرکھنے کیلئے امیر چاکر اعظم نے اس کے گھوڑے کی خرجین میں جو روپئیوں سے بھری ہوئی تھی، ایک سوراخ کر دیا۔ جب نوز بندغ گھوڑی پر سوار ہو کر جانے لگا۔ تو روپئے اس سوراخ سے گرنے لگے۔ مگر اس نے پرواہ نہ کی۔ چند عورتوں کی نظر اس پر پڑی۔ انہوں نے گرتے ہوئے روپئیوں کی طرف اس کی توجہ دلائی۔ مگر نوز بندغ نے جواب دیا کہ "میں کوئی چیز دے کر واپس نہیں لیا کرتا"۔ یہ سنکر عورتیں حیرت زدہ رہ گئیں۔ اور نوز بندغ کو "زر زوال" کا خطاب دیا۔

میر جمال خان لغاری چھٹہ رند کے میر عالی خاندان سے تعلق رکھتا تھا اس کی سخاوت بھی دُور دُور تک مشہور تھی۔ وہ دشمنوں کا مقابلہ نہایت بہادری سے کرتا تھا۔ انگریز اسے اپنے ساتھ نشست دیتے تھے۔

ان کے خوف سے ہر ایک امن و امان سے رہتا تھا۔ اسکے دشمن جب اس کی آمد کی خبر سنتے۔ تو پاؤں تلے سے زمین نکل جاتی۔ لنگر صبح سے شام تک جاری رہتا۔ عام لوگوں کو بھی وہاں سے خیرات ملتی تھی۔ علی الصبح خیرات مانگنے والوں کو اونٹ اور گھوڑیاں بخش دیجاتی تھیں۔ اور وہ خود دودھ اور شربت سونے کے پیالیوں میں نوش کیا کرتا تھا۔

شجاعت و بہادری

غارت گری کا اشتیاق اور اس کے ساتھ فیاضی۔ شدید بے رحمی اور پھر کشادہ دلی وہ خاصیتیں ہیں جو ان کے اوصاف اضداد کو ہمارے سامنے لاتی ہیں ان متضاد خصائص کا سمجھنا اور ان کی توجیہہ کرنی کوئی خاص مشکل نہیں۔ ملک میں غذا کی قلت، خانہ بدوشی۔ قبائلی نظام و رسم و رواج اور دیگر نسلی عناصر کو اس تضاد میں بڑا دخل ہے۔ بلوچوں کی شجاعت و بہادری کا یہ عالم ہے۔ کہ جب وہ لوگ لڑائی میں جاتے ہیں تو اللہ تعالےٰ کے حضور میں دعا مانگتے ہیں۔ کہ ان کی پیٹھ پر زخم نہ لگنے پائے۔ انکا خیال ہے کہ پیٹھ پر زخم پیچھے بھاگنے والے کو آتا ہے۔ اور بھاگنے والے بزدل ہوتے ہیں۔ اسلئے یہ غیور لوگ سینے پر زخم کھانا پسند کرتے ہیں۔ بلوچ اپنے سوئے ہوئے دشمن پر ہاتھ نہیں اٹھاتا۔ دھوکہ دینا اس کا شیوہ نہیں۔ وہ ہمیشہ دشمن پر سامنے سے حملہ کرتا ہے۔ تاکہ دشمن بھی سنبھل کر اپنا ہتھیار اٹھا کر مقابلے کیلئے آجائے۔ اور بسا اوقات وہ دشمن کو کہہ کر موقعہ دیتا ہے کہ پہلا وار وہ کرے۔ بلوچ بندوق کی لڑائی پر تلوار کی لڑائی کو ترجیح دیتا ہے اور تلوار کی لڑائی کا وہ ایسا ماہر ہے۔ کہ دشمن پر ایک وار کرنے کے بعد دوسرے وار کرنے کا موقع ہی نہیں آتا۔ جب کسی بلوچ کے گھر لڑکا پیدا ہوتا ہے۔ تو بچے کی ماں اور دوسرے رشتہ دار اللہ ذات پاک کے حضور میں التجا کرتے ہیں۔ کہ بچہ بڑا ہو کر تلواروں کے سائے میں

بہادری اور جوانمردی سے جان دے۔ تلوار ہی اس کی زیست و موت کی شریک ہو۔ چنانچہ اس ضمن میں ہم امیر بیورغ رند کی اس دعا کا حوالہ انہی کے شعر سے دیتے ہیں۔ جس میں انہوں نے کہا ہے۔ کہ "رند مائیں اپنے لڑکوں کیلئے دعائیں مانگیں۔ کہ ان کے لڑکے شمشیر زن اور سخی ہوں" یہ رسم ابتک چلی آرہی ہے کہ ناف کا جو حصہ کاٹا جاتا ہے۔ وہ گھوڑے کے کان کے ساتھ باندھ دیتے ہیں۔ یہ شگون اسلئے کرتے ہیں کہ بچہ جوان ہو کر ہمیشہ گھوڑے کی پیٹھ پر سوار رہے۔ اور بچے کے سرہانے تلوار رکھتے ہیں۔ غیر قوموں نے بھی ان کی بہادری کا جابجا اعتراف کیا ہے۔ ان کی بہادری کا ایک ثبوت یہ ہے کہ ۱۸۴۳ء میں جب انگریزی فوج نے سندھ کے تالپور حکمران کو زیر کیا تو اس وقت کے وائسرائے لارڈ ایلن برو نے ملکہ وکٹوریہ کو لکھا کہ "آج ہم نے ایشیا میں سب سے بہادر دشمن کو شکست دی ہے"[1] ان الفاظ سے ظاہر ہوتا ہے۔ کہ تمام ایشیا میں بلوچوں کو بہادر قوم تسلیم کیا گیا ہے۔

پناہ دینا جب کوئی مصیبت زدہ ایک بلوچ کی پناہ میں آگیا یا جس نے اس کی حیثیت پر بھروسہ کیا۔ تو پھر اس کی عداوت دوستوں کی سی نہیں ہوتی۔ بلکہ عزیزوں اور قرابت داروں کی سی اس مہمان کی مقدس و محترم ہو جاتی ہے۔ اور میزبان کو اس کی حفاظت خود اپنی جان پر کھیل کر بھی واجبات سے ہوتی ہے۔ اگرچہ اس پر یہ کیوں نہ ثابت ہو جائے کہ جو شخص اس کی پناہ میں بیٹھا ہے۔ یہ وہ دشمن جانی ہے۔ جس کی تباہی کی وہ سو بار آرزو کر چکا ہے۔ جب کوئی شخص

---

[1] "تاریخ بلوچ قوم و بلوچستان" از ایم ایس۔ خان بلوچ صفحہ (۱۶۳)

چاہے. وہ کسی قبیلے، قوم یا مذہب کا ہو کسی بلوچ گھرانے میں پناہ لیتا ہے.
تو اس کی پوری پوری حفاظت کرنا بلوچ اپنا فرض سمجھتا ہے.

عرب اقوام بھی انہی روایات کی سختی سے پابند ہیں. عربوں میں بنی قیس بنو بکر اور بنی ثعلب کے مابین جس طرح کئی برس تک لڑائیاں جاری رہیں اسیطرح بلوچوں میں کئی خونخوار لڑائیاں ہوئی ہیں. آج سے چند صدی قبل بلوچ قوم کے دو قبیلے کلمتی اور بلفتی ساتھ ساتھ مکران میں رہتے تھے. ایک دن کلمتی قبیلے کے کچھ لڑکے کھیلتے ہوئے بلفتی خیمے کے قریب آئے. وہ ایک گرگٹ سے کھیل رہے تھے. خیمے کے اندر ایک بلوچ خاتون بیٹھی تھی. اس کا خاوند باہر گیا ہوا تھا. .... اس خاتون کا نام بیبڑی تھا. وہ گرگٹ خیمے کے اندر چلا گیا. لڑکوں نے اصرار کیا کہ ہم اس کو ماریں گے بیبڑی نے کہا. کہ یہ گرگٹ میری پناہ میں ہے. اس کو نہ مارو. مجھ پر احسان کرو. مگر لڑکوں نے ایک نہ مانی. اور گرگٹ مار ڈالا. اس وقت بیبڑی کا بھائی اور خاوند گھر پر موجود نہ تھا. بیبڑی نے اپنے خاوند کو پیغام بھیجا. وہ امیر کی مجلس چھوڑ کر بھاگتا ہوا آیا. نامور بیبڑی نے کہا " اگر تم گرگٹ کا بدلہ نہ لوگے تو میں آج سے تمہاری بہن اور تمہیں اپنا بھائی تصور کروں گی" اسکے خاوند نے جواب دیا " اے میری نیک دل بیوی ذرا صبر سے کام لے. اور مجھے کچھ سوچنے دے میرا وعدہ ہے. کہ گرگٹ کے قتل کا انتقام اس طرح لوں گا. کہ یہ سفید زمین خون سے لت پت ہو جائے" اور پھر جب ہنگامہ کارزار برپا ہوا. تو بلفتی قبیلے کے ساٹھ (۶۰) افراد اور کلمتی قبیلے کے پچاس (۵۰) افراد مارے گئے. یہ سب ہمسایہ گرگٹ کی خاطر خون و کشت ہوا. اور یہ خونریزی کافی عرصے تک ان دونوں قبائل کے مابین رہی.

بلوچ مندرجہ اصولوں کے سختی سے پابند ہیں!

(۱) خون کا بدلہ خون سے لینا۔
(۲) امانت میں خیانت نہ کرنا۔
(۳) پناہ لینے والے کو جب پناہ دی جائے تو اس پر اپنا سب کچھ حتیٰ کہ جان تک قربان کر دینا۔
(۴) بدکار کو پناہ نہ دینا۔
(۵) مہمان کو ہر قسم کا آرام و آسائش پہونچانا۔
(۶) میدان جنگ میں عورت اور بچوں پر ہاتھ نہ اٹھانا۔
(۷) لڑائی میں جب خواتین دخل انداز ہو کر صلح کی پیشکش کریں۔ تو پھر کسی قسم کا انتقام یا بدلہ نہ لینا۔
(۸) زانیہ و زانی کو ہر صورت میں موت کی سزا دینا۔

باب دوئم

سوانح حیات حضرت طوق علی مست

چمن میں ہزاروں قسم کے پھول کھلتے ہیں، کلیاں چٹکتی ہیں غنچے مہکتے ہیں۔ پھر دائمی مرجھا جاتے ہیں۔ مریستان کے چمن میں ایک سدا بہار پھول نے اپنی آنکھ کھولی، چمن کے تمام پودے خوشی سے تالیاں بجا بجا کر اظہار مسرت کر رہے تھے۔ کلیوں کی چٹک سے بلبل کا دل دھڑک رہا تھا۔ شاخیں نشے سے مست ہو کر جھوم رہی تھیں۔ گلوں کی مہک میں بھونرے کی آرزو انگڑائی لے رہی تھی۔ پرندے مسرت سے چہچہا رہے تھے۔ اس سدا بہار اور دلفریب پھول کی خوشبو بلوچستان کے علاقوں میں پھیل گئی۔ کسی کو وہم و گمان بھی نہ تھا۔ کہ علاقہ مری میں ایک پھول پیدا ہوگا جو قوم اور ملک کو اپنا گرویدہ بنا لے گا۔ ایسے پھول دنیا میں شاذ و نادر ہی کھلتے ہیں۔ اور نوع انسان کی تواریخ میں ایک زریں باب کا اضافہ کرتے ہیں۔ اس لازوال پھول نے جب کہ اس دن آسمان بلوچستان پر گھنگھور گھٹائیں چھائی ہوئی تھیں۔ شام کا سہانا وقت تھا۔ قوم مری کے قبیلے شیرانی کی ذوزکانی شاخ سے کاہان کے قریب ۱۸۲۸ء کے موسم بہار میں جنم لیا۔ یہ پھول طوق علی کی صورت میں صفحہ ہستی پر نمودار ہوا۔ اور اس کی مہک سرزمین بلوچ کی پر کیف فضاؤں میں آج بھی بسی ہوئی ہے۔

خد و خال: طوق علی چھریرے بدن کے مالک تھے۔ ان کے سڈول اور

بھرے ہوئے بازوؤں میں آندھیوں اور طوفانوں کا زور تھا۔ دراز قد اور شانوں پر بکھری چوٹی سیاہ گھونگریالی زلفیں عجیب سماں پیدا کرتی تھیں۔ اُن کے اندر بیضوی چہرہ نور کا ایک ٹکڑا تھا۔ رنگ گندمی آنکھیں بڑی بے حد سُرخ اور خمار آلود یوں معلوم ہوتا تھا۔ جیسے دو ستارے چمک رہے ہوں۔ ستواں ناک۔ ایک حسینہ کو قتل کرنے کیلئے خنجر سے کم نہ تھی! ابرو سیاہ اور گھنے۔ جب آپ پیدل چلتے۔ تو ذرا آگے کو جھک کر چلتے۔ آپ کا لباس خاص مریوں کا لباس تھا۔ کافی لمبی پگڑی سفید ململ کی سر پر باندھے رہتے۔ قمیض کے اوپر سفید کپڑے کا گھیرے دار اور بڑی آستینوں والا چُغہ جسے بلوچی کرتی کہتے ہیں زیب تن رہتا۔ اور شلوار تنگ پائینچے والی بڑے گھیر کی۔ یہ ڈھیلا ڈھالا لباس آپ پر بہت سجتا تھا۔ باہر ٹہلتے وقت یہ منظر سامنے آتا جیسے کوئی حسین خانہ بدوش نجدی شہسوار صحرا کی وسعتوں میں اپنے قبیلے کی سرفرازی کیلئے فطرت کے ہر چیلنج کا منتظر ہو۔ یہ تھا ہماری کتاب کے ہیرو کا حلیہ اور لباس۔

بچپن کی زندگی

آپ کی طبیعت میں بچپن ہی سادگی اور خاموشی کو بڑا دخل تھا۔ جیسے ہی آپ نے ہوش سنبھالا۔ تو آپکے گھر والوں نے بھیڑوں اور بکریوں کا ریوڑ چرانے کا کام آپ کے سپرد کیا اس علاقے کے پہاڑ بلوچستان کے دوسرے پہاڑوں کی بہ نسبت قدرے سرسبز و شاداب ہیں۔ ان پہاڑوں پر جنگلی بیر، انار، انجیر اور زیتون کے درخت پائے جاتے ہیں۔ اور جڑی بوٹیاں بھی ملتی ہیں۔ جو دواؤں کے کام آتی ہیں۔ انہی پہاڑوں پر وہ اپنا ریوڑ چراتے اور ریوڑ کہیں سے کہیں نکل جاتا۔ تو آہستہ آہستہ پہاڑ سے نیچے کی وادیوں میں اپنے ریوڑ کو جمع کرتے۔ بکریوں سے زیادہ آپ بھیڑوں کو پسند کرتے تھے۔

آپ کے ہمعصر ساتھی جو آپ کے ساتھ اپنے ریوڑ چراتے. آپ بے حد محبت و شفقت سے پیش آتے. اکثر ایسا بھی ہوتا کہ شام ہو جاتی. اور وہ اپنی دھن میں مگن رہتے. ریوڑ رات کی تاریکیوں میں ادھر اُدھر بکھر جاتا ان کے ساتھی ان کے ریوڑ کو ایک جگہ اکٹھا کرتے. اگر کوئی بھیڑ یا بکری ریوڑ سے کم ہوتی. اور گھر والے دریافت کرتے. تو آپکا جواب صرف خاموشی تھا. آپ کی والدہ ماجدہ بچپن ہی میں انتقال فرما گئیں تھیں. آپ کل چھ بھائی تھے. چار بھائی تھوڑی مدت کے دوران یکے بعد دیگرے چل بسے. اب طوق علی اور انکا ایک بھائی پیرک اس دنیا میں رہ گئے جب آپ نے زندگی کی چودھویں بہار میں قدم رکھا تو باپ کا سایہ بھی اٹھ گیا اور ہمیشہ کیلئے طوق علی والدین کی بے لوث محبت. اور شفقت سے محروم ہو گئے. کچھ عرصہ بعد انہوں نے چھوٹے بھائی کی شادی کرادی. لیکن آپ نے خود شادی کی... آرزو نہیں کی. جب طوق علی کی عمر اٹھارہ برس کی ہوئی تو قدرتی مناظر سے ان کی محبت اور زیادہ بڑھ گئی. اور وہ اپنا ریوڑ لے کر دُور دُور تک پہاڑوں میں نکل جاتے. اور خدا کی شان اور اسکی قدرت کے کرشموں سے لطف اندوز ہوتے. وہ اپنا ریوڑ لے کر کاہان کی شاداب وادیوں میں نکل جاتے. کبھی پہاڑوں کی چوٹیوں پر چڑھ کر چاروں طرف نگاہیں دوڑاتے رہتے. غرض ہر وقت ایک جذب و کیف کے عالم میں ڈوبا رہنا ان کا مشغلہ بنکر رہ گیا تھا.

ایام شباب

نوجوان طوق علی کو ہتھیاروں سے فطری لگاؤ تھا. ریوڑ چرانے نکلتے تو کمر سے اپنی خم دار تلوار باندھتے. ساتھ ہی چھرا جس کو بلوچی میں "کھاٹار" کہتے ہیں. اسکا رکھنا بھی لازم تھا. جب کوئی ریوڑ سے بھیڑ یا بکری ذبح کرنی ہوتی تو اسی سے کام لیتے. کاہان کے گرد و نواح کی پہاڑیوں میں اپنا ریوڑ چرانے لے جایا

کرتے۔ اور کبھی کبھی قحط سالی کے وقت تحصیل کوہلو کی طرف نکل جاتے۔ تماڑ۔ جاندران۔ شمالنگ اور تھڈی پہاڑوں کی وادیاں جنگلی گھاس سے اکثر پٹی پڑی رہتی ہیں۔ ریوڑ چرانے کیلئے یہ بہترین چراگاہیں ہیں۔ ان وادیوں اور پہاڑوں میں اکثر طرق علی کا گذر ہوتا تھا۔ ان پہاڑوں میں میٹھے پانی کے قدرتی چشمے بھی کثرت سے پائے جاتے ہیں۔ آپ کا زادِ سفر اکثر دودھ۔ پنیر اور گیہوں کا آٹا تھا۔ کبھی کبھی رستوانی پہاڑ کی بلندیوں پر بھی آپ کا نشیمن رہا۔ بسا اوقات کوٹ منڈائی کے سرسبز و شاداب علاقے میں آپ کافی عرصے تک اپنے ریوڑ کے ساتھ قیام کرتے تھے۔ اور کبھی کبھی وہیں سے ڈونگان پہاڑ کا رخ کرتے۔ یہ ایک بلند پہاڑ ہے۔ بہت گھنے جنگل ہیں۔ پہاڑی دنبوں اور ہرن کا شکار یہاں کثرت سے پایا جاتا ہے۔ یہاں آپ شکار کیلئے رہتے مری علاقے کے چاروں طرف طواف کرنا ان کا مشغلہ بن گیا تھا موسم گرما میں جاندران۔ شمالنگ۔ تکیل اور کوہلو کے ارد گرد کے پہاڑوں اور وادیوں میں اپنے ریوڑ کے ساتھ جاتے۔ اور موسم سرما میں نشیبی علاقے ماوند کوٹ منڈائی کی جانب منزل بہ منزل سفر کرتے اور ریوڑ چراتے رہتے۔ اس آزاد ماحول میں ان کی طبیعت جو ازل سے آزاد تھی۔ اب فطرت کی درسگاہ میں اور بھی صبر، تحمل اور مشقت کی عادی ہو گئی۔ ابتدا میں معاشی جد و جہد کیلئے ان سخت پہاڑوں پر ان کی گشت رہی۔ لیکن بعد میں عشق حقیقی کی لپیٹ میں آکر روحانی تڑپ اور بے چینیوں نے آپ کو ان پہاڑوں کا طواف کرایا۔

جنگ چھلنبڑی

اسلام خان تمندار بگٹی نے ۱۸۵۸ء میں وفات پائی۔ اسی سال انکا بیٹا غلام مرتضٰے سات سو بگٹی لیکر کاہان سے ہوتا ہوا کوہلو کے بجارانیوں پر حملہ آور ہوا۔ تیرہ بجارانی،

آن کے مال مویشی مارے گئے۔ اور بگٹیوں نے بہت بڑی تعداد میں اُن کے مال مویشی بیل، اونٹ بھیڑیں اور بکریاں لوٹ لیں۔ گزبور کے راستے سے بگٹی واپس آرہے تھے۔ مریوں نے انہیں دیکھا۔ شم کے میدان کے شمالی جانب مری اور بگٹی قبیلے کا آمنا سامنا ہوا۔ کئی بگٹیوں نے غلام مرتضےٰ سے کہا کہ ان کے مال مویشی واپس کیے جائیں۔ یا بصورت دیگر کھیتران قوم کے قبیلے کے راستے واپس جانا چاہئیے۔ مگر غلام مرتضےٰ اپنی ضد پر آڑا رہا۔ اور کہنے لگا کہ نہ تو مال مویشی واپس کرینگے۔ اور نہ کھیتران کے علاقے سے واپس جائینگے۔ اس اثنا میں مری بہادر جنگجو جمع ہونے شروع ہوگئے۔ علی الصبح چھنبڑی کے مقام پر بگٹیوں اور مریوں کی آپس میں مڈبھیڑ ہوئی۔ دوش بدوش تلوار کی لڑائی شروع کی۔ تمام دن لڑائی جاری رہی مریوں کو شکست ہوئی۔ اُن کے ۱۳۰ آدمی میدان جنگ میں مارے گئے۔ اور کافی تعداد میں زخمی ہوئے۔ بگٹیوں کے ۴۰ آدمی مارے گئے اور کافی زخمی ہوئے۔ بگٹی مال غنیمت میدان جنگ میں شہید ہونیوالے مریوں کے گھوڑے، تلواریں اور ڈھالیں بھی لوٹ کر ساتھ لے گئے۔ اس طرح بگٹیوں نے جنگ پورب کی شکست کا بدلہ لیا۔ جو ۱۸۴۷ء میں لڑی گئی تھی۔ اسی سال بگٹی اور کھیتران نے مری قبیلے پر حملہ کیا۔ اور ان کے ۷۰ آدمی مارے گئے۔ اُنکا کافی سامان لوٹ کر لے گئے...... اس کے بعد پھر بگٹی، کھیتران اور موسیٰ خیل پٹھان قبیلوں نے مل کر مریوں کے علاقے پر حملہ کیا۔ اور یہاں سے بڑھتے بڑھتے پورب کے مقام پر پہنچے۔ جہاں پر مریوں نے اُنکا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ اور ان تینوں قبیلوں کو مری قوم نے شکست فاش دی۔ صرف بگٹیوں کے ۵۰۰ آدمی مارے گئے تھے۔ جنگ چھنبڑی کے دن طوق علی نے بھی جنگ کی پوری تیاری کی اور روانہ ہوئے۔ ان کے بھائی دریا خان (دلنڑ خان) بھی ہمراہ تھے۔ لیکن نہ جانے ان کو کیا خیال آیا۔ کہ آدھے راستے ہی سے واپس

آگئے۔ اور اُن کے بھائی جنگ میں مارے گئے۔

چھنبڑی کی جنگ کے کچھ دن کے بعد طوق علی دھرلی[1] پہاڑ

میدانِ عشق

کی وادیوں میں ریوڑ چرانے نکل گئے۔ آسمان پر کالے کالے بادل چھائے ہوئے تھے۔ بوندا باندی شروع ہوگئی تھی اور شام اپنے گہرے سائے کے ساتھ رات کی طرف بڑھ رہی تھی۔ طوق علی نے چاروں طرف نگاہ دوڑائی کہ کہیں آبادی نظر آجائے۔ تاکہ آنے والی بارش میں سر چھپا سکیں۔ ایک امید کی کرن دکھائی دی۔ دور ایک خیمے میں آگ کی روشنی نے طوق علی کو اپنی طرف متوجہ کیا۔ وہ اپنے ریوڑ کے ساتھ اس خیمے کی جانب چل پڑے۔ اب ان کی زندگی کا نیا اور سنہری دور شروع ہوا۔ جنگ کے میدان میں تلوار چلانے سے انہوں نے گریز کی۔ لیکن اب وہ اپنے دل کی جنگ میں پڑنے والے تھے۔ یہ دل کی جنگ بڑی مہنگی پڑی۔ اس موقع کے بعد آپ فرماتے ہیں۔

من دل ءَ وشتان ماں پھندا بلڑگ کھناں
چھونزاناں زیادہیں خوادی وِکھفاں

ترجمہ:۔ میں خوش تھا کہ بعد میں زندگی کے اچھے دن گزاروں گا۔
لیکن یہ خبر نہ تھی کہ اس سے زیادہ مصائب میں گھر جاؤں گا

طوق علی اس خیمے کے قریب آپہنچے۔ خیمے کا مالک باہر آیا۔ اور اُس نے اپنے مہمان کے لئے خیمے کے باہر ایک چٹائی بچھائی۔ یہ خیمہ دراصل طوق علی کی ازلی و ابدی محبوب سمو کا تھا۔ انہیں یہ خبر نہیں تھی کہ اس خیمے کی رہنے والی مالکہ ان کے دل میں عنقریب گھر بنا لے گی۔ وہ تارِ رباب تک بند پڑے تھے انہیں ایک مضراب چھیڑ دے گا۔ اور تار بج اٹھیں گے۔

1۔ دھرلی ماوند کے قریب ایک پہاڑ کا نام ہے۔ ماوند کاہان سے تین میل دور ہے۔

اتنے میں بارش زور سے شروع ہو گئی۔ تیز خنک ہوائیں چل رہی تھیں سموّ کے خاوند نے طوق علی کو خیمے کے اندر بلا لیا۔ اور وہاں اسے جگہ دی، خوب خاطر و تواضع کی۔ بلوچوں کی مہمان نوازی دنیا میں مشہور ہے جس کا ذکر پہلے کیا گیا ہے۔ آدھی رات کے وقت موسلا دھار بارش شروع ہو گئی اور بارش کا پانی خیمے کے اندر آنا شروع ہو گیا۔ سموّ کے خاوند نے سموّ کو آواز دی اور اسے جگایا اور حکم دیا کہ خیمے کی طنابیں کس کر ٹھیک کر دے۔ قدرت کے عجیب کرشمے ہیں۔ اسوقت طوق علی بھی بیدار ہو چکے تھے۔ اور بیٹھے مٹی کا پائپ پینے کی تیاری میں لگے ہوئے تھے۔ انہوں نے اپنا پائپ سلگانا چاہا۔ دیا سلائی جلاتے ہی انکی نگاہ سموّ پہ پڑی جو اس وقت نیند سے بیدار ہو کر بغیر دوپٹے کے کھڑی تھی۔ سموّ کی سیاہ ریشمی لمبی زلفیں جو اس کے کاندھوں سے ہوتی ہوئی گھٹنوں تک پہونچ رہی تھیں۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے سموّ نے سیاہ چادر اوڑھ رکھی ہو۔ طوق علی نے سموّ کے بے پناہ حسن میں شفق کی سرخی، چاند کی روشنی پھولوں کی مہک، آبشاروں کی گنگناہٹ، سمندر کی وسعت، قوس و قزح کی رنگینی۔ ہوا کی نرمی اور کہکشاں کا دلفریب نظارہ پا لیا۔ جیسے یہ سب چیزیں اللہ تعالیٰ نے سموّ کے حسن میں شامل کر دی ہوں۔ دیا سلائی جو طوق علی نے جلائی تھی۔ وہ جل کر ان کی انگلی کے ساتھ چپک کر خاکستر ہو چکی تھی۔ ان کو یہ بھی احساس نہ رہا کہ ان کی انگلی میں آبلے پڑ گئے۔ جس کی ایک ہی جھلک نے انہیں دیوانہ کر دیا۔ اور سموّ کی زلفِ گرہ گیر نے انہیں عمر بھر کیلئے اپنا اسیر بنا لیا۔ صبح تک طوق علی پر غشی طاری رہی۔ اس ہنگامے میں ان کا ریوڑ بھی کہیں سے کہیں نکل گیا۔ چنانچہ جب صبح ہوئی تو آس پاس پڑوس والوں تک یہ بات پہونچی۔ اور چونکہ بلوچ قبائل میں کسی غیر مرد کا کسی کی بیوی سے معمولی سا رابطہ بھی برا سمجھا جاتا ہے

اسلئے لوگوں نے مشورہ دیا کہ طوق علی کو ان کی اس حرکت پر قتل کر دیا جائے لیکن چونکہ یہ جو کچھ ہوا تھا۔ عالم بے اختیاری میں ہوا تھا۔ اور اس عمل میں طوق علی کا کوئی دخل نہ تھا۔ اسلئے یہ مناسب سمجھا گیا۔ کہ انہیں اُن کے قبیلے والوں میں پہنچا دیا جائے۔ غرض طوق علی اور ان کا ریوڑ ان کے قبیلے والوں کے سپرد کر دیا گیا۔ لیکن یہ معاملہ یہاں ختم نہیں ہوا۔ بجرانی قبیلے کے آدمی اپنے مقدم میر کرم خان بجارانی کے پاس کو بلوا آئے۔ اور شیرانی قوم کے آدمی سردار گزین خان مری کے پاس گئے۔ دونوں قبیلوں کے قاصدوں نے اپنے آنے کے مقصد بیان کئے۔ آخر کار میر کرم خان سمو کے خاوند اور دیگر بجارانیوں کے ہمراہ شیرانی مقدم کے پاس آئے۔ طوق علی کو بلوایا گیا۔ آپ کی حالت دیکھ کر سب لوگ متحیر ہو گئے۔ یہ حالت دیکھ کر میر کرم خان بجارانی نے سردار گزین خان مری کو کہلا بھیجا کہ طوق علی عاشق حقیقی معلوم ہوتا ہے۔ ان کا عشق سچا ہے۔ میر کرم خان بجارانی اور سردار گزین خان مری نے سمو کے خاوند کو سمجھایا۔ اور یقین دلایا۔ کہ وہ آئندہ کسی قسم کا شک و شبہ نہ کرے۔ لیکن باوجود اس کے سمو کا خاوند ہر وقت تاک میں لگا رہتا۔ اس کی راتوں کی نیند اڑ گئی۔ طرح طرح سے اس نے طوق علی اور سمو کو آزمایا۔ لیکن اُس کا شک دور نہ ہوا۔ اندھیری راتوں میں طوق علی سمو کے خیمے کے باہر دور بیٹھے رہتے۔ اپنا منہ سمو کے خیمے کی طرف کر لیتے۔ اور بدستور ٹکٹکی باندھے دیکھے چلے جاتے۔ سمو کی ایک جھلک دیکھنے کو ترستے رہتے۔ کسی کام کی غرض سے سمو باہر نکلتی۔ مال مویشی باہر نکالتی۔ دودھ دوہتی۔ یا کوئی اور گھریلو کام کرتی۔ اور طوق علی کی آنکھیں سمو پر جمی رہتیں۔ کافی عرصہ ایسے ہی گذرا۔ بالآخر ایک دن آپ سردار گزین خان کے پاس گئے اور کہنے لگے "اے میرے مہربان سردار کسی نہ کسی بہانے میری سمو سے ملاقات کرا دیں۔" سردار کی

بسا دگی دیکھیے۔ کہ آپ نے شکار کی تیاری کی۔ اور طوق علی کو ساتھ لیکر اپنے خادموں کے ہمراہ سمّو کی قیام گاہ کی طرف شکار کو چل دیئے۔ وہاں پہنچتے ہی سمّو کے خاوند کے ہاں ڈیرہ جمایا۔ سمّو کے خاوند نے سردار موصوف کی خوب خاطر و تواضع کی۔ دنبوں کے بلوچی کباب (سجی) اور دوسرے لوازمات تیار کئے گئے۔ طوق علی سردار کے ساتھ تھے۔ صبح ہوئی۔ سردار گزین خان نے سمّو کے خاوند کو حکم دیا۔ کہ وہ قریبی پہاڑ سے لکڑی کاٹ کر لے آئے۔ چنانچہ وہ روانہ ہو گیا۔ اس کے بعد انہوں نے سمّو سے کہا۔ کہ وہ اپنا ریوڑ پہاڑ کے دامن میں لے جا کر چرائے۔ جہاں طوق علی کو پہلے سے بٹھا دیا گیا تھا۔ سمّو کو یہ بھی تاکید کی کہ" وہ طوق علی سے ضرور دو باتیں کر لے" سردار کا حکم سمّو کیلئے حرف آخر تھا۔ سمّو کی یہ مجال نہ تھی کہ سردار کی بات نہ مانتی چنانچہ سمّو اپنے ریوڑ کو پہاڑ کے دامن میں لے گئی۔ جہاں طوق علی پہلے ہی سے سمّو کے انتظار کی گھڑیاں گن رہے تھے۔ جیسے ہی آپ کی نگاہ سمّو پر پڑی وہیں بے ہوش ہو گئے۔ سمّو نے بات کرنے کی کوشش کی۔ لیکن وہ ہوش میں نہ آئے۔ سمّو فوراً سردار کے پاس آئی اور کہنے لگی " اے سردار آپ کا آدمی وہاں بے ہوش پڑا ہے۔ میں جیسے ہی، خیمے سے نکلی۔ ان کے قریب پہنچی۔ اور ان کی نگاہ مجھ پر پڑی۔ وہ وہیں بے ہوش ہو کر گر گئے" سردار موصوف اپنے آدمیوں کے ہمراہ طوق علی کی طرف چل دیئے۔ اور انہیں بے ہوش اور بے سُدھ پڑا ہوا پایا۔ اور سمّو واپس خیمہ میں آئی۔ اور اس کا خاوند بھی آ پہنچا۔ سردار اور ان کے ہمراہیوں نے اپنی آنکھوں سے یہ سارا واقعہ دیکھا۔ بعد میں سردار نے سمّو کے خاوند سے کہا کہ" طوق علی پر کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔ یہ مست فقیر ہے۔ اگر تم نے کچھ کہا تو کسی بلا اور آفت میں پھنس جاؤ گے۔ ان کا عشق

عشقِ حقیقی ہے۔ ان کے طور و اطوار بالکل پاک ہیں۔" اس دن کے بعد سے طوق علی کا نام مست پڑ گیا۔ اب سمو کے خاوند کے دل سے تمام شکوک مٹ گئے۔ اس نے بھی محسوس کیا کہ یہ ایک مست درویش ہے۔ سردار گزین خان کہاں چلے گئے۔ لیکن مست وہیں ٹھہرے رہے دیوانگی کے عالم میں ٹکٹکی باندھے مسلسل خیمے کی طرف دیکھا کرتے۔ سمو کا خاوند ہر طرح سے آپ کا خیال رکھتا۔ اور بے حد عزت کرنے لگا تھا۔ سمو ہر وقت خاموش رہتی تھی اور مست سے کلام نہیں کرتی تھی۔ کیونکہ آپ دیوانگی کی حالت میں رہتے تھے۔ کچھ دن قیام کرنے کے بعد آپ بغیر اجازت لئے اکیلے پہاڑوں کی جانب نکل گئے۔ وہاں کئی ماہ دیوانگی کے عالم میں گزارے۔ اور اسی دوران میں آپ نے سمو کے متعلق بہت سے شعر بھی کہے۔ ان اشعار کے باعث مری قبیلے میں ہنگامہ برپا ہو گیا۔ اسلئے کہ اس سے پہلے کسی کو جرات نہیں ہوئی۔ طوق علی مست کے اشعار نے مری قبیلے میں اِک آگ سی لگا دی۔ بلوچ، جیسا کہ پہلے کہا جا چکا ہے۔ نہایت غیور اور غیرت مند لوگ ہیں۔ عورتوں کے بارے میں شعر شاعری ان کے سماج میں نہایت معیوب بات سمجھی جاتی ہے یہ کہنا مبالغہ نہیں مست کی عشق کی داستان غیور بلوچی سماج کیلئے چیلنج تھی۔ چنانچہ جب مست نے علی الاعلان سمو کے بارے میں شعر کہنا شروع کئے تو مری قبیلے کے ہر شخص کو سخت غصہ آیا۔ اور بہت سے لوگوں نے فیصلہ کیا کہ حضرت مست کو ہلاک کر دیں۔ غرض کہ گُدا نامی ایک شخص ایک دن ان کے قتل کے ارادے سے اِن کے پیچھے پیچھے پہاڑوں پر چڑھ گیا۔ اور جب طوق علی مست ایک اونچی چٹان پر کھڑے نیچے کی طرف دیکھ رہے تھے۔ گُدا نے موقعہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے انہیں دھکیل دیا۔ لیکن یہ دیکھ کر گدا کی حیرت کی انتہا نہ رہی۔ کہ پہاڑ سے طوق علی اس طرح

نیچے آ گئے جیسے کوئی پرندہ اڑان بھرے زمین پر آکر بیٹھ جاتا ہے۔ اس واقعہ سے گُدّا کے دل پر حضرت کا خوف طاری ہوگیا۔ اور اس نے مست سے معافی مانگی۔ مست نے اس واقعہ کی طرف ایک شعر میں اشارہ کیا ہے، کہتے ہیں:۔

یک گوُرے مایک گوُرے گُدّا
ماہر دو مرُد جوانی ءَ نزیوں سدّھا

ترجمہ:۔ وہ گُدّا ہو یا طوق علی دونوں اپنے اپنے مقصد کے پیچھے دیوانے ہیں۔ میں سمو کے عشق میں اپنے ہوش کھو بیٹھا ہوں، اور گُدّا اپنی قوم کی عزت کیلئے میری جان لینے کی خاطر دیوانہ ہو رہا ہے۔

سمو بھرُوُ کی قبیلے کی چشم و چراغ تھی۔ اس کا نام دراصل تمیع تھا۔ لیکن مست محبت سے اس کو "سمو"، "سمل" یا "سمی" کہہ کر اپنے اشعار میں مخاطب کرتے تھے۔ سمو بچپن ہی سے مال چرایا کرتی تھی۔ یہ صافی اور نازک اندام حسینہ جب جوان ہوئی تو وہ اپنی دلکش رعنائیوں کے ساتھ لازوال حسن وجمال لئے ہوئے حسن کے تخت پر جلوہ گر ہوئی۔ وہ نئی کونپل کی طرح نرم و نازک سرو کی طرح بلند قامت اور متناسب۔ سمو کا ہر تن مو ایک نغمہ خوش تھا۔ غزالی آنکھیں جنہیں بلا کی کشش اور دلکشی تھی۔ ان کے اندر چھپے ہوئے گلابی ڈورے خوبصورتی کو دوبالا کئے ہوئے تھے۔ انہی متوالی آنکھوں نے مست کو دیوانہ بنایا۔ سمو قدرت کا ایک شاہکار اور خوبصورتی کا مکمل مجسمہ تھی۔ لمبی زلفیں مار سیاہ کی طرح مرمریں شانوں پر جھکی ہوئی تھیں۔ چہرہ چودھویں کا روشن چاند تھا۔ گلے کی زینت چاندی کا بڑا سا ہار تھا۔ ہار میں قسم قسم کے رنگین پتھر کے منکے اور خوبصورت چوکور چاندی کے ٹکڑے پروئے ہوئے تھے۔ جب رات ہوتی تو ہار خوب دمکتا۔ صندلی کلائیوں میں چاندی کی دستگلی، تھیں یہ بلوچی زیور

کنگن کی شکل میں ہوتے ہیں۔ جو کافی بھاری ہوتے ہیں۔ ان چیزوں نے سمّو کے حسن میں چار چاند لگا دیئے۔ لباس بالکل سفید جس میں وہ ایک پاکیزہ اور معصوم فرشتہ معلوم ہوتی۔ اس کی شادی بھروئی قوم میں ہوئی۔ شادی کے بعد بھی سمّو اپنا ریوڑ پہاڑوں کے دامن میں چرایا کرتی۔ گھر کا کام کاج، بچوں اور خاوند کی دیکھ بھال سب اس کے ذمہ تھی۔ ان ذمہ داریوں کے علاوہ ایک اور ذمہ داری بھی اُس کے نازک کندھوں پر آپڑی۔ اس ذمہ داری نے جس نے کہ اپنے شکنجے میں سمّو کو قیامت تک کیلئے جکڑ لیا۔ سمّو کے دل میں رفتہ رفتہ مست کیلئے ایک میٹھی میٹھی کسک اور چبھن شروع ہوئی۔ اس کی بے چینی اور بے قراری بڑھتی جا رہی تھی۔ آگ دونوں طرف برابر لگی ہوئی تھی۔ مست کا تیرِ نشانے پر بیٹھا۔ سمّو کے معصوم دل کو زخمی کر گیا اس زخم کے میٹھے درد کو چھپائے ہوئے سمّو بے چین رہنے لگی۔ اکثر وہ اداس اور کھوئی کھوئی رہتی۔ ادھر مست کی بزرگی سے مری قوم کے افراد بے حد متاثر ہونا شروع ہو گئے۔ اور آپ کے پیچھے شیدائیوں کا جمِ غفیر رہنے لگا تھا۔ مست اپنا زیادہ وقت مری علاقے کی پہاڑیوں ہی میں گزار رہے تھے۔ کبھی نکیل پہاڑ کی بلندیوں پر بسیرا رہتا۔ کبھی جاندران۔ تھوڑی اور ڈونگان وغیرہ کی گھاٹیوں اور وادیوں میں آپکا ڈیرہ رہتا۔ ایک عرصہ اسیطرح مری پہاڑوں کی سیر و سیاحت کر کے وقتاً فوقتاً سمّو کے گھر والوں کی قیام گاہ کا ایک وادی سے دوسری وادی میں سراغ لگاتے سمّو کو آپاتے۔ اور کچھ دن قیام کر کے پھر پہاڑوں کا رخ کرتے۔ مری علاقہ کا ذرہ ذرہ مست نے قدموں کے نیچے روند ڈالا۔ اپنے وطن اور سرزمین سے آپ کو والہانہ محبت تھی۔ اپنے شعروں میں انہوں نے ہر جگہ اپنے وطن کی جا بجا تعریف کی ہے۔ اُن کو اپنے علاقے کے سُرمگیں اور امنڈتے ہوئے بادلوں اور سرسبز و شاداب

پہاڑوں سے خاص لگاؤ اور پیار تھا۔ اپنے علاقے کے ذرّے ذرّے کو آپ نے سراہا ہے۔ اس سرزمین سے انہیں دلی اُنس تھا۔ یہ انکے ازلی اور ابدی محبوب سمّو کا وطن تھا۔ اس سرزمین میں جیسے مست نے اپنے دونوں جہان پالئے ہوں۔ کوئی تعجب نہیں کہ ان پہاڑوں پر آج بھی حضرت مست کے نقش پا کندن کی طرح دمک رہے ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ اس علاقے میں سرشار محبت جسقدر پھرا ہے۔ شاید ہی کبھی کوئی اور شخص یہاں تک آیا گیا ہو۔ مست جہاں دم لینے کیلئے بیٹھتے وہاں پتھر چن چن کر مضبوط صورت میں اپنے ہاتھ سے مسجد بناتے۔ ہر جگہ مری علاقے میں انہوں نے اپنے دست مبارک سے کئی مسجدوں کے نشانات بنائے تاکہ ہر آنے جانے والا آپ کے نقش سفر کو دیکھ سکے۔ مری علاقے کے گرد و نواح کا چکر لگاتے وقت آپ کی آنکھیں سمّو کی قیام گاہ کی طرف مرکوز رہتیں۔ اور ہر سفر کے بعد ملاقات فرض تھی۔ سمّو کا قیام بھی ایک جگہ نہ ہوتا۔ جہاں کہیں پانی اور ہریالی دیکھی، وہاں خیمہ نصب کیا۔ اور ریوڑ چرایا۔ پھر وئی قبیلہ کا ہی مالدار چلا آتا ہے۔ جہاں کہیں سمّو کا قیام ہوتا مست بھنورے کی طرح آمنڈلاتے۔ اور اپنی مرضی کے مطابق کچھ دن ٹھہرتے۔ سمّو کا خاوند آپ کی خاطر و تواضع میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھتا۔ اسلئے کہ آپ کی بزرگی کی دھاک اب بیٹھ چکی تھی۔ اور لوگ پیروں کی طرح ماننے لگے۔

سیر و سیاحت

تمام عمر مست کی سیر و سیاحت میں گزری۔ اگر انہیں بلوچستان کا ابن بطوطہ کہا جائے تو مبالغہ نہ ہوگا۔ جہاں کہیں جاتے چندے قیام کرتے۔ پھر عازم سفر ہو جاتے۔ ہر وقت ان کے پاؤں گردش میں تھے۔ اسی سیر و سیاحت کے دوران ایک دفعہ کاہان سے تھرا تھانی آئے۔ اور وہاں سے لہڑی پہنچے۔ اور سردار سہراب خان ڈومبکی کے ہاں مہمان ہوئے۔ ڈومبکی سردار نے مست

کی نہایت گرمجوشی کے ساتھ آؤبھگت کی۔ دو دن کے بعد آپ قصبہ مَثل تشریف لائے۔ جو لہڑی سے ۸ میل شمال مغرب کی جانب واقع ہے۔ یہاں آپ میر محمد خان گشکوری کے ہاں مہمان کی حیثیت سے رونق افروز ہوئے میزبان گشکوری قوم کے سردار کے چھوٹے بھائی تھے۔ یہ ایک بلوچی زبان کے بلند پایہ صوفی شاعر تھے۔ میر محمد خان گشکوری ۱۸۸۰ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۲۰ء میں ۴۰ برس کی عمر میں وفات پائی۔ یہاں دو دن مست نے گزارے۔ تمام گشکوری قبیلے کے افراد اور معتبرین باادب جوق درجوق مست کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ تمام دن مجلس گرم رہی۔ مست میرِ مجلس کی حیثیت سے سب کی نگاہوں کا مرکز تھے۔ سردیوں کا موسم تھا رات کے وقت باہر قالین بچھائے گئے۔ آگ جلائی گئی اور قریب ہی ایک طرف ایک خوبصورت رنگین چارپائی بستر سے آراستہ کی گئی۔ میر محمد خان نے حضرت مست سے عرض کیا: "اوپر بستر پر تشریف رکھیں" آپ نے جواب دیا "نہیں"۔ اس پر سمو بیٹھے گی" تھوڑی دیر کے بعد مست نے ایک خالی کٹورا مانگا۔ اور بستی سے جنوبی جانب قریب کے پہاڑ کی طرف چل دیئے۔ کچھ دیر بعد کٹورا دودھ سے بھرا ہوا لائے۔ جب آپ سے دریافت کیا گیا تو فرمایا "یہ دودھ سمو کے ریوڑ ہرنیوں کا ہے" دو گھونٹ کٹورے سے نوش کرنے کے بعد فرمانے لگے کہ "یہ بچا ہوا دودھ سمو کی سہیلیوں میں تقسیم کر دو"۔ دودھ حرم خانے میں پہنچا دیا گیا سب نے ذرا ذرا سا تبرک کے طور پر پیا۔ رات کا کھانا تیار ہوا۔ دُنبے کے بلوچی کباب کے بڑے بڑے گوشت کے ٹکڑے دسترخوان پر چن دیئے گئے۔ آپ نے اصرار کیا کہ "سمو کا حصہ کہاں ہے"۔ عرض کیا گیا کہ "حضور ہی سمو کا حصہ نکالیں"۔ آپ نے ایک نرم گوشت کا ٹکڑا پسند کیا۔ اور فرمایا "یہ سمو کی سہیلیوں کو پہنچا دو"۔ گوشت حرم خانے

بھجوا دیا گیا۔ کھانا تناول فرمانے کے بعد آپ نے میر محمد خان گشکوری کو کچھ شعر سنانے کیلئے ارشاد کیا۔ چنانچہ انہوں نے اپنی بلوچی زبان میں لکھے ہوئے شعر سنائے۔ جن میں جنگ احد کا ذکر تھا۔ شعر سننے کے بعد آپ محمد خان سے مخاطب ہوئے۔ "کیا در حدیث آپ اس جنگ میں موجود تھے؟ انہوں نے کہا "نہیں" آپ نے فرمایا" .... میں نے اس جنگ میں صحابہ کرام کے ساتھ شانہ بشانہ تلوار چلائی ہے" بعد میں ساری رات آپ نے اپنے شعر سنائے۔ جو ان کی ازلی محبوبہ کے تعریف میں لکھے۔ مجلس رات بھر گرم رہی۔ صبح ہوئی مست کہنے لگے" در حدیث تم کسی اور راہ پر رواں ہو۔ میری راہ کچھ اور ہے۔ شاعری کا حق جام درک نے ادا کیا ہے۔ انہوں نے آگ سلگائی۔ اور ہم خالی راکھ پھونک رہے ہیں کچھ دیر بعد مست رخصت ہوئے اور سبی کی راہ لی۔ جلال خان گشکوری ہمراہ سفر ہوا۔ سبی پہنچکر آپ نے وہاں کے پرانے قلعے کا رخ کیا۔ اور اس قدیم و عظیم مشہور قلعے میں داخل ہو گئے۔ سردار اعظم میر چاکر رند بلوچ ۴۵۰ برس قبل سبی پر حکمران تھا۔ مست نے میر چاکر اعظم کے دیوان خانے اور اس کی قدیم قیام گاہ۔ رندوں کے دربار اور نشستوں کی جگہیں جلال خان کو دکھائیں۔ آپ نے ہر چیز اس انداز سے دکھائی۔ جیسے آپ امیر چاکر اعظم کے زمانے میں موجود تھے قلعہ دکھاتے ہوئے اہم سے اہم اور معمولی سے معمولی بات بتاتے جا رہے تھے۔ بعد ازاں شام کے وقت شمالی سمت سبی کے جنگل کا رخ لیا۔ جب جنگل کے وسط میں پہنچے، تو ایک بڑے درخت کے نیچے آکر ٹھہر گئے۔ اور کہنے لگے کہ" اس درخت کے نیچے جو دعا مانگی جائے گی درگاہ باری تعالیٰ میں مستجاب ہوگی"۔ آپ جنگل سے نکل کر آگے چلے گئے۔ جلال خان نے موقعہ پاکر رخصت چاہی۔ اور دوبارہ اس درخت کے پاس آنکلا۔ اب کیا دیکھتا ہے۔ کہ درخت اپنی جگہ سے

غائب ہے۔ مایوس ہو کر جلال خان واپس آیا۔ اور تمام عمر پچھتا تا رہا کہ کاش وہ اُس وقت دعا مانگتا جب مست نے دعا کیلئے کہا تھا۔ دوسرے دن خبر پہنچی کہ مست تلی میں قیام پذیر ہیں۔ تلی سبی سے ۱۰ میل مشرق کی جانب واقع ہے۔ یہاں ایک دن قیام کرنے کے بعد آپ کاہان کی طرف روانہ ہو گئے۔ ہر سفر کے بعد آپ کا سمو سے ملنا از حد ضروری تھا۔ یہ ایک فریضہ تھا جس کو ادا کئے بغیر آپ کو چین نہ آتا تھا۔

چالیس برس کی عمر میں مست ولایت کی منزل پر پہنچ چکے تھے۔ اور ساتھ ہی سمو کو اسی رنگ میں رنگ لیا۔ سمو کے ہاں کچھ دن چین سے گزار کر آپ کاہان سے ہوتے ہوئے جنتلی پہنچے۔ اور وہاں سے بیلا لیج کے راستے ڈیرہ بگٹی تشریف لائے۔ یہ قصبہ بگٹی سردار غلام مرتضیٰ کی رہائش گاہ تھی۔ آپ سردار موصوف کے ہاں ایک سال قیام پذیر رہے۔ ایک دن بگٹی تمندار نے عرض کیا " مست میں آپ کی کیا خدمت کر سکتا ہوں "۔ بے اختیار آپ نے فرمایا " غلام مرتضےٰ میں سمو کے ساتھ شادی کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ تم میرے ساتھ بگٹی شہسوار اور گانے بجانے والے میراثیوں کو روانہ کرو۔ کچھ مال مویشی بھی ساتھ کر دو۔ تاکہ شادی کی دعوت کا انتظام ہو سکے "۔ غلام مرتضےٰ نے آپ کیلئے بہترین ملبوسات تیار کرائے۔ اطلس کے جوڑے تیار کرائے اور زیورات بھی بنوائے۔ غرض نہایت شان و شوکت سے بگٹی سردار نے ان دونوں کی شادی کی تیاری شروع کر دی۔ اور چند ہی دن میں سردار غلام مرتضےٰ نے شادی کا ساز و سامان، پوشاکیں اور کافی تعداد میں دُنبے مست کی خدمت میں پیش کر دیئے۔ بگٹی شہسوار اپنے گھوڑوں کو سجا کر اور بندوقوں اور تلواروں سے لیس ہو کر حضرت مست کی برات ڈیرہ بگٹی سے مری علاقے کی طرف روانہ ہوئی۔ اپنے علاقے میں پہنچکر ایک پہاڑ کے دامن میں ڈیرہ جمایا۔ یہ

پہاڑ ڈیرہ بگٹی اور مری علاقے کے بالکل بیچ درمیان واقع ہے. مراثیوں نے خوب لہک لہک کر مست کے سہرے گانے شروع کئے. ڈھول اور شہنائیوں کی آوازیں پہاڑوں میں گونج رہی تھیں. اس وادی کا ذرہ ذرہ اور پتہ پتہ خوشی سے پھولا نہیں سما رہا تھا. کیونکہ آج مست نے اس وادی کو یہ عزت اور سرفرازی بخشی. گانے بجانے کے وقت آپ ایک طرف ہو کر بیٹھے رہے. ادھر دنبے ذبح کئے گئے. اور آپ نے تھوڑی دیر کے بعد پرشوق لہجے میں بگٹیوں سے مخاطب ہو کر ارشاد فرمایا. کہ "دیکھو وہ سمو کے دنبے بیٹھے ہوئے ہیں. ان میں سے ایک دنبہ لے آؤ اور ذبح کر ڈالو!" انہوں نے نظر دوڑائی. تو وہاں کچھ پہاڑی سیاہ کوّوں کا غول بیٹھا تھا. ان میں سے ایک آگے بڑھا. تو سب کوّے اڑ گئے. سوائے ایک کے جو بیٹھا رہا. اسے پکڑ لائے. مست کے کہنے پر انہوں نے اسکو ذبح کیا. سمو مست سے ڈیڑھ سو میل دور تھی. اور یہاں مست اس کے بغیر اکیلے شادی رچا رہے تھے. سمو کی بغیر حاضری میں شادی کی رسمیں خوب دھوم دھام سے ادا کی گئیں. نہ سمو کو اپنی شادی کی خبر تھی. اور نہ اس کے پھرزئی قبیلے والوں کو اور یہاں مست شادی کا میلہ لگائے بیٹھے تھے.

جب شادی کی تمام رسمیں پوری کر لیں. تو آپ نے بگٹیوں کو حکم دیا. کہ واپس ڈیرہ بگٹی چلے جائیں. اور اپنے سردار کو مطلع کریں. کہ شادی با اہتمام منائی گئی. اس کے بعد آپ پھیلجی کی طرف روانہ ہوئے اور کھیری قبیلے کے سرکردہ افراد کے ہاں قیام کیا. ایک سال حضرت اس علاقے میں گھومتے رہے. اور یہاں کا چپہ چپہ حضرت کے قدم مبارک سے فیض یاب ہوا. حضرت نے اپنے شعروں میں اس کا ذکر کیا ہے!

چیرے داں کا چھوڑ گیا فینا
شہ کھیری ءَ باغیں کھوڑاں

کوچھوؤ بازاری رِندی جداں
رِندی دور مانسڑیں بوکگے دیثیں
آف ذاں سالے ءُ شریک بیثا

ترجمہ :-

ہم لوٹے آباد کھنی کی طرف
کبھی قبیلہ کی شاداب ندیوں کی جانب
کبھی علاقے کی آباد سرحدوں پر
میں نے رندوں جیسا ایک مالدار قبیلہ دیکھا
ایک برس تک میرا آب و دانہ ان کے ساتھ رہا

اس کے بعد آپ کاہان کے راستے سے پھر رستانی پہاڑ کی وادیوں میں داخل ہوئے، اور قدرت کی رنگینیوں سے لطف اندوز ہوتے رہے۔ وہاں مریوں سے پتہ چلا کہ سمو کا قبیلہ بارکھان کی طرف چلا گیا ہے۔ آپ بھی بارکھان کیلئے چل کھڑے ہوئے۔ وہاں پہنچتے ہی معلوم ہوا کہ سمو رکھنی کے قریب وجرا میں اپنا خیمہ نصب کئے ہے۔ رکھنی کی طرف قدم پیما ہوئے۔ اور آخر سمو کو وہاں پا لیا۔ جو عروسی ملبوسات وزیورات آپ کے پاس تھے وہ سمو کی خدمت میں پیش کئے۔ مگر غالباً شادی کے راز کو مخفی رکھا۔ اس بار بھیروی قبیلے والوں نے آپکی طرف نہ کوئی خاص توجہ دی اور نہ آؤ بھگت کی۔ کچھ روکھے سوکھے رویے سے پیش آئے۔ غالباً وہ لوگ اسلئے ناراض تھے۔ کہ سمو کے بارے میں جو شعر آپ نے کہے تھے، وہ شہرہ آفاق ہو گئے تھے۔ اور اس کو لوگ بد نامی کا باعث سمجھنے لگے تھے۔ مست ان کے ترش رویئے سے سخت دلگیر ہوئے۔ اور ایک جگہ اپنے شعر میں انہوں نے بھیروی قبیلے والوں کو بد دعا دی۔

زیانز و بھیروئی آں بخ ائیناں
بھونند حیران دَو وحرام مینیاں

ترجمہ:۔ نقصان میں ہیں بزدل بھیروئی
جو اپنی بستی میں حیران اور بخیل ہیں۔

بھیروئی کافی مالدار قبیلہ ہے۔ ان کے پاس بھیڑیں، بکریاں اور اونٹوں وغیرہ کے گلّے کے گلّے ہوتے ہیں۔ مری کے بجارانی قبیلے میں سب سے مالدار بھیروئیوں کی شاخ ہے۔ یہ قبیلہ بہترین چراگاہوں میں اپنا ریوڑ لے جاتا ہے اور کافی مال میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ لیکن مست کی بددعا کے بعد سے یا تو اِن کا مال چوروں کے نصیب ہوتا ہے۔ یا کوئی وبا پھوٹ پڑتی ہے۔ یا درندوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اور بھیروئی قبیلے کو اپنے مال سے کچھ نصیب نہیں ہوتا۔ مست کے وقت سے لیکر اب تک بھیروئی قبیلہ اپنا مال وغیرہ کے منافع سے نامراد ہے۔ بھیروئیوں کی بدسلوکی اور بدظنی کو ہمیشہ آپ نفرت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ اور کبھی ان سے خوش اسلوبی سے پیش نہیں آئے۔ ایک جگہ اپنی ایک غزل میں چند شعروں ارشاد فرماتے ہیں:۔

دو سریں پشل بادوے بگڑائیناں
بھیروئی آنی جڑتاں اڑائیناں
سمّی و مست ءِ سیر گھتائیناں

ترجمہ:۔ میں دو سروں والی لمبی قینچی (جس سے دنبوں کی پشم کاٹتے ہیں) بنواؤں۔ اور بھیروئیوں کے زانوئیں اٹکا کر انھیں کاٹ ڈالوں (پھر) سمّی اور مست کی آپس میں شادی کر جاؤں۔

یہ اُس مجذوب بلوچستان کی بددعا کا اثر ہے۔

اس سے قبل مست نے بلوچی علاقے، سندھ، پنجاب اور ڈیرہ جات کی سیاحت مری علاقہ سے باہر بہت کم

دوسرے بلوچی علاقوں میں قدم رکھا تھا۔ لیکن جب مست پھرویوں سے دل برداشتہ ہوئے۔ آپ بارکھان کو خیرباد کہہ کر کوہلو تشریف لے گئے اور وہاں سے ماوند کے راستے سے ہوتے ہوئے سبی پہنچے۔ یہاں ایک دن قیام فرما کر ڈھاڈر کا رخ کیا۔ جو درہ بولان کے دہانے پر سبی کے مغرب کی جانب سترہ میل دور واقع ہے۔ درہ بولان کی وادیوں میں سمو کے فراق کی گھڑیاں گزارتے۔ کرتہ کی خاک پر قدم رنجہ ہوئے۔ جو قدیم بلوچی شعروں میں یہ مقام "جبلگہ" کے نام سے موسوم ہے۔ یہ ایک سرسبز آباد وشاداب وادی ہے۔ یہاں بے حد دلکش قدرتی مناظر ہیں جتنے بھی درہ بولان کے پانی کے قدرتی چشمے ہیں۔ یہ سب یکجا ہو کر کرتہ بستی کے پہاڑ کے دامن سے درہ بولان کی ندی سے نکل جاتے ہیں۔ یہاں اور جنگلات کے کھجوریں بہت ہیں۔ جنگلی شکار کرتہ کے پہاڑوں میں کثرت سے پایا جاتا ہے۔ یہاں کا موسم سردیوں میں بہار کا پیغام لاتا ہے۔ یہ وادی بنگلانی قبیلے کے بلوچوں کا مسکن ہے۔ مست کے ہمراہ کچھ ان کے ساتھی بھی تھے۔ جو اپنے محبوب مجذوب کی خدمت میں مصروف رہتے تھے۔

جس وقت مست کرتہ پہنچے رات نے اپنی سیاہی سے جہاں کو ڈھانپ لیا تھا۔ آپ نے کھوسہ قبیلے کے ایک معزز شاعر کے ہاں اپنا ڈیرہ جمایا چار دن حضرت نے یہاں قیام کیا۔ درہ بولان کے دور دراز علاقوں سے خانہ بدوش قبیلے آپ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ مست کے دل ودماغ اور رگ رگ میں سمو سمائی ہوئی تھی۔ بار بار سمو کے شعر سناتے آپ کا تکیہ کلام سمو تھی۔ بات بات پر سمو کا نام آپ دہراتے۔ دوران قیام جمعہ کا دن آیا۔ آپ نے کہا: "آج میں نماز پڑھاؤں گا:" آپ پیش امام کی جگہ کھڑے ہوئے۔ صفیں باندھی گئیں۔ نہ کوئی خطبہ پڑھایا گیا، اور نہ کوئی وعظ ہوا۔ حضرت رخ بہ کعبہ کھڑے ہوئے۔ اور "اللہ اکبر" کہا

صف بہ صف بہ طرح لوگ پیچھے کھڑے ہوئے تھے۔ کچھ لمحوں کے بعد منہ پچھلی جانب پھیر کر فرمانے لگے "یہ نماز نہیں ہوئی میں نے جس طرف منہ کیا ستو کو اس طرف نہیں پایا۔" اس کے بعد آپ نے شمال کی طرف منہ پھیر دیا اور فرمانے لگے کہ "اب اس طرف منہ کر کے نماز پڑھیں گے چنانچہ اسی طرف منہ کر کے کھڑے ہو گئے۔ پھر تھوڑے وقفے کے بعد منہ پھیر کر ارشاد ہوا" یہ نماز بھی غلط رہی اس سمت بھی ستو کا پتہ نہیں" تمام صفوں کو جنوب کی جانب آراستہ کیا گیا۔ چنانچہ اس جانب بھی مایوسی کے عالم میں وہی فقرے آپ نے دہرائے۔ آخر مشرق کی جانب صفوں کا رخ پھیر دیا گیا اور آپ امام بنے فرمانے لگے "میں نماز نہیں پڑھتا۔ تم جانو تمہارا کام۔ ستو مجھے کسی جانب دکھائی نہیں دی۔" آپکا قبلہ ستو ہی تھی۔ اسے سامنے پاتے تو راہ نوردِ دشت جنون خون جگر سے وضو کر کے نماز عشق ادا کرتے۔ بالآخر اور لوگوں نے اپنی نماز امام مسجد کے پیچھے ادا کی۔ آپ کرتہ سے اپنے ہمسفروں کے ساتھ درّہ بولان کے رستے کولپور کے قریب دشت گونڈین جا پہنچے۔ جا تمتان اور مسکینوں کا گروہ آپ کے شریک سفر تھا۔ دشت گونڈین سے آپ جنوب کی جانب مرو کی طرف روانہ ہوئے۔ جو کہ کولپور کی جنوبی سمت تیرہ میل کے فاصلے پر ہے۔ ایک رات وہیں قیام کیا۔ اور وہاں سے اسپلنجی پہنچے۔ جو بنگل زئی قوم کے سردار کی قیام گاہ ہے۔ اسپلنجی کی گھاٹیوں اور وادیوں سے گزرتے ہوئے جوہان کے راستے کوہ ماران کی بلندیوں پر نشیمن جمایا۔ جو منگوچر بستی کی مشرقی جانب واقع ہے۔ اس پہاڑ میں دو ہفتے قیام کرنے کے بعد آپ نے قلات کا عزم کیا۔ اور میر نصیر خان دوئم والیٔ قلات کے دربار میں آ پہنچے۔ آپ نے ایک شعر میں میر نصیر خان دوئم کے خلافت کی تعریف کی ہے۔ یہاں سے

سہاراوان کے پہاڑوں سے ہوتے ہوئے قصبہ جرہان کے راستے
رو بدار سے بارڑی پہنچے۔ اور وہاں....... پھر رند قبیلے کے لوگوں نے
آپ کو دعوت دی۔ کچھ دن قیام کے بعد بی نانی پہنچے اور پھر
ڈھاڈر تشریف لائے۔ ڈھاڈر سے آپ جنوبی جانب سنی اور شوران
کی طرف روانہ ہوئے۔ کافی بلوچ حضرات آپ کے شریک سفر تھے۔
سنی اور شوران میں رند قبائل کے شرفا نے آپ کو اپنے ہاں کچھ دن
مہمان رکھا۔ آپ کی شان میں کئی مجلسیں منعقد کی گئیں۔ شعراء اور صوفیوں
کا جم غفیر آپ کی زیارت کیلئے حاضر ہوا۔ ایبرجاکر اعظم کے دور کے شعر
آپ کو سنانے لگے۔ چاروں طرف سے مشتاق لوگ فوج در فوج اور موج
در موج جمع ہونے لگے۔ شوران کا چھوٹا قصبہ چند دنوں کیلئے ایک مرکز
ادب بن گیا۔ سردار خان تمند اور رند نے بیش بہا تحفے تحائف بطور
عقیدت خدمت عالی میں پیش کئے۔ یہ سب آپ کی محبوبہ سمو کی امانت
تھے۔ شوران کے قریب قدیم زمانے کے سات بزرگوں کی ایک جگہ
قبریں ہیں۔ ان کو ہفت ولی کہتے ہیں۔ غالباً یہ سات بزرگان دین ان
عرب غازیان اسلام میں سے ہوں گے جنہوں نے اس علاقے کو
آج سے ۱۳۵۰ برس قبل فتح کیا تھا۔ آپ ان کی زیارت کے لئے گئے۔
اور واپس شوران آئے۔ شوران سے آپ بھاگ تشریف لائے علاقہ
کچھی کی یہ شاداب۔ زرخیز زمین مویشیوں کی بہترین چراگاہ چلی آتی ہے
اور اس علاقے میں مہیری قبیلے کے لوگ کثرت سے آباد ہیں جو اونٹوں
کے بڑے بڑے گلے رکھتے ہیں۔ چونکہ ناڑی ندی کے کنارے ہمیشہ
سبزہ رہتا ہے۔ اور گھنے جنگل ہیں۔ اسلئے مہیری قبیلے کے لوگ اپنے
جانوروں کو اسی جگہ چراتے ہیں۔ حضرت مست کو اس جگہ کا منظر
غالباً بہت پسند آیا۔ ایک شعر میں یوں ارشاد فرماتے ہیں۔

دوست منی جوان نئیں گوں ہیس گلی مڑداں
بیتیں گوں آں دُر گوشیں مہیری آں

ترجمہ:: میرا دوست نہیں جچتا بھیڑوں والے چرواہے کے ساتھ.
کاش وہ کانوں میں سونا ڈالنے والے مہیروں کے ہمراہ ہوتا.

بھاگ سے آپ کا قافلہ گنداوہ کیلئے جس کو عربوں نے دقندابیل لکھا ہے، روانہ ہوا. گنداوہ کے قریب ایک میل جنوب کی جانب فتح پور کے اجڑے ہوئے قصبے میں ایک رات آپ نے گزاری۔ یہ مقام قدیم بلوچی دور کا ایک مشہور قصبہ ہے. پندرہویں صدی میں یہ شہر عیدو رند قبائل اور لاشاریوں کا مرکز رہا ہے. فتح پور سے آپ جھل پہنچے. وہاں آپ نواب قیصر خان تمندار مگسی کے مہمان رہے. نواب مگسی نے پرانی روایات کے مطابق اپنے عالی قدر مہمان کا نہایت پرتپاک استقبال کیا. دن کو آپ کی شان میں نواب صاحب نے ایک مجلس منعقد کی. حضرت مست ایک شاہانہ انداز سے میانِ محفل شانِ محفل بنے بیٹھے تھے. تمام حاضرین کی نگاہیں آپ پر جمی تھیں. آخر میں آپ نے اپنی غزل سنائی. غزل پڑھتے وقت لوگوں نے بے تحاشا داد دی - اور بے اختیار آپ کے دست مبارک کو بوسہ دیا. سارا دن محفل آرائی میں گذرا. رات کے وقت آپ نے تنہائی چاہی. آپ مہمان خانے کے باہر ایک آراستہ پلنگ کے قریب ایک قیمتی قالین پر تنہا بیٹھے رہے سامنے آگ جلتی رہی، تمام رات آپ جذب وسُکر کی حالت میں رہے. اور صبح ہوتے ہی نواب صاحب سے رخصت چاہی. سفر کی تیاری شروع ہوئی. اونٹوں پر سامان لادا گیا. نواب صاحب نے آپ کی مجبوری سفر کیلئے تحفے پیش کئے. حضرت نے قبول فرمائے. اور کچھ دیر بعد کاروان لہڑی کیلئے روانہ ہوا. تھوڑی دور تک نواب صاحب

بھی آپ کے ساتھ پیدل چلے۔ لیکن حضرت نے انہیں رخصت کر دیا۔ جھل سے ۲۰ میل دور رات کے وقت ایک کھلے میدان میں کیمپ لگایا گیا۔ رات وہیں قیام کیا۔ آپ کے شریکِ سفر تو سو گئے۔ لیکن آپ ذکر و فکرِ الٰہی میں مشغول ہو گئے۔ آدھی رات کے وقت چور آئے اور آپ کا سامان اٹھا کر چل دیئے۔ کہا جاتا ہے کہ کچھ دور جانے کے بعد ان کے ساتھ ایک عجیب واقعہ پیش آیا۔ جب قدم آگے بڑھاتے تو سب کی بینائی چھن جاتی۔ اور جب حضرت مست کی طرف منہ پھیرتے یا قدم بڑھاتے تو بینائی لوٹ آتی۔ آخر لاچار ہو کر وہ چور سامان سمیت حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور آپ کے قدموں پر گر پڑے۔ غلطی کی معافی مانگی۔ اور سارا سامان سامنے رکھ دیا۔ اس واقعہ کے بعد حضرت نے اپنے ایک شعر میں کچھی علاقے کے بلوچوں کی بابت کچھ اس طرح اظہارِ خیال فرمایا۔ آپ فرماتے ہیں:۔

کچھی لوا شوشنیں بلوچ
کسی دِلء درماں نیاں

ترجمہ:۔ کچھی کے لُو اور تپش سے جلے ہوئے بلوچ
کسی دل کے زخموں کا مرہم نہیں ہیں

آپکا معمول تھا کہ آپ اٹھتے بیٹھتے یا چلتے وقت دائیں بائیں جانب سرِ مبارک پھیر کر توُم توُم کہتے۔ چنانچہ سفر میں بھی چلتے چلتے آپ ہر وقت یہی الفاظ دہراتے رہتے۔ دوسرے دن علی الصبح آپ کا قافلہ لہڑی کی طرف روانہ ہوا۔ وہاں آپ سردار شہراب خان ڈومکی کے مہمان رہے۔ کافی دن آرام فرما کر آپ لہڑی سے بھر افغانی کے رستے کاہان پہنچے۔ لہڑی میں آپ نے اپنے ساتھیوں کو رخصت فرمایا۔ لیکن چند افراد پھر بھی آپ کے ساتھ رہے۔ کاہان سے آپ زستانی

پہاڑ کا رخ کیا، جہاں اکثر سمو کی قیام گاہ ہوا کرتی تھی۔ پہاڑوں کی وادیوں سے ہوتے ہوئے مست سمو کے ہاں پہنچ گئے۔ اور جو تحفے تحائف دوران سفر میں آپ کو ملے تھے۔ وہ سب آپ نے سمو کے حوالے کر دیئے اس مرتبہ بھی پھردنی قبیلے کے لوگوں نے مست سے سخت بے توجہی اور بے اعتنائی برتی اور ہر چھوٹے بڑے نے مست کو ستانے کی کوشش کی۔ ادھر سمو بیچاری بھی اپنے قبیلے کی عورتوں کے طعنوں کا شکار رہتی ہوتی تھی۔ ہر عورت اس کا مذاق اڑاتی اسے بدنام کرتی۔ غرض سمو کی زندگی اجیرن ہو کر رہ گئی تھی چنانچہ مست جب اسکے گھر آئے۔ تو اس نے بھی پہلی جیسی گرمجوشی نہ دکھائی جس سے مست کو بہت صدمہ ہوا۔ اور انہوں نے اپنے اس رنج کا ان الفاظ میں اظہار کیا۔

ہا کھنو مہلیخ مئنی دِل ہمبال ءَ مزیر
زیرے ہمبال ءَ پٹھنتے سیلانی پھقیر

ترجمہ:۔ راضی بہ رضا ہو چاند کو شرمانے والی محبوبہ میرے دل کی آہیں نہ اٹھا۔
اگر آہیں اٹھاؤ گی۔ تو تمہیں سیلانی فقیر بددعا دینگے۔

ایک اور جگہ پر بھی اپنے شعر میں یہی شکوہ کرتے ہیں۔

سمو بولوڈماں زہرین ءَ دیثون
چھے مرادے کہ بو لکھا نندان

ترجمہ:۔ سمو کے طور طریقوں سے مجھے بیگانگی اور غم و غصے کی بو آرہی ہے
الیسی صورت میں اپنے قبیلے میں رہنے سے کیا فائدہ۔

اس واقعہ کے بعد مست بے حد ناراض ہوئے۔ اور وہاں سے چلے جانے کا قصد کیا۔ اور تہیہ کیا۔ کہ پھر کبھی سمو کے ہاں نہیں آئیں گے۔ سمو کو اس کا احساس ہوا۔ مست نے جانے کی تیاری کی مگر سمو نے جلدی

سے مست سے اُن کے ہتھیار اور سامان چھین کر فرطِ محبت سے ان چیزوں کو اپنے سینے کے ساتھ لگالیا۔ ستمو کو ایسے محسوس ہوا۔ جیسے برسوں کی پیاس بجھ گئی ہو۔ ان چیزوں کو سینے سے لگانے سے کچھ عجیب سی کیفیت اُس پر طاری ہو گئی۔ مست اس واقعہ کو اس حسین انداز میں اپنے شعر میں بیان کرتے ہیں:۔

جھٹ کھاں ستمو زیری مے سنجان
داری گون بھتی میں دل مندان

ترجمہ:۔ جھپٹ کر ستمو نے میرے ہتھیار اور زادِ راہ چھین لئے
اور فرطِ محبت سے انہیں اپنے پیاسے دل کے ساتھ لگالیا

ستمو کے بے حد اصرار پر مست نے کچھ دن اور وہاں قیام کیا۔ مگر جنونِ عشق نے آپ کو اور زیادہ قیام نہیں کرنے دیا۔ دوبارہ آپ نے اپنے سرہٹی پہاڑوں کا رخ کیا۔ اور ستمو کو الوداع کہی۔ اب عشق کی آخری منازل طے کرنیکا وقت آیا۔ گذشتہ بزرگانِ دین کے درباروں میں روحانی فیض حاصل کرنیکا آپ نے قصد کیا۔

روحانی فیض آپ ستمو سے رخصت لیکر لہڑی کی طرف روانہ ہوئے۔ لہڑی پہنچتے ہی آپ دُرخان براہمانی کے گھر تشریف لے گئے۔ ان سے مست کا بہت پیار تھا، اور اکثر آپ کے ساتھ تمام سفروں میں یہ شریک رہے۔ اگر ان کو حضرت مست کا سیکریٹری کہا جائے۔ تو بے جا نہ ہوگا۔ آپ کے زندگی کے زیادہ حالات اور غزلیں دُرخان کے ذریعے ہی دستیاب ہوئے ہیں۔ لہڑی سے بھلیجی ہوتے ہوئے آپ نے قلندر شہباز کی زیارت کے ارادے سے سہوان شریف کا راستہ لیا۔ انگریزوں نے کچھ عرصہ قبل سندھ میں ریل گاڑی کی آمد و رفت کا راستہ قائم کیا تھا۔ دُرخان براہمی

کی روایت کے مطابق جب وہ شکارپور کے قریب ایک جنگل میں پہنچے تو حضرت نے ایک درخت سے ایک لمبی ٹہنی توڑی اور اس کو اپنے کندھے پر رکھ کر روانہ ہوئے۔ جب انہوں نے دریافت کیا کہ یہ ٹہنی کس مقصد کے لئے لی گئی ہے۔ تو فرمانے لگے "یہ سمّو کے خیمے کے کام آئے گی" چنانچہ بقول ان کے حضرت مست ایک برس تک یہ لکڑی اپنے کندھے پر رکھ کر پھرتے رہے۔ اور اسے بڑی احتیاط سے رکھتے تھے۔ سہوان شریف سے کچھ اسٹیشن دور ایک عجیب و غریب واقعہ پیش آیا، جو آگے چل کر بیان کیا جائیگا۔ آپ نے سہوان شریف میں کئی ہفتے قیام کیا۔ قلندر شہباز کی صحبت میں انہوں نے روحانی گتھی سلجھائی۔ اسی دوران آپ نے سمّو کو بھی ولایت کی کئی منازل طے کرائیں۔ قلندر شہباز سے رخصت ہو کر آپ کراچی کیلئے روانہ ہوئے۔ اُن دنوں انگریزوں نے یہ شہر نیا نیا بسایا تھا۔ کراچی شہر کے گرد و نواح میں کئی بزرگان دین کے مزارات پر تشریف لے گئے۔ ایک ہفتے کے قریب آپ نے یہاں قیام فرمایا۔ اور اس اثنا میں ایک معمر ہندو سادھو آپ سے ملنے آیا۔ جو اپنی عبادت و ریاضت میں مشہور تھا۔ سادھو نے حضرت سے کچھ اُلٹی سیدھی راز کی باتیں پوچھیں۔ حضرت سادھو سے سخت برہم ہوئے۔ اور اس کو اپنی مجلس سے نکال دیا۔ کراچی سے واپسی پر آپ ٹھٹھہ پہنچے۔ یہاں مخدوم جہانیاں سید جلال کے دربار مبارک میں حاضری دی۔ کچھ دن ٹھٹھہ میں قیام فرمایا۔ وہاں کئی قدیم بزرگان دین کی زیارت کی۔ یہاں سے حیدرآباد کے راستے سکھر پہنچے۔ وہاں سے آپ شکارپور اور کندھ کوٹ پہنچے اور جعفرخان رند کے ہاں قیام فرمایا۔ جن سے آپ کے گہرے مراسم چلے آتے تھے۔ میر جعفرخان آپ کو اپنے گاؤں لے گئے۔ جیکب آباد علاقے کے تمام شائقین آپ سے ملنے آئے۔ کچھ دن جعفرخان رند کے ہاں دھوم دھام رہی۔ اتنے

میں نواب امام بخش خان مزاری کو حضرت کی تشریف آوری کا پتہ چلا۔ نواب صاحب نے اپنے خاص آدمی حضرت کے پاس روانہ کئے حضرت اپنے میزبان سے رخصت ہو کر روجھان نواب صاحب کے ہاں رونق افروز ہوئے۔ نواب صاحب نے بڑے اہتمام سے حضرت کو خوش آمدید کہی اس سے قبل بھی آپ کا اکثر ان کے ہاں آنا جانا تھا۔ نواب مزاری کی تعریف آپ اپنے ایک شعر میں یوں فرماتے ہیں:۔

میر امام بخش پھڑیں رندہ
درست ایں پہ تعلیماں بلوچیاں
مہتراں دو رماں ءِ مزاریا

ترجمہ:۔ میر امام بخش خان خالص رند[1] ہے
بلوچی روایات سے خوب واقف اور انکا پابند ہے۔
دیگر سرداروں کے مقابلے میں میر امام بخش آسودہ حال سردار ہے

آپ کا یہ سفر نہایت طویل تھا۔ کافی عرصہ بیرونی علاقوں کا سیر و سفر رہا۔ اس عرصے میں حضرت مست نے سمو سے کوئی ملاقات نہیں کی۔ اور نہ مری علاقے کا رخ کیا۔ سمو بے حد مغموم رنجیدہ اور اداس رہنے لگی۔ ہر وقت اس کے دل و دماغ اور خیالات کی دنیا پر مست چھائے رہتے۔ ہر وقت کھوئی کھوئی رہتی۔ کوئی گم شدہ شے تھی۔ جو وہ ڈھونڈنے پر بھی پا نہ سکتی تھی۔ اس کی نگاہیں ہر وقت ان راہوں، وادیوں اور پگڈنڈیوں پر جمی رہتیں، جہاں سے مست اس سے ملنے آتے تھے۔ سمو کیلئے جدائی کی گھڑیاں طویل ہوتی چلی گئیں۔ اور وہ ماہی بے آب کی طرح مست کے فراق میں تڑپنے لگی۔ ہر آہٹ

---

[1] رند ایک مشہور قبیلے کا نام ہے۔ میر چاکر اعظم بھی اسی قبیلے سے تعلق رکھتے تھے۔ انہوں نے سبی دبلوچستان) پر کئی سال حکمرانی کی۔

اور ہر آواز پر چونک پڑتی. کہ شاید مست تشریف لائے ہوں. فراق نے اس کی راتوں کو بے خواب بنا دیا تھا. یہ پہلا موقع تھا. کہ سمو کو اپنے عاشق ازلی کی عدم موجودگی کا اس طرح احساس ہوا تھا. فراق کی گھڑیوں نے اسے درد و کرب میں مبتلا کر دیا. اور دل کی گہرائیوں میں محبت نے چٹکیاں لینے شروع کر دیا تھا.

دوجھان سے حضرت ہر بند و داجل کے رستے درینشگ اور گورشانی بلوچ سرداروں کے مہمان رہے. ڈیرہ جات کے قبائل سے رخصت ہو کر آپ ڈیرہ غازیخان تشریف لائے. یہاں سے آپ نے حضرت قطب العاقبین سخی سرور کے دربار مبارک میں حاضری دی. حضرت سخی سرور کا دربار مبارک فورٹ منرو کے پہاڑوں کی پچھلی جانب ڈیرہ غازیخان سے جنوبی جانب پانچ میل کے فاصلے پر واقع ہے. اس دربار میں مست اکثر تشریف لایا کرتے تھے. اور کافی روحانی فیوض سے فیض یاب ہوئے تھے. یہاں چند ہفتے قیام کے بعد آپ عازم ملتان شریف ہوئے. ملتان پہنچ پر حضرت قطب الاقطاب غوث بہاؤ الحق اور خواجہ خواجگان حضرت شمس سبزواری کے مزار مبارک پر کافی عرصہ گذارا. ملتان سے آپ اوکاڑہ کے قریب ست گھرا پہنچے. جہاں کہ بلوچوں کا امیر اعظم میر چاکر خان رند اپنی ابدی آرام گاہ میں مدفون ہے. چند دن یہاں رہ کر آپ لاہور تشریف لائے. اور وہاں سے دہلی کی طرف قدم بڑھائے. دہلی کی چہل پہل رونق نے حضرت مست کو مرغوب کیا. جس کا ذکر آپ اپنے شعر میں بھی بیان کرتے ہیں. ایک دن آپ کا گذر جیل خانے کے قریب سے ہوا. آپ کا ارادہ ہوا. کہ جیل خانے کی سیر کی جائے. چنانچہ آپ دروازے کے اندر داخل ہوئے. تو سپاہیوں نے جکڑ لیا. بہت شور و تقاضے کے ساتھ آپکو چند دن سپاہیوں نے جیل خانے میں رکھا. آپ کو اپنی تنہائی کا شدت سے

احساس ہوا۔ اور اس کا شکوہ غزل میں بیان فرماتے ہیں۔ جن سے آپ کے گہرے مراسم تھے۔ ان سب کا ذکر ایک کر کے اپنے شعروں میں یاد کرتے تھے مگر کاش وہ ہوتے تو ان کالی وردی جیل کی پولیس کے سپاہیوں کے ساتھ اچھی طرح نمٹ لیتے۔ آپ فرماتے ہیں:-

ہکل سہ ڑا یا یزیدانی
دھکو دھوڑایان لہو رانی
گوں نیناں ہچہ مری آن ئی
مہراللہ خان شہداد شیرانی

ترجمہ: وہاں ظالم سپاہیوں کا شور وغل تھا
اور بدمعاشوں کی پکڑ دھکڑ بھی
میرے ہمراہ کوئی مری نژاد آدمی نہ تھا
(یعنی) مہراللہ خان (سردار مری) تھے نہ شہداد شیرانی

دہلی سے آپ واپس ہوئے۔ اور یہ آپکا سفر تین ماہ کا رہا۔ اس کے بعد آپ پھر اُسی راستے سے واپس ہوئے۔ اور دوبارہ ڈیرہ غازی خان پہنچے۔ نواب جمال خان لغاری نے چوٹی میں اپنے گھر حضرت مست کو مدعو کیا۔ اور آپ نواب موصوف کے یہاں رہے۔ جمال خان آپ کے کافی معتقد تھے۔ ضلع ڈیرہ غازیخان کے تمام بلوچ سرداروں میں سے نواب جمال خان کو مست نے اپنی نوازشوں سے نوازا۔ ایک دن نواب موصوف نے عرض کی، کہ آپ میرے لئے دعا فرمائیں۔ مست نے کوئی جواب نہیں دیا دوسرے دن پھر نواب صاحب نے اصرار کیا۔ مست نے جواب دیا، میں سمو کو عرض کروں گا۔ تمہارے لئے دعا کرے آئیے میرے ساتھ چلیں" چنانچہ مست نواب صاحب کو قریب کے پہاڑ میں لے گئے۔ ایک وادی میں آ کر ٹھہرے۔ رات کا وقت تھا۔ آگ جلائی گئی۔ مست آگ کے

پاس تشریف فرما تھے. آپ نے نواب صاحب کو دور ایک ٹیلے پر بٹھایا
اور کہا" اب سمو آئے گی تم دعا مانگنا." کچھ دیر کے بعد نواب صاحب
نے دیکھا، کہ ایک کبوتر نما پرندہ اڑتا ہوا بڑی تیزی کے ساتھ آپکے سامنے
آکر بیٹھ گیا. جس سے بے پناہ سرخ نورانی کرنیں پھوٹ رہی ہیں. اور
آنکھیں دو روشن ستاروں کی طرح جگمگا رہی تھیں. ان نورانی کرنوں کی روشنی
کے سامنے آنکھیں چندھیا رہی تھیں. ہیبت کے مارے نواب صاحب کا
تمام بدن کپکپانے لگا. زبان گنگ ہو گئی. زبان سے ایک لفظ کہہ نہ سکے.
تھوڑی دیر کے بعد وہ پرندہ اپنی روشنی فضا میں بکھیرتا ہوا پرواز کر گیا. نواب
صاحب بے ہوش ہو گئے تھے. ہوش میں آئے. تو وہاں کچھ نہ پایا. نواب
موصوف مست کے پاس پہنچے. آپ نے دریافت کیا" کیا دعا مانگی"
انہوں نے سارا ماجرا بیان کیا. مست نے کہا" میں کیا کروں سمو اس انداز
آئی کہ تم کچھ کہہ نہ سکے." اس کے بعد دونوں لوٹ آئے. جمال خان نے
مست کی خدمت میں کافی بیش بہا تحفے سمو کیلئے دیئے. نواب صاحب
سے رخصت ہونے کے بعد آپ ڈیرہ غازیخان تشریف لائے. یہاں اچانک
آپ کی ملاقات بہار خان مری سے ہوئی. انہوں نے حضرت کو سمو کے
سلام پہونچائے. اور سمو کی پریشانی کی کیفیت بیان کی. آپ نے واپس اپنے
علاقے کی طرف جانے کا ارادہ کیا. حضرت اس کا ذکر اپنے اشعار میں بھی
کرتے ہیں.

ذہی بہار خان مان جھتر غازیئھا
بیا کہ ٹرذبی پرھتر امانیں !!
بیاتھئی دوست دھیل پھیٹا میں
ستل بو سہر جہم پریشا میں

ترجمہ:۔ کل بہارخان[1] مجھے راستے میں گھومتے پھرتے مل گئے۔ انہوں نے مجھ سے کہا۔ کہ تمہاری غیرت اور جواں مردی کو کیا ہو گیا ہے۔ ستمل تمہاری محبت میں بے تاب ہے۔ اس نے تمہیں محبت بھرے سلام بھیجے ہیں۔ تمہیں کیا پتہ کہ اس کی سرخ ڈوروں والی آنکھیں تمہاری کس بے چینی سے راہ دیکھ رہی ہیں۔

دوسرے دن آپ نے ڈیرہ غازیخان اور بلوچستان کے درمیانی سرحدی پہاڑوں کا رخ کیا۔ ان پہاڑوں میں سفر کرتے ہوئے آپ اچانک ایک جگہ رک گئے۔ اور اپنے ساتھیوں کو حکم دیا۔ کہ وہ آرام کریں اور تھوڑی دیر میں تشریف لائینگے۔ آپ پہاڑ کے نچلے حصے کی طرف تنہا اتر گئے۔ کیا دیکھتے ہیں۔ کہ ڈھلوان کے نیچے ایک درویش کا بیل بیٹھا ہوا ہے۔ اور کوئی چیز گھوٹ رہا ہے۔ قریب پہنچ کر مست نے اوپر سے آواز دی۔ اور یہ شعر کہا۔

ڈے مناں بھنگ دا ہڑ گوشیں پھقیر!

توش کھناں بھنگاں ایر کھناں ستمو بھر زہیر

ترجمہ:۔ اے اونٹ جیسے لمبے کان والے فقیر! مجھے بھی بھنگ کا ایک پیالہ دو۔ تاکہ میں اسے پی کر ستمو کے فراق کے دکھ بھول جاؤں۔

درویش نے فوراً اوپر نگاہ اٹھائی۔ اور مست کی طرف گھورا۔ اور مست کی ولایت سلب کر لی۔ مست نے فوراً محسوس کر لیا۔ اور دوبارہ اُسی وقت فرمایا:۔

ڈے مناں بھنگ دا بہو دا پھقیر

توش کھناں بھنگاں ایر کھناں ستمو دا زہیر

---

[1] بہارخان قبیلہ بجارانی کے سومرانی شاخ سے تعلق رکھتے تھے۔ اور اکثر موقعوں پر حضرت مست کے ساتھ سفر میں ساتھ رہے ہیں۔

صرف پہلے مصرعے میں مست نے "ہر گوش" کے بجائے بیہو کا
اضافہ کیا۔ بیہو ضلع ڈیرہ غازی خان میں تونسہ شریف کے قریب ایک
پہاڑ کا نام ہے اتنا کہنے کی دیر تھی، کہ مست کو اپنی سلب کی ہوئی ولایت
واپس مل گئی۔ اس کے بعد نیچے اتر آئے۔ اور فقیر کے پاس آکر بیٹھ گئے۔
اس درویش کامل نے نہایت شفقت اور نرمی سے مست کو کہا، کہ اس
وسیع دنیا میں اللہ پاک کے درجہ بدرجہ عاشق ہیں۔ ہر ایک کے سر
پر قدم نہیں رکھنا چاہیئے" درویش نے بھنگ پی اور بچی ہوئی تلچھٹ
مست کو دی۔ مست نے احتجاج کیا، کہ انہیں زیادہ کیوں نہیں دی
درویش نے فرمایا" تم پہلے ہی معرفت سے بھرے ہوئے ہو۔ خالی
جگہ تھوڑی سی ہے یہ تلچھٹ اس کمی کو پورا کرے گی"۔ مست نے
وہ تلچھٹ پی۔ اور آپ کی ولایت میں چار چاند لگ گئے۔ اسکے
بعد مست نے نظر دوڑائی۔ تو درویش غائب تھا۔ آپ اپنے ساتھیوں
کے پاس آئے۔ اور ان سب نے پہاڑوں کا رخ کیا۔ راہ میں چلتے
چلتے ایک جگہ مست کو معلوم ہوا۔ کہ ایک بہت بڑی بزرگ ہستی
پہاڑ کے اندر اعتکاف نشین ہے۔ چنانچہ آپ نے اپنے ساتھیوں
کو ایک جگہ بٹھا دیا۔ خود پہاڑ کی نچلی طرف چل دیئے۔ اس غار
میں داخل ہوئے جہاں وہ بزرگ کامل تشریف فرما تھے۔ مشہور
یہ تھا کہ ان صاحب ولایت ہستی نے غار سے باہر قدم نہیں رکھا۔
پہنچتے ہی آپ نے سلام عرض کیا۔ اور وہیں ان کے قریب بیٹھ گئے۔
تین دن گذر گئے۔ نہ خود اس بزرگ نے کچھ تناول فرمایا۔ اور نہ مست
کو کچھ دیا۔ تین دن ایسے ہی گذر گئے۔ آخر بھوک کے مارے مست
نے کچھ کھانے کی خواہش کی۔ آپ نے درویش سے عرض کیا، کہ وہ بھوکے
ہیں۔ درویش کامل نے اپنا ہاتھ ڈیرہ غازی خان کی ایک دوکان

کی طرف بڑھایا۔ اور دوکان سے مٹھی بھر بھنے ہوئے چنے اٹھا لئے اور مست کو دیئے۔ آپ نے چنے لیکر کہا " آپ نے اپنا ہاتھ تو اس انداز سے بڑھایا تھا۔ کہ ڈیرہ غازیخان کا شہر اٹھا لائیں گے۔ لیکن لائے آپ صرف چنے۔" بزرگ نے کہا " تمہاری قسمت میں یہی تھے۔" آپ نے چنے کھا لئے۔ ان کے کھاتے ہی آپ کو احساس ہوا۔ کہ کئی روحانی منازل طے ہوگئیں۔ اس بزرگ سے رخصت ہو کر چند دن کی مسافت کے بعد آپ اپنے ساتھیوں سمیت جاندران پہاڑ کی وادیوں میں آ نکلے۔ یہ پہاڑ حضرت مست کا پسندیدہ پہاڑ رہا ہے۔ جاندران کی گھاٹیوں سے اتر کر آپ کوہلو پہنچے۔ اور وہاں سے سمو کا سراغ لگانا شروع کیا۔ کافی عرصے کے بعد ان دونوں فراق کے ماروں کا ملاپ ہوا جتنے تحفے تحائف ملے تھے مست نے سمو کے قدموں پر ڈال دیئے۔ مست نے اپنے سفر کے تمام حالات سمو کو بتائے اور سمو سے کہنے لگے "میں نے بزرگوں کے درباروں میں تمہاری روحانیت کیلئے دعائیں مانگی ہیں۔" مست کی آمد پر سمو کا دل خوشی سے سینے میں سما نہیں رہا تھا۔ اس نے اپنے دونوں جہاں پالئے تھے۔ سمو کے اصرار پر مست نے دو ہفتے ان کے ہاں گزارے۔ اس سے پیشتر آپ نے کبھی اتنا قیام سمو کے ہاں نہیں کیا تھا۔ حضرت کی قسمت میں آرام اور چین گھڑی بھر کیلئے بھی نہ تھا۔ سارا دن پیدل سفر کرنا۔ اور رات کو جاگنا ان کا معمول بن چکا تھا۔ سمو سے رخصت ہو کر آپ دوبارہ ڈیرہ غازیخان کی طرف روانہ ہوگئے۔ وہاں پہنچنے کے بعد تونسہ شریف ہوتے ہوئے بھوپہاڑ میں داخل ہوئے۔ اور وہیں کافی دن قیام فرمایا۔ اسی اثنا میں آپ کے بھائی بیبرک نے ماشرک بند کے مقام پر خودکشی کر لی۔ آپ کے قبیلے والوں نے سردار گزین خان تمندار مری کو اطلاع دی۔ کہ

Scanned with CamScanner

مست کی غیر موجودگی میں یہ دل شکن سانحہ پیش آیا ہے۔ سردار گزین خان تمندار مری خود ایک صاحب ولایت شخصیت تھے۔ انہوں نے ایک خط مست کے نام لکھوایا۔ اور وہ خط سردار موصوف نے ہوا میں پھینک کر ارشاد فرمایا۔ "جا فوراً مست کے پاس جا پہنچ"۔ عام روایت کے مطابق حضرت مست کے سامنے وہ خط آن کی گود میں آ گرا۔ اور آپ نے کھول کر دیکھنا شروع کیا۔ اور آپ پر خط کی ساری کیفیت عیاں ہو گئی۔ چنانچہ اسیوقت آپ وہاں سے روانہ ہوئے۔ اور کئی سو میل کا فاصلہ اپنی روحانیت کے طفیل چند گھنٹوں میں طے کر کے اپنے گھر پہنچے حضرت اس واقعہ کو اپنے شعر میں بیان فرماتے ہیں:۔

کاغذ آختہ ہزاریں لکھ دیر ٹھاں
پیرک موت گون تی گزین سلام

ترجمہ:۔ ایک کاغذ آیا ہزاروں لفظوں کے ساتھ
پیرک کی موت کی خبر کے ساتھ گزین (سردار مری) کے سلام تھے

ماتڑک بند پہنچتے ہی تجہیز و تکفین کا بندوبست کیا۔ آپ کے مرحوم بھائی سرود بجانے کے دلدادہ تھے۔ حضرت نے بھائی کے گھر کا سارا سامان خیرات کر دیا۔ بجز اُس سرود کے جو وہ بجایا کرتے تھے۔ آپ نے وہ سرود لے کر کوہ جاندران کے قریب کوہ کھڑی کی ایک اونچی ڈھلان کے درمیان جہاں اس سرود کو کوئی چھو نہیں سکتا۔ رکھ دی۔ چنانچہ آپ ایک شعر میں اُس کا ذکر فرماتے ہیں:

پیرک آنھو ئی کوہ کھڑی ءَ من ایر کھتاں
بلے وجینا کھر گزدل گوش کھناں

ترجمہ:۔ پیرک کی سرود کو میں پہاڑ کھڑی پر رکھتا ہوں
فرشتے اُس کو بجائیں گے۔ اور گدھے اس کی آواز پر کان دھریں گے۔

چنانچہ آج تک ہر جمعے کی رات کو اُس سرود کی لطیف آواز پہاڑوں میں گونجتی ہے۔ اور بہت سے لوگ اس آواز سے لطف اندوز ہوتے ہیں مری قبائل کے بہت سے لوگ اس واقعے کی تصدیق کرتے ہیں۔ آپ کو اپنے بھائی کی وفات کا بے حد شدید صدمہ ہوا۔ اب اس دنیا میں آپ تنہا رہ گئے تھے۔ یہاں کچھ دن اس بے بسی کے عالم میں رہ کر آپنے اپنے آبائی گھر کو تمام عمر کیلئے خیر باد کہا۔

مضطرب فطرت نے پھر آپ کو سفر کیلئے مجبور کیا۔ ماشرک بند سے آپ سمو کے ہاں تشریف لائے۔ کچھ دنوں کے بعد آپ نے اپنی محبوبہ سے رخصت چاہی۔ اور اپنا سامان وعصا سنبھال کر کوٹ منڈائی کی وادی کی طرف رُخ کیا۔ کوٹ منڈائی کی شاداب وادی میں کچھ دن گزارے۔ یہاں ایک شخص مری قوم کا آپ کے ساتھ شریک سفر ہوا! اس معمر مری فرد کے اپنے قول کے مطابق اسے کوڑھ کی مہلک بیماری تھی۔ یہ مرض اس کی ہڈیوں تک پہنچ گیا تھا۔ اور ہڈیاں بھی گل چکی تھیں۔ سارے بدن سے بدبو اور عفونت آتی تھی۔ کوئی علاج اُسکا کام نہ آیا۔ زندگی کی مایوس گھڑیاں اس کے لئے بوجھ بن گئی تھیں۔ سارے حیلے کئے۔ لیکن سب رائیگاں یہ شخص حال ہی میں مرا ہے۔ اس کا کہنا ہے۔ کہ وہ مست کے ساتھ کوٹ منڈائی سے روانہ ہوا۔ مست بالکل تنہا تھے۔ اور کوئی ہمرکاب نہ تھا۔ مست نے اپنا پیچھا چھڑانے کی کافی کوشش کی۔ لیکن اُس نے دل میں ٹھان لی۔ کہ اس ہستی کے ساتھ رہ کر اپنی شفا کیلئے دعا کراؤں گا۔ چنانچہ وہ مست کے پیچھے ہو لیا۔ کئی دن رات یہ دونوں چلتے رہے۔ راستے میں خانہ بدوش بلوچوں کے مہمان ٹھہرتے رہے۔ تھوڑا قیام کرتے۔ پھر سفر شروع ہو جاتا۔ کوڑھی مریض رات کو تھکاوٹ سے چور ہو کر لیٹا رہتا۔ مست حسب معمول اپنی عادت کے مطابق کچھ پتھر جمع کرتے اور بیضوی شکل کی صاف زمین پر

مسجد کی طرح محراب بناتے۔ تمام رات مسجد میں آپ گزارتے۔ بالآخر درّہ بولان کے وسط سے ہوتے ہوئے جلوگیر[1] کی پہاڑی کے دامن میں پہنچے۔ سورج نے اپنی منزل طے کر آدد سے پہاڑوں کے پیچھے اپنا بسیرا کیا۔ اور رات نے دنیا کو اپنے آبنوسی آغوش میں لے لیا۔ دونوں بید تھکے ماندے تھے۔ مست نے اپنا ڈیرہ یہاں جما لیا۔ کوڑھی ساتھی کا دم بھوک کے مارے نکلا جا رہا تھا۔ مست کے کہنے پر مریض سے پتھر جمع کئے۔ اور دونوں نے مل کر ایک محراب بنائی۔ حضرت محراب میں تشریف فرما رہے۔ اور ہمسفر مریض قریب آ کر لیٹ گیا۔ اور اپنے اوپر باریک چادر تان لی۔ رات کے اندھیرے کو چودھویں کے چاند نے اپنی گود میں لے لیا۔ اور چاروں طرف ٹھنڈی چاندنی کی روشنی پھیل گئی۔ کافی دیر کے بعد مریض کو کچھ ایسا محسوس ہوا۔ کہ اوپر آسمان میں زبردست چھینا کا ہو رہا ہے۔ اور کوئی چیز آسمان کی بلندیوں سے نیچے کی طرف آ رہی ہے۔ اب اس کے کانوں میں باتوں کی آواز صاف سنائی دینے لگی۔

---

[1] کرتہ کے مغربی جانب پانچ میل کے فاصلے پر موجودہ درنجن تھلنے کے قریب درّہ بولان کے وسط میں ایک پہاڑی شمالاً مشرقاً واقع ہے پہلے زمانے میں یہ ڈاکوؤں کی قیام گاہ تھی۔ جو درّہ بولان سے آنے جانے والے قافلوں کو لوٹ لیتے تھے۔ اسلئے اس کا نام جلوگیر رکھا گیا ہے جس کا مطلب ہے "حفاظتی دستوں کو پکڑنے والا" یہ ایک تاریخی مقام ہے ۱۴۸۶ء میں جلوگیر کے مقام پر سندھ کے حکمران جام نظام الدین عرف جام نندہ سمہ اور شاہ بیگ ارغون کے درمیان لڑائی ہوئی۔ جام نندہ نے دریا خان عرف مبارک کو اپنی فوجوں کی سرکردگی سونپی۔ ارغون مغلوں کا سپہ سالار خود شاہ بیگ ارغون بادشاہ قندھار تھا۔ ارغون فوج کو شکست ہوئی۔ کئی حملہ آوروں کے علاوہ ابو محمد ارغون بھی مارا گیا۔ (تاریخ بلوچ قوم بلوچستان" مصنف ایم ایس۔ خان بلوچ صفحہ ۲۶)

گویا حضرت کسی سے ہمکلام ہوں۔ وہ اپنی چادر اوڑھے سب کچھ سن رہا تھا۔
دوران گفتگو اسے معلوم ہوا۔ کہ مست سمّو سے ہمکلام ہیں۔ اور حضرت ان
سے کہہ رہے ہیں۔ "آج میرا کھانا تم دیر سے لائی ہو؟" مریض تحیر میں پڑ گیا۔ کہ
وہ کہاں اور سمّو کہاں۔ حضرت سمّو سے مخاطب تھے۔ کہ یہ ایک بدبخت
میرے ساتھ ہے۔ اور کافی تنگ کر رکھا ہے۔ اس کے لئے کھانا علیحدہ رکھ دو
اور دعا کرو۔ کہ اس کی یہ کوڑھ کی بیماری دور ہو جائے۔" وہ مریض یہ سن کر
چپ چاپ پڑا رہا۔ اس نے اپنی باریک چادر سے دیکھا۔ کہ مست اپنا
کھانا کھانے میں مشغول ہیں۔ اور سمّو وہاں سے سرک کر اس کی طرف آئی۔ اور
اپنے دوپٹے کے ایک کونے کو پکڑ کر اس کے پاؤں سے لیکر سر کی جانب تک
پھیرا۔ مریض نے یہ محسوس کیا۔ کہ جیسے اس کا بدن ٹھنڈے برف کے سمندر
میں ڈوبتا جا رہا ہے۔ وہ بے حس پڑا رہا۔ تھوڑی دیر کے بعد مست کھانا
تناول فرما چکے۔ پھر سمّو سے باتیں کرنے لگے۔ آخر مست نے سمّو کو رخصت
دی کہ وہ جا کر اپنے بچوں کی خبر گیری کرے۔" مریض نے اپنی باریک چادر
سے دیکھا۔ کہ سمّو نے کھانے کے برتن جمع کئے۔ اور ہوا میں اڑ گئی۔ اور دیکھتے
ہی دیکھتے آسمان کی بلندیوں میں غائب ہو گئی۔ اس کے غائب ہوتے ہی
مست نے اپنے ساتھی کو آواز دی۔ "اٹھو کھانا کھاؤ"۔ کانوں میں آواز
پڑتے ہی وہ اٹھ بیٹھا۔ اب اس کے بدن پر بیماری کا نام و نشان تک نہیں
تھا۔ اس نے کھانا کھایا۔ اور دوبارہ اپنی جگہ پر جا کر سو گیا۔ مست ساری
رات جاگتے رہے۔ صبح سویرے سورج نکلنے کے بعد سفر کی تیاری شروع
ہوئی۔ مریض نے دیکھا کہ اس کے جسم کی کھال خود بخود اترتی جا رہی ہے۔ جیسے
سانپ اپنی کینچلی اتارتا ہے۔ اسے محسوس ہوا۔ جیسے اس نے دوبارہ جنم لیا ہو
صبح مست مسکرا کر اس سے مخاطب ہوئے۔ اور کہنے لگے "دیکھا سمّو کی
دعا سے تم کیسے جلدی شفایاب ہو گئے۔" بعد ازاں اس نے تو حضرت سے

عرض کیا۔ کہ وہ دعا کریں۔ کہ اسکی روزی میں برکت ہو۔ حضرت نے اسکی رزق کی فراخی کی دعا مانگی۔ اس دعا کی برکت سے وہ شخص اپنے قبیلے کی مالدار ہستی سمجھا جانے لگا۔ ابتک اس کے خاندان والے بے حد مالدار اور دولتمند ہیں۔ کچھ دن بعد آپ نے اس کو رخصت کیا۔ کہ وہ اپنے گھر جائے۔ حضرت کے قدموں پر گر کر اس نے رخصت لی۔ اور خوشی خوشی گھر کی راہ لی۔ آپ اکیلے رہ گئے۔ اور ناگاؤ پہاڑ کی بلندیوں پر سفر کرتے کرتے کھیرتر پہاڑ کے میدانی علاقوں سے گذرتے ہوئے سیہون شریف کے پہاڑوں میں جا نکلے۔ یہاں سیہون شریف کا رخ کیا۔ حضرت شہباز قلندر علوندی کے دربار میں آپ نے سلامی دی۔ سیہون شریف سے جیکب آباد تشریف لائے۔ یہاں کھوسہ اور جکھرانی بلوچ سرداروں کے ہاں مہمان ٹھہرے قبائل کے سردار اور سرکردہ افراد نے آپکا نہایت گرمجوشی سے استقبال کیا۔ مہمان نوازی میں کوئی دقیقہ نہ اٹھا رکھا۔ ان سے رخصت ہو کر حضرت بخشہ پور تشریف لائے۔ یہ قصبہ گلوئی ڈومبکی قبیلے کے معتبر بخشا خان کی رہائش گاہ تھی۔ آپ بخشا خان کے مہمان خانے میں جلوہ گر ہوئے۔ بخشا خان نے گلوئی قبیلہ کے تمام معتبرین کو دعوت میں شریک کیا۔ بڑے اہتمام سے ہر ایک چیز مہمان خانے کی سجائی گئی۔ جہاں حضرت شمع محفل تھے۔ دن کے کھانے کا وقت ہوا۔ بلوچی کباب دیگر لوازمات کے ساتھ تیار کئے گئے۔ بڑے اہتمام سے کھانا چنا گیا۔ دن کے کھانے کے بعد بلوچی راگ گانے والے گوتے بلائے گئے۔ ان کو تاکید کی گئی۔ کہ وہ محفل میں حضرت مست کی غزلیں سنائیں۔ گانے بجانے کی محفل شروع ہوئی۔ جب کچھ اشعار انہوں نے کہے تو حضرت مست نے ان کو ٹوک دیا۔ اور کہنے لگے کہ "تم مستو کے راز اور غزلوں کو کیا جانو"۔ آپ پر ایک عجیب کیفیت طاری ہوئی۔ فرط محبت سے اپنی ایک غزل آپ نے خود سنائی۔ بعد ازاں گوتوں نے اور بلوچی گانے محفل میں گائے اور مست بلوچی گانوں کو شام تک سنتے رہے۔ رات کے وقت جب

کھانے کا وقت آیا تو میزبان نے عرض کیا "حضرت کھانا تیار ہے" حضرت بھری محفل سے یکلخت اٹھ کر فرمانے لگے ہیں سمو سے ملاقات کر کے ابھی آتا ہوں۔" یہ کہہ کر حضرت مہمان خانے سے باہر تشریف لے گئے بختاخان حیرت میں پڑ گیا کہ سمو کم وبیش ۲۵۰ میل یہاں سے دور اپنے پہاڑوں میں ہو گی۔ یہ بھلا کیسا ہو سکتا ہے۔ چنانچہ بختاخان اپنے دو نوکروں سمیت دبے پاؤں مست کے پیچھے پیچھے ہو لیا۔ حضرت قصبے کے قریبی میدان میں جا کر انتظار میں کھڑے ہو گئے۔ کیا دیکھتے ہیں کہ دفعتاً مست کے قریب ایک بجلی سی کوندی۔ اور ایک سرو قد عورت حضرت کے مقابل آکھڑی ہوئی۔ اور حضرت اس سے کہہ رہے تھے "سمو میں بلوچوں کی بھری محفل سے کھانا چھوڑ کر تمہاری ملاقات کیلئے یہاں آیا ہوں" تھوڑی دیر راز و نیاز کی باتیں کرتے رہے۔ اور پھر سمو دفعتاً غائب ہو گئی۔ حضرت واپس اپنے ٹھکانے کی طرف آئے۔ بختاخان یہ واقعہ دیکھ کر دنگ رہ گیا۔ اور واپس آکر یہ حیرت انگیز ماجرا انہوں نے اپنے گھر والوں کو سنایا۔ اور تصدیق کی کہ مست ایک حقیقی اور سچا عاشق ہے۔ انہوں نے اپنے تصرف اور توجہ سے سمو کو بھی ولی کے درجہ تک پہنچا دیا ہے۔ اس کے بعد کھانے کی تیاری شروع کی۔ آپ کے سامنے بلوچی روایات کے مطابق کھانا رکھا گیا۔ گلانی قبیلے کے معتبرین بھی دعوت میں شریک تھے۔ ساری رات مجلس گرم رہی۔ کئی حاجت مندوں، غریبوں اور مسکینوں نے اپنے حق میں دعائیں کرائیں۔ عقیدت مندوں نے آپ کی خدمت میں تحفے تحائف پیش کئے۔ صبح پھر سفر کی تیاری ہوئی۔ بختاخان نے آپ کی خدمت کیلئے کئی گلانی افراد ساتھ کر دیئے۔ ایک تیز رفتار اونٹ پر سامان لاد اگیا۔ آپ نے اپنا عصا اٹھایا۔ جانے کی تیاری کی۔ جاتے وقت ارشاد ہوا "سب دعا کیلئے ہاتھ اٹھاؤ" تین دفعہ حضرت نے زور سے پکارا۔ "رحم" "رحم" "رحم"

بس یہی دعا تھی۔ اور کاروان مست کشمور کی طرف چل دیا۔ اور روجھان جاکر قیام کیا۔ روجھان میں آپکے دیرینہ دوست نواب امام بخش خان مزاری کا مسکن تھا۔ نواب صاحب موصوف عرصے سے آپ کی تشریف آوری کے انتظار میں بیقرار تھے۔ اچانک آپکا روجھان تشریف لانا نواب صاحب کیلئے ایک رحمت الٰہی تھا۔ نواب صاحب کو جب آپ کے روجھان پہنچنے پر اطلاع ملی تو نواب صاحب آپکو اپنی بغل میں لئے ہوئے مہمان خانے میں لے آئے۔ گلوئی قبیلے کے خدمتگار جو آپ کے ساتھ تھے، انہیں ایک دن قیام کے بعد حضرت نے واپس جانے کی اجازت دے دی۔ ایک ہفتہ حضرت نے نواب مزاری کو اپنی نوازشوں سے نوازا۔ ایک دن آپ نے مسرت کے عالم میں نواب صاحب کو حکم دیا "کہ مہمان خانے کے دروازے کے سامنے دو کرسیاں آمنے سامنے سیمنٹ کی بنا دی جائیں۔ ایک کرسی سمّو کی ہوگی اور دوسری اُن کیلئے" چنانچہ اسیوقت حکم کی تعمیل کی گئی۔ یہ کرسیاں آج تک موجود ہیں۔

انہی ایام میں مری قبائل اور کھیترانوں کے درمیان کچھ کشیدگی ہوئی اور آپس میں مری قوم کے قبیلوں کے درمیان بھی کچھ لڑائی ہوئی۔ سمّو اور اسکے گھر والے دھر بلو میں اپنے خیمے نصب کئے ہوئے تھے۔ حالات ناساز اور خراب ہونیکی وجہ سے سمّو کے گھر والوں نے کھڑوئی کے چند اور قبیلے والوں کے ساتھ دھر بلو[1] کو خیر باد کہہ کر کچھی اور سندھ کے میدانی علاقوں کی طرف نقل وحرکت کی۔ حضرت کو معلوم ہوا۔ کہ سمّو سندھ آئی ہیں، تو افسردہ ہوئے۔ اور سمّو کو دعا دی۔

---

[1] ماوند کے قریب ایک پہاڑ ہے۔

دوست منی بھالوشاں شتا سِندھ ءَ
دیم پہ سولیں زیوراں داتی
تُول بھتغنشی شیفغیں بھونز
گوَاتانیں جنتھی نیں لواڑ گرہیں

ترجمہ:- میری محبوب ننگے پاؤں سندھ چلی گئی
اور اپنے چہرے کو آراستہ کیا نازک زیورات سے
نتھ اسکی چہرے کی سلائی جیسی سیدھی ناک میں گرم ہوتی ہوگی
خدا نہ کرے کہ کہیں گرمی اور لُو سے دوچار ہو۔

تھوڑے ہی عرصے کے بعد ستو اور ان کے گھر والے اپنے پہاڑوں میں لوٹ آئے۔ اور ان کے آنے کی خبر میر کرم خان بجارانی نے ست کو روجھان میں پہنچائی۔ حضرت نے نواب صاحب سے رخصت لی۔ اور قریبی بگٹی علاقے کے پہاڑوں میں ہوتے ہوئے پھیلاوغ آ پہنچے۔ بگٹی قوم کے مسوری قبیلے والوں نے حضرت کی دعوت کی۔ یہاں سے آپ اپنے علاقے میں داخل ہوئے۔ آپ کے ہمراہ چند مزاری قبیلے کے آدمی تھے۔ آپ نے انہیں واپس جانے کی اجازت دی۔ آپ کے ساتھ ایک اونٹ تھا۔ جس پر حضرت کا سامان لدا ہوا تھا۔ چند مری آپ کے ساتھ ہو لیے۔ ان میں ایک معمر شیرانی قبیلے کا فرد بھی تھا۔ اس کی روایت کے مطابق حضرت کا قافلہ جنتلی کے علاقے سے کاہان کے قریب کے پہاڑوں کی وادیوں میں ایک جگہ حضرت اپنے ساتھیوں سے دور نکل گئے۔ اور تیز رفتاری سے آگے ہی بڑھتے جا رہے تھے۔ عصا آپ کے ہاتھ میں تھا۔ آپ کے ساتھی آپکے پیچھے گرتے پڑتے آپ کے قدم مبارک کے نشانات دیکھتے پہاڑوں کی پگڈنڈیوں میں سے گزرتے ہوئے چلے جا رہے تھے۔ ایک پہاڑ کی

گھاٹی سے اتر کر حضرت نے ایک ندی کے درمیان کا راستہ لیا یہاں ندیاں اکثر خشک رہتی ہیں۔ صرف سیلاب کے وقت ان میں پانی ہوتا ہے۔ یہاں پہنچکر اپنے عصا کا ایک طرف کا سرا زمین پر ٹکائے ہوئے اور دوسرے سرے کو سینے سے سہارا دیئے ہوئے جھک کر ایک لئی کے درخت کے نیچے کھڑے ہوئے تھے۔ اتنے میں یہ لوگ بھی وہاں پہنچ گئے۔ تھوڑی دیر ستانے کے بعد آپ نے ارشاد فرمایا "سامنے کچھ دور چند عورتیں چشمے پر پانی بھر رہی ہیں۔ ان سے ایک کٹورا پانی مانگ کر لاؤ" اس شیرانی کے قول کے مطابق اس نے سامان سے کٹورا نکال کر اس ندی کا دامن پکڑ لیا۔ تھوڑی دور چلے جانے کے بعد اس نے دیکھا۔ کہ واقعی ایک چشمے کے قریب چند عورتیں کھڑی ہیں۔ اور پانی بھر رہی ہیں۔ اس نے کچھ دور فاصلے پر ٹھہر کر ان سے کہا۔ کہ ایک کٹورا پانی اسے بھر کر دیں۔ بلوچ عورتوں کا جہاں جمگھٹا ہو۔ وہاں غیر مرد پھٹکتا تک نہیں۔ اسلئے اس شیرانی نے دور کھڑے ہو کر پانی مانگا۔ چنانچہ ان عورتوں میں سے ایک دراز قد والی شوخ عورت آگے بڑھی اور حاکمانہ انداز سے کہنے لگی "کیا چاہتے ہو؟" اس نے جواب دیا حضرت مست طوق علی کیلئے ایک کٹورا پانی چاہیئے۔ وہ عورت سخت برہم ہوئی اور گستاخانہ لہجے میں بگڑ کر بولی "یہاں اس کے لئے پانی نہیں ہے۔ مٹی اور راکھ سے بھر کر یہ کٹورا اسے پلا دو" حضرت کا آدمی حیران و پریشان واپس لوٹ آیا۔ اور سارا ماجرا حضرت کو سنایا۔ آپ نے دوبارہ کہا جاؤ اس عورت سے کہو۔ "ستو بیلی" یعنی "ستو کا دوست" پانی پینا چاہتا ہے۔ اور اس عورت سے یہ بھی کہنا کہ ستو بیلی آج تمہارا مہمان ٹھہرے گا" وہ پھر ان عورتوں کی جانب روانہ ہوا۔ اور قریب جا کھڑا ہوا۔ پھر وہی عورت آگے بڑھی چنانچہ اس شیرانی نے مست کے کہے ہوئے الفاظ دہرائے۔ وہ عورت

کچھ رک کر بولی" میرا بچہ فوت ہو گیا ہے۔ اور ستمو بیلی نہیں آیا۔ جاؤ ستمو بیلی کو کہنا آج ہمارے ہاں ضرور مہمان ٹھہرے" اس عورت نے کٹورا اٹھایا اور اپنے ہاتھوں سے کٹورا بھر کر دیا۔ شیرانی اسی تذبذب کے عالم میں پانی لیکر مست کے پاس پہنچا۔ اور آپکو اس عورت کا پیغام سنایا۔ آپ نے مسکرا کر فرمایا" تم نہیں جانتے اسی کا نام تو ستمو ہے" پانی نوش فرما کر آپ وہاں تھوڑی دیر بیٹھے رہے۔ پھر فرمانے لگے" ستمو اب اپنے خیمے میں پہنچ گئی ہوگی۔ سامان اٹھاؤ اور چلیں" اور پھر یہ قافلہ مست ستمو کے خیمے کی طرف روانہ ہو گیا۔ ان کے پہنچنے سے پہلے ستمو اور اُس کے خاوند نے خیمے کے باہر اپنے محبوب و معزز مہمان کیلئے اونی رنگین دری بچھا دی۔ آپ تشریف لے آئے۔ آپ کے ساتھیوں کیلئے خیمے سے دور ایک طرف فرش بچھایا گیا۔ اور حضرت نے اپنی محبوبہ کے خیمے کے سامنے ڈیرہ لگایا۔ رات کو کھانا کھانے کے بعد آپ نے اپنے آدمیوں کو حکم دیا، کہ آپ کا سامان لائیں۔ سامان آپ کے سامنے رکھ دیا گیا۔ ستمو سامنے بیٹھی تھی۔ ایک ایک چیز نکال کر آپ فرط محبت سے ستمو کے ہاتھ میں تھماتے جاتے تھے۔ قیمتی چیزوں کا ایک انبار ستمو کے سامنے لگ گیا۔ ستمو نے دوران گفتگو مست سے کہا، کہ اِن کا جب بچہ بیمار ہوا، تو اس مصیبت کے وقت انہوں نے آپکو بہت یاد کیا اور پکارا۔ لیکن انہوں نے دستگیری نہیں کی" حضرت فرمانے لگے" ستمو میں تمہاری فریاد اور آہ وزاری سن رہا تھا۔ لیکن وہ ذات پاک واحد القہار ہے۔ اُس کے حکم کے سامنے کسی کی کیا مجال۔ جب ہم اور تم دائمی جدا ہوں گے۔ تو تم پر اور مجھ پر کیا بیتے گی۔ جب تک زندہ ہیں۔ اُس ذات پاک کا رحم چاہیئے۔ جب موت آئے گی۔ تب بھی رحم کے طلبگار رہیں گے "رحم"۔" رحم" تمام رات آپ اپنی محبوبہ سے ہمکلام رہے۔ صبح ہوتے ہی حضرت نے جانے کیلئے رخصت چاہی۔ مگر ستمو نہ مانی۔ آخر تین دن آپ نے

وہاں قیام کیا۔ چوتھے دن صبح یہ قافلہ عاشق کوہستان حسب معمول روبسفر ہوا۔ سمو کا دل و دماغ اور خیالات کی دنیا کو مست اپنے ساتھ باندھے لئے جا رہے تھے۔ اب ایک صرف جسم تھا جو خیمے میں سے ٹکٹکی باندھے مست کے قافلے کو دیکھ رہا تھا۔ گھڑے کا کام کاج یکسر چھوڑ کر ایک بت کی طرح اسکی نرگسی آنکھیں مست کے قافلے پر جمی ہوئی تھیں۔ جیسے جیسے مست کا قافلہ سمو سے دور ہوتا جا رہا تھا۔ سمو کی بے چینی اور اداسی بڑھتی جا رہی تھیں۔ جب تک اس کے محبوب کے قافلے کے گرد اسے نظر آتی رہی وہ دیکھتی رہی۔ جب قافلے کا گرد و غبار بالکل اسکی نگاہوں سے اوجھل ہو گیا تو پھر فراق کی آگ میں تڑپنے لگی۔ اور غزالی آنکھوں سے اشکوں کا سیلاب امڈنے لگا۔ اشکوں نے دل کے راز فاش کر دیئے۔ راستے میں مست نے اپنے ساتھیوں کو رخصت کیا۔ آپ تنہا رہ گئے۔ ایک برس تک مری کے اندرونی علاقوں میں آپ پھرتے رہے۔ کسی فرد واحد کو یہ معلوم نہ ہو سکا کہ آپ کا قیام مری کے کس علاقے میں ہے۔ کبھی بوادھ کی پہاڑیوں کی طرف کبھی پھڑ کے علاقے میں ڈیوا خان کے ہاں کبھی ڈور کاہان کی گھاٹیوں پر جا نکلتے۔ اکثر تنہائی کی حالت میں آپ پر جمود و تفکر طاری رہتا تھا۔ لوگوں سے کم بولنا کم ملنا اب آپکا معمول بن چکا تھا۔ آپ کے ایک برس کے حالات تاریکی میں پنہاں ہیں۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ آپ زہد و فکر اور دوسری روحانی منازل میں مسرور و مصروف تھے۔ اسی دوران کا ایک واقعہ ہمارے سامنے آیا ہے جو نواب محراب خان بگٹی مرحوم کی زبانی معلوم ہوا۔ جب ان کی عمر آٹھ برس کی تھی۔ ان کے والد نواب سر شہباز خان بگٹی کے سردار تھے۔ ان کی روایت کے مطابق مست مری کے پہاڑوں سے نکل کر ڈیرہ بگٹی کے قریب آئے۔ نواب محراب خان بیان کرتے ہیں۔ کہ وہ بگٹیوں کے محفل میں اپنے والد صاحب کے ساتھ بیٹھے تھے۔ کہ حاضرین میں سے

کسی نے دیکھا کہ دور سے ایک بگٹی دُنبے چرا رہا ہے۔ اور اس کے قریب کوئی شخص ایک ایسا بھاری پتھر جسے ہاتھی بھی آسانی سے ہلا نہ سکے۔ لڑھکاتا ہوا۔ ان کی طرف اس طرح بڑھا چلا آرہا ہے جیسے کوئی بچہ گیند سے کھیلے چنانچہ ان لوگوں نے نواب صاحب کی توجہ اس طرف مبذول کرائی اور انہوں نے ایک خادم کو حکم دیا کہ جاکر دیکھیے کہ یہ کون شخص ہے۔ کیا ماجرا ہے۔ اور اس آدمی کو ان کے پاس لائیں چنانچہ وہ خادم دوڑتا ہوا اُس آدمی کے قریب پہونچا اور دریافت کیا کہ وہ کون ہے اور یہ کیا کر رہا ہے۔ جواب میں اس نے کہا "میں طوق علی مری ہوں۔ اس ریوڑ والے بگٹی سے میں نے ایک دنبہ کباب کیلئے مانگا۔ دنبہ دینے سے اس نے انکار کیا اسلئے یہ پتھر میں بگٹیوں کو مارنے کیلئے لا رہا ہوں" اُس بگٹی نے احترام سے کہا کہ مست آپ تشریف لائیں۔ نواب صاحب آپ کو طلب فرما رہے ہیں۔ کباب کیلئے دنبے بہت ہیں چنانچہ آپ نے پتھر کو وہیں چھوڑ دیا۔ اور اس کے ساتھ ہو لئے۔ قریب پہونچنے پر نواب صاحب نے حضرت کو پہچان لیا۔ اور تمام بگٹیوں کے ساتھ اٹھ کھڑے ہوئے۔ اور استقبال کے لئے آگے بڑھے۔ مست کو گلے سے لگایا اور اپنے ساتھ لاکر جہاں خود بیٹھے تھے۔ گاؤ تکیے کا سہارا دیکر بٹھایا۔ بلوچی دستور کے مطابق حال احوال پوچھا گیا۔ خاطر تواضع کی گئی مہمانی میں بڑے اہتمام سے انتظام کیا گیا۔ دو دن ٹھہرے تیسرے دن نواب صاحب سے آپ نے ارشاد کیا کہ وہ ان قریب کی پہاڑیوں میں سیر کرنا چاہتے ہیں۔ اور اپنے ساتھ نواب صاحب کے لڑکے محراب خان کو بھی لے جانا چاہتے ہیں۔ نواب صاحب مست کا کہا ٹال نہ سکے مجبوراً لڑکا ساتھ کر دیا لیکن کچھ خدشہ محسوس ہوا۔ کیونکہ بگٹیوں اور مریوں میں دیرینہ دشمنی چلی آرہی ہے۔ مست محراب خان کا ہاتھ تھامے پہاڑ

کی طرف چل دیئے۔ اور غائب ہو گئے۔ تین دن تین رات پہاڑ میں غائب رہے۔ خراب خان بعد میں بیان کرتے ہیں کہ انہیں بدستور کھانا اور پانی ملتا رہا۔ نہ قریب کوئی آبادی تھی۔ اور نہ کھانا لانے والا نظر آتا تھا۔ یہ تین دن اسیطرح گزارے کہ آپ اسے اکیلا چھوڑ دیتے اور خود حضرت غائب رہتے اس عرصے میں نواب شہباز خان بڑے پریشان اور پشیمان تھے۔ کہ خواہ مخواہ انہوں نے لڑکا ایک مست دیوانے کے ساتھ کر دیا۔ ایسا نہ ہو کہ بچہ کھو جائے یا وہ مست کی طرح وہ بھی دیوانہ ہو جائے۔ چنانچہ نواب صاحب نے چوتھے روز چند بگٹی تلاش کے لئے روانہ کئے۔ مست اتفاقاً اسی دن آسی راستے سے خراب خان کو لیکر واپس آرہے تھے۔ راستے میں وہ بگٹی آن ملے۔ اور سب مل کر ڈیرہ بگٹی واپس آئے۔ نواب صاحب دیکھ کر بڑے خوش ہوئے مست فرمانے لگے "شہباز خان خراب کو دنیاوی لحاظ سے جو دینا تھا۔ دے چکا ہوں"۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ نواب خراب خان جیسا ذہین ہوشیار و مدبر و دولت مند و رعب و داب والا سردار شاید ہی بلوچ قوم میں پیدا ہو۔ حضرت مست نے دو ہفتے کے قریب ڈیرہ بگٹی میں قیام کیا۔ اسی اثنا میں نواب شہباز خان بگٹی اپنے مہمان خانے کے باہر بیٹھے ہوئے تھے۔ مست بھی نوابصاحب کے پہلو میں تشریف فرما تھے بہت سے بگٹیوں کے علاوہ کچھ بگٹی قبیلے کے شاعر موجود تھے۔ اور ساتھ ہی کچھ بلوچی شعر گانے والے مراثی بھی مجلس میں تھے۔ مراثیوں نے چند بلوچی غزلیں سنائیں۔ اور اسکے بعد بگٹی شعرا نے کچھ اپنے شعر سنائے جنمیں انہوں نے بگٹی قبیلے کی بہادری اور شجاعت کو سراہا۔ اور مری قوم کی تضحیک کی۔ اور ان کی ہجو میں شعر کہے۔ حضرت مست کو یہ بہت ناگوار گزرا۔ اور اسیوقت فی البدیہہ انہوں نے مندرجہ ذیل شعر

نواب صاحب وحاضرین کے سامنے بے دھڑک کہے۔

بے دھڑیں کوری بھتہ کمی پلّو سیاں تے
سندھ آں پار اگوں پھیقراں پھر مال تے
مرتضیٰ خان ءَ پہ زرو زوراں تنزار بھتغے
یک برے میر عالی توری آں اودار بھتغے
پیر زوراخ ءَ نبوی جھپا باں داشتغے
بھاولانزئی پہ گوانجہ برے باخ داتغے

ترجمہ۔ بے ٹھکانے والا اُجلا ہاتو کس کا ہم پلّہ اور برادری میں تھا۔
سندھ کے اُس پار تو فقیروں کے ساتھ راکھ ملے پڑا تھا۔
مرتضیٰ خان نے دولت وطاقت کے ساتھ تمہیں اٹھایا۔
ایک دفعہ میر عالی کے سپوتوں (رندوں) نے تمہاری دھجیاں اڑائیں
تیرا پیر (پیر شہری) کامل تھا۔ اُس نے تمہیں روکا۔ جیسے سیلاب کے وقت بند ٹوٹتے ہیں، تو پانی کو گھاس اور شاخیں وغیرہ دیگر روکتے ہیں۔
بھاولانزئی[1] نے تمہیں بُلا کر دوشیزہ شادی کیلئے دی ہے۔
نواب صاحب نے جب یہ محسوس کیا۔ کہ حضرت مست برہم ہوگئے ہیں۔ انہوں نے معذرت کی۔ اور مجلس برخاست کردی ایک دفعہ حضرت

ع[1] بھاولاں ولد دوست علی خان مری قوم کے سردار تھے۔ اور ان کا انتقال ۱۸۰۵ء میں ہوا۔ ان کی اولاد کو بھاولانزئی کہتے ہیں۔ ہیبت خان سردار بگٹی کو مری قوم کے سردار نے اپنی لڑکی بیاہ دی۔ اس واقعے کی طرف حضرت مست نے اشارہ کیا ہے کہ بگٹی قوم کو یہ عزت بھاولانزئی نے دی۔ ورنہ یہ اس قابل نہ تھے بعد میں بگٹی سردار ہیبت خان کو مریوں نے مار ڈالا۔

مست طوق علی ڈیرہ بگٹی تشریف لائے ۔ وہاں ایک چشمے پر ایک عورت کپڑے دھو رہی تھی ۔ اس نے آپکو آواز دی ۔ اور کہا بھائی مست آپ اپنے کپڑے اور پگڑی دھونے کے لئے دیں ۔ حضرت مست سوائے سمو کے کسی اور کو کپڑے دھونے کے لئے نہیں دیتے تھے ۔ کچھ دیر سوچنے لگے بعد فرمانے لگے ۔

ہر کداں قہرانی خدا مہرغ بیاری
گڈا دوست شودی گوں لیلویں دستان

ترجمہ :- جب وہ واحد القہار مجھ پر مہربان ہو
تب میرا دوست اپنے لیلی جیسے ہاتھوں سے میری پگڑی کو دھوئے گا

اس واقعہ کے چند دن قیام کرنے کے بعد حضرت مست سہری کے دربار میں زیارت کیلئے جا پہنچے ۔ ان کا مزار مبارک پہاڑ کی عین چوٹی کے اوپر واقع ہے ۔ بگٹی بالخصوص اور دیگر بلوچ بالعموم اسکو اپنا پیر مانتے ہیں ۔ مست دربار میں تشریف لے آئے ۔ دربار میں بگٹی مجاور

نوٹ :- پیر سہری دراصل رند قوم کے پیروزانی شاخ سے تعلق رکھتے ہیں ۔ رند قوم کے زوال کے بعد یہ قبیلہ بگٹیوں سے جا ملا ۔ ہر سال بگٹی قوم کے لوگ ہزاروں کی تعداد میں دُنبے خیرات کرنے کیلئے دربار میں جاتے ہیں ۔ آپ کا مزار تمام کوہستانی بلوچ قبائل کا زیارت گاہ ہے ۔ اسلام خان دوئم تمندار بگٹی کے زمانے میں سکھ پنجاب کے حکمران تھے ۔ انہوں نے عمر کوٹ پر سکھوں پر حملہ کیا ۔ ان کا کمانڈر ہر سنگھ اپنے ۵۰ ساتھیوں کے ساتھ میدان جنگ میں مارا گیا بگٹیوں نے سکھوں کے جھنڈے اور ڈھول چھین لئے ۔ جو بطور یادگار سہری کے دربار میں آج تک لٹکے ہوئے ہیں ۔

(بلوچستان ڈسٹرکٹ گزیٹر بگٹی ضلع ۔ جلد سوئم صفحہ ۲۸۸)

رہتے ہیں۔ آپ نے وہاں دو دن قیام کیا۔ دور دراز سے بلوچ قبیلوں کے لوگ زیارت کے لئے آئے ہوئے تھے۔ خیراتیں کی جا رہی تھیں۔ ہر روز اس دربار میں لاتعداد دنبے ذبح کئے جاتے ہیں۔ جناب مست کو خواہش ہوئی۔ کہ وہ بھی خیرات کریں۔ سوائے سمو کی محبت اور اس کی یاد کے ان کے پاس کچھ نہ تھا۔ آخر سمو کے مال ہی میں انہیں ڈاکہ ڈالنا پڑا۔ ایک بگٹی کو کہا۔ کہ "جاؤ سامنے سمو کے دو دنبے بیٹھے ہوئے ہیں۔ ایک پکڑ لاؤ۔ تاکہ میں بھی خیرات کروں"۔ بگٹی نے سامنے دیکھا تو ایک پتھر پر دو کوے بیٹھے تھے۔ اس کو یہ بات ناگوار گزری۔ کہ مریوں کا پیر ہمارے پیر کے ساتھ مذاق کر رہا ہے۔ کیونکہ مری اور بگٹی قبیلے کی دشمنی ضرب المثل ہے[1]۔ مست کی بزرگی کا چرچا عام ہو چکا تھا۔ بگٹی بادل ناخواستہ کوؤں کی طرف بڑھا۔ ایک اڑ گیا۔ ایک وہیں بیٹھا رہا۔ اسکو پکڑ کر وہ مست کے پاس لایا۔ حکم ہوا۔ کہ اسکو ذبح کرو۔ بگٹی نے کوا ذبح کیا۔ اتنے بڑے دربار میں یہ مست کی خیرات تھی۔ اس کے بعد آپ نے بگٹی سے کہا۔ "مجھے ایک خنجر دو۔ تاکہ میں ایک بگٹی کو ماروں"۔ بگٹی نے خنجر دینے سے انکار کیا۔ آخر آپ خود اٹھے اور جہاں اور لوگ دنبے ذبح کر رہے تھے۔ وہاں سے آپ ایک چھرا اٹھا لائے۔ تمام لوگوں کی آنکھیں

---

[1] مری اور بگٹی دونوں قبیلوں کی دشمنی اس حد تک ہے کہ اگر مری قبیلے کا کوئی شخص دنبہ ذبح کرتا ہے اور کباب کیلئے گوشت چھتا ہے تو چھرے سے کٹا ہوا گوشت کا حصہ اس طرح سیخ پر رکھا جاتا ہے کہ اس کا رخ ان کی دشمن قوم بگٹی کی طرف ہو۔ اس سے یہ مراد ہے۔ کہ دشمن کو بھی کسی دن ایسے ہی کاٹیں گے۔

("تاریخ بلوچ قوم و بلوچستان" مصنف ایم۔ ایس۔ خان صفحہ ۔ ۱۹۰)

آپ کی طرف لگ گئیں۔ کہ آپ کیا کرنے والے ہیں۔ آپ چھرا لیکر
بشیر شہری کے مزار کی دیوار کے قریب آئے۔ اور دربار کی کچی مٹی کی دیوار
میں چھرا گھونپ دیا۔ اور فرمایا "میں نے ایک بکری کو مار ڈالا" دیوار میں
جہاں چھرا گھونپا گیا تھا۔ وہاں سے خون کی دھاریں بہنی شروع ہو گئیں۔ اور
تھوڑی دیر بعد بند ہو گئیں۔ تمام لوگ جو زیارت کے لئے دربار میں آئے
ہوئے تھے حیران و ششدر رہ گئے۔ اُسی وقت حضرت مست کسی
سے کلام کئے بغیر دربار سے روانہ ہو گئے۔ اور اپنے مری علاقے کی طرف
رخ کیا۔ کچھ دن سفر کے بعد آپ ھڑانی پہاڑ کی بلندیوں کو طے کرتے
میدانی علاقے میں آپہنچے۔ اچانک آپکا ارادہ بستی جانے کا ہو گیا۔ بستی
پہنچنے کے بعد درہ ہرنائی سے ہوتے ہوئے بہبر کچھ پہنچے۔ کچھ دن آرام
کرنے کے بعد یہاں سے آپ سپین تنگی ہوتے ہوئے کوہ ڈونگان
گئے۔ کچھ عرصہ وہاں کی وادیوں میں گھومتے رہے۔ بعد ازاں بجی ندی کی
جانب قدم پیما ہوئے۔ اور اس ندی کے کنارے سفر کرتے ہوئے
بھڑا پہنچے۔ اور ڈیرا خان پوادھی جو کہ آپ کے معتقد مرید تھے۔ انکے
ہاں مہمان ٹھہرے۔ آپ ان کو محبت سے "کوکین" کے نام سے
پکارتے تھے۔ یہاں کافی عرصہ آپ نے قیام کیا۔ اکثر دن کو آپ باہر
سیر و سیاحت کرنے کے لئے تشریف لے جاتے۔ شام کو واپس
ڈیرا خان کے ہاں آتے۔ ایک دن ڈیرا خان نے آپکی خدمت میں
عرض کی۔ کہ میرے رزق کے لئے دعا فرمائیں۔ آپ نے فرمایا "ایک
بڑی میخ لاؤ" میخ لائی گئی۔ ارشاد ہوا۔ "اسکو اپنی حویلی کے وسط
میں گاڑ دو" چنانچہ میخ گاڑی گئی۔ حضرت نے فرمایا "جب تک میخ
زمین میں گڑی رہے گی۔ تم بھوک اور افلاس نہیں دیکھو گے" آج تک
ڈیرا خان کے کنبے میں رزق کی فراوانی ہے۔ ایک صدی ہونے کو آئی

وہ میخ اب تک داں حویلی میں اُسی جگہ گڑی ہوئی ہے۔ ایک دن آپ معمول کے مطابق باہر پہاڑ کی طرف تشریف نہیں لے گئے۔ ڈیرا خان کے گھر تنہا اپنے ذکر و فکر میں مستغرق تھے۔ اتنے میں کچھ پوادھی عورتوں کا گروہ بغیر اجازت طلب کئے اندر گھس آیا۔ آپ نے اُن سے کوئی کلام نہیں کیا۔ اُن میں سے ایک عورت جس کا چھوٹا بچہ عرصے سے علیل تھا۔ نزع کی حالت میں اُس کو اپنے ساتھ لے آئی۔ وہ عورت بےبود ہو کر آگے بڑھی۔ اور اپنا بچہ مست کی گود میں رکھ دیا۔ رو کر عرض کرنے لگی۔ سائیں مست دعا کریں یہ مر رہا ہے۔ آپ نے سر اٹھایا۔ اور گھور کر عورت کی طرف دیکھا۔ بعد میں بچے کی طرف متوجہ ہوئے۔ جو اُن کی گود میں پڑا تھا۔ آپ جا بجا بچے کی طرف دیکھتے اور سر ہلا کے یہ فرماتے تھے "نہ جانے زندہ رہے گا۔ یا مرے گا؟" اسی طرح تین چار دفعہ آپ نے یہ الفاظ دہرائے۔ کچھ دیر بچے کی طرف دیکھ کر فرمانے لگے "رحم" "رحم" اور آخر میں آپ کا چہرہ جلال سے سرخ ہو گیا۔ اور کہنے لگے "اب رحم ہو گیا" ارشاد ہوا "اٹھاؤ اپنے بچے کو" عورت نے بچہ اٹھا لیا۔ اور اُسی وقت وہ بالکل تندرست اور شفایاب ہو گیا۔ معلوم ہوتا تھا۔ جیسے کبھی بیمار ہی نہیں تھا۔ اس کے بعد حضرت نے عورتوں کی طرف دیکھ کر فرمایا "سمّو کی سکھیو تم اب چلی جاؤ کیا تم میں سے کسی نے سمّو کو دیکھا ہے؟" انہوں نے کہا نہیں سائیں۔ پھر فرمانے لگے "آئندہ اگر تمہیں کوئی حاجت درپیش ہو۔ تو سمّو کے پاس جایا کرو۔ خداوند تعالیٰ سمّو کی دعائیں مجھ سے زیادہ قبول فرماتے ہیں" وہ عورتیں حضرت سے رخصت ہو کر چلی گئیں۔ ایک دن آپ ڈیرا خان کے گھر کے باہر سیر کے لئے نکلے۔ ڈیرا خان اور کچھ پوادھی بھی ساتھ ہو لئے۔ اُس دن آپ بے حد بشاش نظر آ رہے تھے۔ آپ نے

سرور کے عالم میں فی البدیہہ ایک شعر کہا۔ اور ایک مصرعہ میں پوادھیوں کو دعا فرمائی:۔

نک دعائے گھنڈ طوق علی مست عرپوادھی آں
کہ بجی لڑگواں کھاری دے لواڑھی کھتیغیں چھی آں

ترجمہ:۔ مست طوق علی نے پوادھیوں کو دعا کی
کہ بجی ندی طوفان لائے گی۔ تو اُن کی زمین پر پڑی ہوئی چیزوں کو نہیں بہائے گی۔

بجی ندی کے سیلاب سے قریبی علاقوں میں نقصان ہوتا ہے۔ کافی مال و مویشی وغیرہ سیلاب کے نذر ہوتے ہیں۔ مگر اس دعا کے بعد قبیلہ پوادھی کو آج تک سیلاب سے جانی یا مالی کوئی نقصان نہیں پہنچا کچھ دنوں کے بعد آپ ڈیرا جان سے رخصت ہوئے۔ اور مخنا ڑمی۔ چراگاہوں کی طرف روانہ ہوئے۔ اور وہاں آپ اپنی محبوبہ ستمو سے ملے

ستمو کی وفات

اس دفعہ معمول سے زیادہ آپ نے ستمو کے ہاں قیام کیا۔ اور اکثر آپ مغموم اور کھوئے کھوئے سے رہتے۔ اور ستمو کی ہر ادا۔ ہر انداز۔ اس کے بچے۔ اس کے ریوڑ اور اُس کے خیمے کو حسرت کی نگاہوں سے دیکھا کرتے۔ اس انداز سے دیکھتے جیسے اپنی آنکھوں کی پیاس بجھا رہے ہوں۔ پھر شاید یہ سب کچھ نہ دیکھ سکیں۔ ستمو کو اس کا احساس ہوا۔ اور اُس نے بار ہا مست سے پوچھا لیکن آپ نے کوئی جواب نہیں دیا۔ یوں معلوم ہوتا تھا کہ اِن دونوں میں سے ایک اس دنیائے فانی سے رخصت ہونیوالا ہے مست کے دل پر اداسیوں نے گھیرا ڈال دیا۔ دن رات آپ غمگین رہتے۔ آخر ایک دن بادل نخواستہ ستمو سے رخصت چاہی۔ سردی کا موسم تھا۔ آپ پہاڑوں کو طے کرتے ہوئے قصبہ تنی نکل آئے۔ جو مری

پہاڑوں کے دامن میں بستی کے مشرق کے جانب ۱۰ میل پر واقع ہے آپ جب یہاں پہنچے تو آپ کی خدمت میں کافی مری بھی حاضر تھے۔ تلی میں ایک شخص نے آپ سے پوچھا: آپ کہاں تشریف لے جارہے ہیں؟ آپ نے ایک حسرت سے آہ بھر کر فرمایا:۔

ما دے ہیروۓ جہان ایغا

ترجمہ:۔ ہم بھی کاروان عالم کے ساتھ پیچھے جارہے ہیں۔

تلی سے آپ سردار ڈومبکی کے ہاں لہڑی تشریف لے گئے ماہ شعبان تھا۔ شب قدر کی رات آپ بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک فرد لانگھانی مری قبیلے کا آپ کے ساتھ تھا۔ جب رات نے اپنا آدھا سفر طے کیا۔ آپ نے خاموشی کے عالم میں اچانک اپنا ہاتھ ہوا میں مارا اور ساتھ ہی غصے سے کہنے لگے "تمہاری قسمت میں یہ نہیں ہے" وہ شخص حیران رہ گیا۔ اور دل میں کہنے لگا۔ کہ اسوقت حضرت کس سے مخاطب ہیں۔ ایک دن کے بعد آپ وہاں سے روانہ ہوئے۔ اور بھلیجی کی طرف آئے۔ بھلیجی میں درخان براہمانی آپ کے ہمراہ ہولیا۔ وہاں پہنچنے پر ایک نیک سیرت شخص آپکو ملنے آیا۔ اور بڑی حسرت سے آپ کو کہنے لگا "حضرت آپ نے مجھ پر ظلم کیا۔ شب قدر کی رات وہ پانی کا گلاس جو دودھ بن گیا تھا۔ آپ نے ہاتھ مار کر چھین لیا۔ آپ مسکرا کر کہنے لگے: وہ تمہاری قسمت میں نہیں تھا کسی اور کی قسمت میں تھا۔" لانگھانی مری کو اُس وقت اس رات کا راز معلوم ہوا۔ بھلیجی سے اچانک آپ واپس اپنے علاقے مری کی طرف چل دیئے۔ چنانچہ دریائے لہڑی کے راستے ہوتے ہوئے کاہان پہنچے۔ آپ کے ساتھ درخان براہمانی کے علاوہ کچھ اور مری بھی تھے۔ وادی کاہان سے وادی تھماڑ کا راستہ لیا۔

سارا دن سفر کرتے رہے۔ رات کو پہاڑ کے دامن میں آرام کیا۔ دوسرے دن سحری کے وقت روبہ سفر ہوئے۔ حضرت مست نہایت تیز رفتاری سے سب سے آگے چلے جا رہے تھے۔ دُر خان کی روایت کے مطابق انہوں نے بھی اپنی رفتار تیز کر دی۔ اور کافی مسافت کے بعد آپ کے قریب آن پہنچے۔ حضرت پر کچھ عجیب کیفیت طاری تھی۔ آپ مڑ کر فرمانے لگے "میں جا رہا ہوں تم سمو کے پاس آجانا"۔ سمو کی قیام گاہ اس جگہ سے قریب تھی۔ حضرت تھوڑی دور اپنے ساتھیوں کے ساتھ چلتے گئے۔ مگر آناً فاناً آپ غائب ہو گئے یہ دیکھ کر انہوں نے بھی اپنی رفتار تیز کی اور سمو کی قیام گاہ پر آن پہنچے کیا دیکھتے ہیں کہ ایک کہرام مچا ہوا ہے۔ تمام بھر دوئی قبیلے کے لوگ میدان میں جمع ہیں۔ سمو اس فانی دنیا سے رخصت ہو چکی تھی۔ مست کے پہنچنے سے قبل سمو کو سپردِ خاک کر دیا گیا تھا۔ آپ قبر پر کھڑے ہو کر سمو کے خاوند اور اس کے رشتہ داروں سے تقاضہ کر رہے تھے "کہ تم لوگوں نے میری سمو کو میری اجازت کے بغیر کیوں دفن کیا"؟ اس وقت ایک چھوٹی بچی جو سمو کی تھی مست کے قریب کھڑی ہوئی تھی۔ اور چلا چلا کر رو رہی تھی اور کہہ رہی تھی "میری اماں کو لاؤ"! اس کی جگر پاش آہ و زاری اور چیخوں نے زمین و آسمان ہلا دیئے۔ مست کبھی آسمان کی طرف اور کبھی بچی کی طرف اور کبھی سمو کی قبر کی طرف دیکھتے اور پھر سر جھکا لیتے۔ اُن کے گرتے ہوئے آنسو جو ریش مبارک میں جذب ہوتے جا رہے تھے۔ وہی ..... اس بچی کا جواب تھے۔ مست بھلا کیا کر سکتے تھے۔ آج وہ خود بھی بچی کے ساتھ ہی لٹ چکے تھے۔ ان کی چاہنے والی۔ اُن کے ناز اٹھانے والی اور انتظار کی گھڑیاں گننے والی محبوبہ سمو آج سنوں مٹی کے نیچے اپنی ابدی اور آخری آرامگاہ

میں سو رہی تھی۔ اُس کی خوبصورت اور ستوالی آنکھیں جن میں ہر وقت مست کے لئے محبت اور پیار کے پیمانے بھرے رہتے تھے۔ اب بند ہو چکی تھیں۔ وہ نگاہیں جو ہر وقت مست کی راہوں پر لگی رہتی تھیں انتظار کرتے کرتے تھک کر ہمیشہ کیلئے مند گئیں تھیں۔ اُس کے نازک اور مرمریں بدن کو زمین نے اپنا لقمہ بنا لیا تھا۔ ایک پر بہار کلی کھلنے سے پہلے ٹوٹ کر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے جدا ہو چکی تھی۔ اور مست کا دیدار کئے بغیر اپنے تمام درد چھپائے سمو آج اُن سے بچھڑ کر دور جا چکی تھی۔ سمو کے خاوند نے عرض کیا کہ سائیں مست " جہاں آپ حکم دیں۔ جہاں آپ چاہیں سمو کو دوبارہ وہیں دفن کریں گے "۔ مست خاموشی سے سنتے رہے۔ اپنے عصا کو اپنے سینے سے لگا کر جھکے ہوئے سمو کے سرہانے کھڑے رہے۔ تمام لوگوں پر خاموشی اور سکوت طاری تھا۔ سب کی نگاہیں سمو کی خاک پر جمی ہوئی تھیں۔ کافی دیر تک یہ حالت رہی آخر آپ نے سر مبارک اٹھایا اور لوگوں کی طرف مخاطب ہو کر فرمانے لگے " میں نے سمو کی مرضی دریافت کی ہے۔ سمو کی یہ خواہش ہے کہ اُسے وہیں رہنے دیا جائے۔ اور سمو نے مجھ سے یہ وعدہ کیا ہے کہ ہر جمعہ کی رات وہ مجھ سے ملاقات کرے گی۔ اسلئے سمو کے سامنے میرے لئے ایک حجرہ بناؤ۔ تاکہ میں ہر جمعہ یہاں آ کر سمو سے مجلس کر سکوں "۔ اس گفتگو کے بعد حضرت نے سب لوگوں کو حکم دیا کہ وہ واپس گھروں کو لوٹ جائیں۔ چنانچہ حضرت تنہا سمو کی قبر پر کئی دن ٹھہرے۔ اُس وقت اس بیابان ویرانے میں صرف سمو کی قبر تھی اس وقت سمو کی قبر چاروں طرف سے مقبروں سے گھری ہوئی ہے وہ میدان مخاڑ میں آج تک سمو کی پٹی (سمو کا میدان) کے نام سے مشہور ہے۔ بھروئی قبیلے والوں نے مست کے حکم کی تعمیل کی۔

ورانسی کی دیوار کا حجرہ بنایا۔ جو آج تک موجود ہے۔ مری علاقے کے دن رات مست کیلئے بے کیف ہو کر رہ گئے تھے۔ آپ کے لئے زندگی بے کیف اور مہمل شے بنکر رہ گئی تھی۔ ان فضاؤں میں سوائے درد و کرب کے مست کیلئے اب کیا رہ گیا تھا لیکن حکم ربی کے سامنے انسان مجبور ہے۔

سمو کی وفات ۱۸۸۰ء میں ماہ رمضان المبارک میں ہوئی تھی سمو کی موت کے بعد حضرت مست نے بیرونی علاقوں کے سفر یک لخت بند کر دیئے۔ شعر و شاعری بھی ترک کر دی۔ غرض زندگی کی وہ رمق اور چاشنی جو سمو کی زندگی میں مست میں پائی جاتی تھی۔ ایک دم ختم ہو گئی۔ نہ وہ .... تڑپ تھی۔ نہ وہ جنون۔ بقول غالب :-

تھی وہ اک شخص کے تصور سے
اب وہ رعنائی خیال کہاں

بڑی حد تک آپ نے تمام بلوچ سردار معززین اور تمندار دں سے قطع تعلق کر لیا۔ مست کے جذبات کو بھڑکانے والی وہ شمع اب گل ہو چکی تھی۔ یوں معلوم دیتا تھا۔ کہ ان سب کی روح رواں سمو ہی تھی۔ بارہا بلوچ اکابر نے آپ کے ہاں وفد بھیجے۔ مگر آپ ہمیشہ ٹالتے رہے۔ آپ کا گھومنا پھرنا اب محض مری کے پہاڑوں تک محدود ہو گیا۔ سمو کی زندگی میں جاندران۔ رستزانی اور تھدڑی آپکے پسندیدہ پہاڑ تھے۔ سمو کے وصال کے بعد حضرت تحصیل کوہلو کے قریب وادی تمبو کے قریب مخیل پہاڑ کی بلند چوٹی پر اکثر کئی کئی ہفتے قیام فرماتے تھے۔ چنانچہ آج تک آپ کے قیام کے نشانات وہاں موجود ہیں۔ آپ کے دربار کے مجاور ہر سال اسی پہاڑ کی چوٹی پر آپکی یاد تازہ کرتے ہیں۔ آپ اپنی محبوبہ سمو کی موت کے بعد ۱۵ برس تک

زندہ رہے۔ ہر پہاڑ سے چھوٹے رنگین اور گول خوبصورت پتھر آپ جمع کرتے رہتے۔ اور ہر جمعہ کی رات سمو کی قبر پر اپنے ہاتھوں سے ان خوبصورت پتھروں کو رکھ دیتے۔ حضرت کے پاس اب سمو کیلئے یہی تحفے باقی رہ گئے تھے۔ آج تک مست کے دست مبارک کے رکھے ہوئے خوبصورت پتھروں کا انبار سمو کی قبر پر لگا ہوا ہے۔ اکثر جمعہ کے دن آپ سمو کے مقبرہ پر تشریف لاتے۔ جب کوئی بلوچ آپ کی کہی ہوئی غزلیں جن میں سمو کا ذکر ہوتا...... سناتا تو آپ مسکرا دیتے۔ آپ کو ان اشعار سے راحت اور سکون ملتا۔ اور اکثر یہ فرماتے کہ ہاں۔ ہاں دوبارہ سناؤ میرے یہ درد انگیز اشعار اور غزلیں سمو درد میں ڈوبے ہوئے سن رہی ہے"۔ اس طویل عرصے میں آپ کئی مرتبہ اپنے روحانی مرشد قلندر شہباز کی زیارت کیلئے سہوان شریف تشریف لے گئے۔ جہاں آپ کے شائقین و شیدا آپ کے گرد جمع ہو جایا کرتے تھے۔ ہر چند آپ میں پہلی سی تڑپ باقی نہ رہی تھی۔ لیکن آپ روحانیت کی گہرائیوں کی انتہائی منازل تک پہنچ چکے تھے۔ اور ایک کامل عاشق اب ایک پیر کامل بن گیا تھا۔ ایک دفعہ سہوان شریف سے واپسی پر آپکا گزر بستی سے ہوا یہاں کچھ عرصہ پہلے ایک بزرگ سید بجن شاہ گزرے تھے۔ جن کی بابت مشہور تھا کہ وہ دیوار پر سوار ہو کر جب حکم دیتے۔ تو وہ گھوڑے کی مانند سرپٹ دوڑ پڑتیں۔ اسی طرح تمام عمر وہ سید اپنی کرامات کا مظاہرہ کرتے رہے۔ حضرت مست انہی کے مزار پر آکھڑے ہوئے تھوڑی دیر خاموشی کے بعد آپ اپنے ساتھیوں سے مخاطب ہو کر کہنے لگے "بجن شاہ اپنا ترکش خالی کر گیا"۔ ایک دن آپ اکیلے پہاڑ کے دامن میں بیٹھے تھے۔ مری قبائل کے کئی افراد نے

آپ کو گھیر رکھا تھا۔ آپ آنکھیں بند کئے سر جھکائے بیٹھے تھے کچھ دیر بعد آسمان کی طرف سر مبارک اٹھا کر فرمانے لگے "میں سمجھتا ہوں روحانیت میں جہاں میں نے قدم رکھا ہے۔ وہاں اس وقت کوئی دوسرا دکھائی نہیں دیتا۔ مگر جب میں سوچتا ہوں تو سخی لوگ بھی بہت تنگے ہیں۔ ان کا درجہ بہت بلند ہے"

اسی دوران سفر میں آپ نواب صاحب جمال خان لغاری کے اصرار پر چوٹی تشریف لے گئے۔ نواب صاحب کو آپ سے بہت اُنس وعقیدت تھی۔ حضرت بھی نواب صاحب کو چاہتے تھے۔ جیسے پہلے ذکر کیا ہے۔ سمو کی وفات کے بعد آپ نے اپنا دائرہ سفر بیرون بلوچستان بہت محدود رکھا۔ چند خاص مقامات۔ مثلاً سیہوان شریف۔ دربار سخی سرور۔ چوٹی اور کوہ یہو سے آپ کو اُنس تھا اور گاہے بگاہے انہی مقامات کی طرف آپ نکل پڑتے تھے۔

۱۸۹۱ء میں نواب جمال خان لغاری نے حج کا ارادہ کیا۔ حج کو روانگی تمام لغاری قوم کے معززین اور دیگر ڈیرہ جات اور قبائل کے سردار ومعتبرین آپ کو الوداع کہنے کیلئے کئی دن قبل چوٹی میں جمع ہوئے۔ ہزاروں کی تعداد میں لوگ اونٹوں اور گھوڑوں پر آئے۔ چوٹی کے گاؤں میں چہل پہل کا یہ عالم تھا۔ گویا ہر گھر شادی کا منظر پیش کر رہا تھا۔ جگہ کی کمی کی وجہ سے میدان میں شامیانے لگا دیئے گئے۔ نواب صاحب نے بلوچی روایات کے مطابق عام خیرات شروع کی۔ دور دور سے سرکاری حکام آپ کو الوداع کہنے کے لئے آگئے۔ ایک کمی جو نواب صاحب ان دنوں محسوس کر رہے تھے۔ وہ ان کے دوست حضرت مست توکلی کی غیر موجودگی تھی۔ انہوں نے چند خاص لغاری معتبرین کو مری کے

علاقے میں بھیجا۔ اور پیغام دیا۔ کہ حضرت مست سے عرض کریں۔ کہ فوراً چوٹی تشریف لے آئیں۔ اُن کو حج پر ساتھ لے جانا ہے۔ اس دفعہ نے مری کے علاقے میں داخل ہوتے ہی حضرت کا پتہ لگانا شروع کیا معلوم ہوا۔ کہ ایک دن قبل سمو کے مقبرے پر آپ کو دیکھا گیا تھا۔ یہ لوگ ادھر ہی چل دیئے۔ اور وہیں مست کو جا پایا۔ بعد احترام نواب صاحب کا پیغام پہنچا دیا گیا۔ آپ نے فرمایا "آج یہاں قیام ... کریں گے۔ تاکہ رات کو سمو سے اجازت لے لیں۔" دن کے وقت مہمانوں کا قیام وہیں رہا۔ حضرت نے قرب وجوار کے مریدوں کو دُنبے لانے کے لئے کہا اور بلوچی کباب تیار کرائے۔ مہمانوں کی خاطر تواضع اچھی طرح کی گئی۔ دوسرے دن روانگی سے قبل مست سمو کی قبر پر کچھ وقفہ ٹھہرے۔ اور پھر وفد کے ساتھ چوٹی کی جانب روانہ ہوئے۔ نواب صاحب کے قاصدوں نے آپ کی خدمت میں سواری کے لئے بہترین گھوڑا پیش کیا۔ مگر آپ نے جواب دیا "سمو بیلی گھوڑے کی سواری نہیں کرے گا۔ کیونکہ سمو نے اپنی زندگی میں مجھے ہمیشہ پیدل چلتے دیکھا ہے۔ اور میرے نقش قدم اس نے دیکھے ہیں۔ لہذا میں اب بھی پیدل چلوں گا۔ تاکہ سمو قبر سے مجھے پیدل چلتے دیکھے۔" چنانچہ حضرت عصا ساتھ لئے ہوئے مانند ہوا گھوڑے سواروں کے ساتھ سفر کی منزلیں طے کرتے رہے۔ تیسرے دن یہ لوگ چوٹی کے مقام پر پہنچے۔ ادھر نواب صاحب بڑی بیتابی سے حضرت کا انتظار کر رہے تھے۔ چوٹی پہنچنے پر نوکروں نے نواب صاحب کو اطلاع دی۔ کہ مست تشریف لے آئے ہیں۔ نواب صاحب معتبرین اور سرداروں کی محفل سے اٹھ کر فوراً باہر نکل آئے۔ بڑی خندہ پیشانی اور محبت سے حضرت کو اپنے گلے سے لگایا۔

کچھ دن بعد نواب صاحب حج کیلئے روانہ ہوئے۔ کافی مقدار میں سونا اور روپے ساتھ لے کر کراچی پہنچے۔ ایک ہفتہ وہاں قیام رہا۔ زائرین حج کے جہاز روانہ ہونے شروع ہوئے۔ ایک جہاز پر نواب صاحب حضرت مست اور دیگر رفیقوں کے ساتھ سوار ہوئے۔ سفر کا آغاز ہوا حضرت کا یہ پہلا بحری سفر تھا۔ جب جہاز کراچی کی بندرگاہ سے کافی دور نکل گیا۔ تو نواب صاحب نے اپنے رفیقوں اور خادموں سے کہا۔ کہ وہ مست کی بزرگی کا امتحان لینا چاہتے ہیں۔ چنانچہ خادموں کو سمجھایا گیا کہ وہ مست کو جہاز کے جنگلے پر بلائیں۔ اور جب وہ بالکل قریب آجائیں تو آپ سے یہ کہا جائے کہ حضرت دیکھئے سمندر کی مچھلیاں کتنی بڑی بڑی ہیں۔ جب حضرت اُس طرف متوجہ ہوں تو انہیں اٹھا کر سمندر میں پھینک دیا جائے۔ دیکھنا یہ تھا کہ پانی میں مست ڈوبتا ہے یا نہیں۔ نوکروں نے حسب حکم موقع پاتے ہی مست کو سمندر کی نیلی لہروں کے حوالے کر دیا۔ آپ پانی میں گرتے ہی غائب ہو گئے۔ نواب صاحب کو اب اپنی غلطی کا احساس ہوا۔ بے حد نادم اور پریشان ہوئے کہ خواہ مخواہ اپنے ایک دوست کو اپنے ہاتھوں سے گنوا دیا۔ اس حادثہ کے وقوع آنے سے قبل حضرت مست کو غیب سے معلوم ہو چکا تھا۔ کہ آپ کے ساتھ کیا ہونے والا ہے۔ مگر حضرت نے مشیئت الہی پر بھروسہ اور توکل کر کے خاموشی اختیار کی۔ بعد میں آپ اپنی ایک غزل میں اس سانحے واقعہ کو بیان کرتے ہیں۔ اور حسرت سے اظہار فرماتے ہیں۔ کہ کاش اُن کے احباب جن کا ذکر آپ شعروں میں کرتے ہیں۔ وہ اس وقت موجود ہوتے۔

جال مناں ہندی سنگتاں داتا
اگ بھی جو رین دژ مناں لبتہ
شاہ مناں رکھے شہ بانہر وسیاہ ساراں

ترجمہ:۔ مجھے غیب سے اپنے وجود نے مطلع کیا
کہ تیرا راستہ جانی دشمنوں نے روک لیا ہے
اللہ ذات پاک مجھے پناہ دے سمندر کے کالے مگرمچھوں سے

تین ہفتے کے بعد جہاز جدہ شریف پہنچا۔ تو حضرت اپنی دراز زلفیں کاندھوں پر بکھیرے عجیب دلربایانہ شان سے جدہ شریف کی بندرگاہ پر ٹہل رہے تھے۔ نوابصاحب کی نگاہ مست پر پڑی۔ تو دنگ رہ گئے۔ ایک طرف تو ان کو اپنی مذموم حرکت کی ندامت تھی۔ دوسری طرف مست کو زندہ دیکھ کر ان پر سکتہ طاری ہو گیا تھا۔ اسی شش و پنج میں مبتلا تھے۔ کہ مست نے انہیں آواز دی: سمو بیلی (سمو کا دوست) تم سے کافی دن پہلے یہاں پہنچ گیا ہے"۔ پھر فرمایا" تم لوگوں نے مجھے بے عزت اور عریاں کرنے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی۔ لیکن اللہ ذات پاک نے میری لاج رکھ لی۔ اس محبوب ذات پاک نے اپنے فرشتے اور جلیل القدر بزرگان دین مثلاً قلندر شہباز و غوث الاعظم میری مدد کیلئے بھیجے۔ اور پانی میں گرنے سے قبل ہی میرے قدم جدہ شریف کی سرزمین پر آ لگے۔ جمال خان جب تو واپس حج کر کے اپنے وطن کو جائیگا۔ تو جوتی کے درختوں کو دیکھتے ہی تیرا دم نکلے گا"۔ یہ الفاظ سنکر نواب صاحب پر بجلی گر پڑی۔ انہوں نے بڑی منت سماجت کی۔ مست سے معافی مانگی۔ مگر تیر اپنے نشانے پر بیٹھ چکا تھا حضرت کو بھی یہ احساس ہوا۔ کہ انہوں نے اپنے دوست کو چند الفاظ میں ختم کر دیا۔ مگر اب آپ کے بس کی بات نہ تھی۔ امر الٰہی کام کر چکا تھا۔

جدہ شریف سے مکہ معظمہ پہنچے اور فریضہ حج ادا کیا۔ نواب لغاری نے مکہ معظمہ میں مسکینوں، فقیروں اور غربا کو ہزاروں روپے بطور خیرات دیئے۔ لاتعداد اونٹ اور دُنبے خیرات کئے۔ بعد ازاں حاجیوں کے ہمراہ مدینہ منورہ پہنچے۔ دیار حبیب میں نواب صاحب نے دل کھول کر اپنی سخاوت کا ثبوت دیا۔ تمام فرائض ادا کرنے کے بعد بحری جہاز کے ذریعہ کراچی واپس پہنچے۔ لیکن نواب صاحب کو مست کی بد دعا کا ہر لمحہ خدشہ رہنے لگا تھا۔ اور وہ ہر وقت بجھے بجھے سے رہتے تھے۔ ایک خلش تھی جو بھلانے پر بھی نہ بھول سکے۔ کراچی پہنچنے پر وہ ریل کے ذریعہ سبی پہنچے۔ وہاں سے گھوڑوں پر مری علاقے سے ہوتے ہوئے کوہلو آئے۔ مست نے نواب صاحب سے رخصت چاہی۔ اور حج صغرا ادا کرنے کیلئے سمّو کے مقبرے پر جا پہنچے۔ نواب صاحب بارکھان کے راستے فورٹ منرو روانہ ہوئے۔ جب انکا قافلہ فورٹ منرو کے پہاڑ کے دامن میں پہنچا۔ تو نواب صاحب نے اپنا چہرہ رومال سے چھپالیا۔ مست کی بددعا ہر وقت ان کے سامنے رہتی تھی۔ چلتے چلتے ان کی سواری عین پہاڑ کے اوپر آپہنچی۔ یہاں سے چوٹی کے درخت صاف دکھائی دینے لگے ان کے ایک خادم نے خوشی سے غیر ارادی طور پر کہا۔ چوٹی کے درخت نظر آرہے ہیں۔ بے اختیارانہ نواب صاحب نے اپنے چہرے سے رومال ہٹایا۔ اور چوٹی کے درختوں پر نگاہ ڈالی۔ درختوں پر نظر پڑتے ہی نواب صاحب پر غشی طاری ہو گئی۔ خادم بے حد پریشان ہوئے گھوڑے سے خادموں نے نواب صاحب کو اتار کر ایک سایہ دار درخت کے نیچے لٹا یا۔ اور وہیں نواب صاحب جان بحق ہو گئے۔ فوراً ہی میت کو چوٹی لانے کا انتظام کیا گیا۔ ہزاروں کی تعداد میں

لوگ دور دور سے نواب صاحب کے استقبال اور ان کی آمد کی مبارکباد دینے کے لئے پہلے سے ہی چوٹی میں منتظر تھے۔ لاتعداد اونٹ بیل اور بھیڑیں خیرات کے لئے جمع کئے گئے۔ تحفے تحائف بھی سجے ہوئے تھے۔ بلوچی راگ گانے والے گویّوں کا انتظام کیا گیا۔ چوٹی کی ہر ایک چیز دلہن کی طرح آراستہ کی گئی۔ وہاں کا ذرہ ذرہ سخی اور بہادر نواب جمال خان لغاری کا بیتابی سے انتظار کر رہا تھا۔ بے شمار مسکین، غربا اور یتیم اپنی حسرتیں اور آرزوئیں لئے جمع تھے۔ انتظار تھا کب نواب صاحب تشریف لائیں۔ اور انہیں اپنی بے پناہ سخاوت سے نوازیں۔ ان کے نصیب کچھ نہ ہوا۔ نواب صاحب کی لاش اپنے گھر پہنچا دی گئی۔ چاروں طرف ایک کہرام مچ گیا۔ خوشی غم میں بدل گئی۔ غم و اندوہ کے سیلاب نے ڈیرہ جات کے علاقہ کو گھیر لیا۔ سب کی تمنائیں اور آرزوئیں خاک میں مل گئیں۔ چوٹی شہر جیل بسا۔ وہاں کا ذرہ ذرہ آنسو بہا رہا تھا۔ محلوں پر ویرانیوں اور اداسیوں نے اپنا بسیرا کر لیا۔ چاروں طرف سوگواریوں کے سیاہ بادل چھا گئے۔ تمام بلوچستان، آگرہ، دہلی، لاہور، اور لندن سے آپ کی تعزیت کے خطوط آئے۔ افغانستان کے بادشاہ نے بھی افسوس کا خط لکھا۔ نواب صاحب کو احترام سے دفن کر کے کچھ دنوں بعد ان کے لڑکے نوابزادہ محمد خان کو لغاری قوم کا تمندار بنایا گیا۔ مست کو سرداری کی شمولیت کا بلاوا دیا گیا۔ لیکن آپ نے شرکت نہیں کی۔ اب وہ چوٹی چوٹی نہیں رہی تھی۔ حضرت مست کو نواب صاحب کے انتقال کا بے حد رنج اور صدمہ پہنچا۔ حالانکہ وہ اس آنے والی آفت سے آگاہ تھے۔ مشیت ایزدی کے سامنے کسی کی کیا مجال۔ وہ نواب صاحب سے کوہلو میں آخری بار رخصت ہو کر چلے

تمام بلوچ تمنداروں میں سے مست کے زیادہ مراسم نواب
جمال خان لغاری سے تھے۔ سمو کا ساتھ پہلے ہی چھوٹ چکی تھی۔ حضرت
نے سفر کا دائرہ اب اور بھی تنگ ہوگیا۔ بقایا چودہ برس کی زندگی میں
مست تین مرتبہ ڈیرہ غازی خان کے پہاڑوں سے ہوتے ہوئے سخی
سرور کے دربار میں گئے۔ مگر ڈیرہ جات کے کسی تمندار کے پاس
تشریف نہیں لے گئے۔ حالانکہ تمام سردار آپ کے ملنے کے لئے
بیتاب تھے۔ آپ کی خدمت میں کئی بلاوے بھی سرداروں کے آئے۔
مگر آپ نے کسی کی دعوت قبول نہیں فرمائی۔ اکثر اوقات اپنے
علاقے کے پہاڑوں میں اور سمو کے مقبرے پر گزارتے۔ نواب
امام بخش مزاری سے اس طویل عرصے میں اُن کی بہت کم ملاقاتیں
ہوئیں۔ وہ بھی اُس وقت جب مست کا گزر شاذ و نادر ہی رجھان
کے قریبی علاقوں سے ہوتا۔ کچھ حالات زمانہ دگرگوں ہوگئے۔
مری کے علاقے میں انگریزوں کے دخل انداز ہونے سے قبائلی
حالات پر بھی اچھا اثر نہیں پڑا۔ چنانچہ قبائل کی کئی لڑائیاں انگریزوں
سے ہوئیں۔ اکثر آپ سکون و فکر کی حالت میں رہتے۔ محض ایک
ہی خیال آپ کے ہمیشہ دامن گیر رہتا۔ یعنی جمعہ کی رات آپ سمو
کی ملاقات کو ضرور جاتے ان ہی دنوں آپ ایک دفعہ سنہ ۱۸۹۰ء میں
سردیوں کے موسم میں سبی کو تشریف لے گئے۔ اس وقت سبی میں شاہی دربار منعقد ہونے کی تیاریاں کی جا رہی تھیں۔ شاہی
دربار کی بنیاد سنہ ۱۸۸۵ء میں انگریزوں نے ڈالی تھی۔ یہ میلہ اور دربار
ایک ہفتے تک جاری رہتا ہے۔ تمام بلوچستان کے معززین اور
سرداران قبائل یہاں جمع ہوتے ہیں۔ اور سبی بستی کی یہ معمولی
آبادی ایک شہر کی صورت اختیار کر لیتی ہے۔ اور کئی دن تک گہما گہمی
رہتی ہے۔ حضرت مست انہی دنوں یہاں آنکلے۔ نواب امام بخش

مزاری بھی اپنے قبیلے کے معتبرین کے ساتھ آئے ہوئے تھے۔ حضرت مست سے یہاں اِن کی ملاقات ہوئی۔ مست کے ایک دیرینہ دوست صوفی شاعر میر محمد خان گشکوری کو بھی نواب صاحب نے اپنے ہاں مدعو کیا۔ ایک رات نواب صاحب نے قدیم بلوچی دور کی مجلس کا آغاز کیا۔ مست چند اشعار سنانے کے بعد فرمانے لگے "میں زیادہ نہیں سناؤں گا۔ کہیں یہ سمّو کی قبر میں بے چینی کا اسباب نہ بن جائیں۔" یہ کہہ کر آپ اسی وقت مجلس سے اٹھے۔ اور سبی کے جنگل کے رستے شہ کھٹے[1] کی قبر پر گئے۔ جو سبی کے شمال مغرب کی جانب ناڑی ندی کے کنارے پر واقع ہے۔ باقی رات کا حصہ وہاں گزارا۔ صبح کے وقت دوبارہ سبی تشریف لائے۔ جلال خان گشکوری کی روایت کے مطابق وہ اس دن بھی مست کی زیارت سے شرف یاب ہوئے۔ سبی کی چہل پہل اور رونق دیکھ کر حضرت بار بار امیر چاکر سردار اعظم بلوچ کے سنہری بلوچی دور کو یاد کرتے جاتے تھے۔ سبی کے قیام کے بعد آپ لہڑی تشریف لے گئے۔ وہاں سے اپنے ایک پرانے دوست جعفر خان رند سے ملنے کے لئے گندھ کوٹ پہنچے۔ کچھ دن ٹھہر کر سہوان شریف کا رخ کیا۔ کافی عرصہ سہوان شریف میں گزارا۔ اکثر آپ سہوان شریف کے مغربی جانب پہاڑوں میں جا نکلتے تھے اور پیہم کئی ہفتے یوں ہی گزر جاتے تھے۔ آخری دفعہ اپنے روحانی مرشد سے رخصت ہو کر شہداد کوٹ و قنبر کے راستے جیکب آباد تشریف لائے۔ یہاں سے جھل مگسی کا راستہ لیا۔ میر حسن خان کھیری

---

[1] شہ کھٹے درشیخ کھٹے، قبیلہ کھیری سے تعلق رکھتے تھے۔ بڑے صاحب حال ہستی تھے۔ امیر چاکر سردار اعظم رند بلوچ کے آپ مرشد تھے۔

مرحوم کے والد نے آپ کو اپنے گاؤں میں دعوت دی ۔ کچھ دن آپ نے قبیلہ کھیری کے درمیان گزارے ۔ آپکا ارادہ اپنے علاقے کی طرف واپس لوٹنے کا ہوا ۔ لہڑی سے ہوتے ہوئے آپ ندی لہڑی کے راستے مری علاقے میں داخل ہوئے ۔ اس سفر میں سوائے ڈُرخان براہمانی کے اور کوئی ساتھ نہ تھا ۔ اپنے علاقے میں داخل ہونے کے بعد آپ سیدھا مخماڑ پہنچے ۔ اور چار سال کا عرصہ اپنے علاقے میں گزارا ۔ ناگہان پھر نہ جانے کیا خیال آیا ۔ آپ پھر جاکر تھنک کے راستے سے سبی آئے ۔ اور یہاں سے ڈھاڈر تشریف لائے ۔ ڈھاڈر سے درہ بولان کی وادیوں سے ہوتے ہوئے کرتہ پہنچے ۔ پھر یہاں سے شمالی جانب کے پہاڑوں کے راستے سانگان سے بادرہ اور کوٹ منڈائی پہنچے ۔ مری علاقے کا یہ سب سے زیادہ آباد علاقہ ہے ۔ یہاں کچھ دن آپ نے سکون سے گزارے ۔

حضرت کا آخری سفر اور وصال

کوٹ منڈائی سے ماوند ہوتے ہوئے پھیرا ڈیوا خان کے ہاں پہنچے ۔ یوں معلوم ہوتا تھا ۔ کہ مست سبی سے لیکر بلوچستان کے گرد و نواح کے آباد و سرسبز و شاداب علاقوں کو الوداع کہنے آئے ہیں ۔ چنانچہ پھیرا پہنچتے ہی "سرمست بلوچستان" کی طبیعت خراب ہوگئی ۔ مرض دن بدن زور پکڑتا گیا ۔ آپ نے ڈیوا خان سے کہا ۔ کہ "وہ شیرانی قبیلے والوں کو اطلاع کردیں ۔ کہ انہیں یہاں سے اٹھا کر اپنے پاس لے جائیں" ڈیوا خان نے عرض کیا ۔ کہ وہ فوراً قاصد روانہ کرینگے ۔ ڈیوا خان سمجھ گیا کہ مست کی زندگی کے یہ آخری ایام ہیں ۔ اس کی یہ تمنا تھی ۔ کہ اس مبارک ہستی کا آخری مقام پھیرا میں ہو ۔ تاکہ تمام بلوچوں کی زیارتگاہ بنے ۔ اور اُسے یہ شرف حاصل ہو ۔ کہ مست انہی کے ہاں مدفون

Scanned with CamScanner

ہیں۔ اِس نظریے کے ماتحت اُس نے شیرانی مقدم یا معتبرین کی طرف
قاصد نہیں بھیجے۔ دوسرے دن حضرت نے پھر دریافت فرمایا۔
"کہ اِس نے اِن کے قبیلے کو اطلاع دینے کیلئے قاصد روانہ کیا ہے
یا نہیں"۔ جواباً عرض کیا گیا: "حضور سوار بھیج دیئے گئے ہیں"۔ بیماری
کے زمانہ میں حضرت نے نہ کچھ کھایا نہ پیا اور نہ دوا استعمال کی۔
جب بھی آپ سے کھانے کیلئے پوچھا جاتا تو آپ فرماتے: "جو میرے
مالک کی رضا ہے۔ میں اُسی میں راضی ہوں زمانے کی یہ مادی چیزیں
مجھے کیا بقا دے سکتی ہیں"۔ چنانچہ مست کے قبیلے والوں کو اطلاع
نہ ملی۔ مجبوراً چوتھے دن صبح کے وقت آپ نے ڈیوا خان کو حکم دیا "میرا
عصا لاؤ"۔ عصا حضرت کی خدمت میں پیش کیا گیا۔ پوادھی مری آپ کی
تیمارداری کیلئے اردگرد بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ نے عصا دست
مبارک میں پکڑا۔ اور ارشاد فرمایا "اے عصا جا شیرانی قبیلے کے
مقدم کو میرا پیغام دے۔ کہ سمو بیلی بیمار ہے۔ اس کو یہاں سے اپنے پاس
لے جائیں"۔ اُس کے بعد عصا کو ہوا میں پھینک کر فرمایا "جاؤ"۔ حاضرین
کے دیکھتے ہی اچانک عصا فضا میں غائب ہو گیا۔ اور کہا جاتا ہے۔ کہ
اُس وقت شیرانی مقدم اپنے گھر کے سامنے کھڑا ہوا تھا۔ اُس نے دیکھا
ایک عصا اُس کے سامنے ہوا میں معلق ہے۔ اور زبان حال سے کہہ رہا
ہے: "میں مست کا قاصد ہوں اور پیغام لایا ہوں۔ کہ مست ڈیوا خان
کے ہاں پھیڑا کے مقام پر بیمار پڑے ہیں۔ انہوں نے حکم دیا ہے۔ کہ
شیرانی قبیلے والے آکر انہیں لے جائیں"۔ اتنا کہنے کے بعد وہ عصا
فضا میں غائب ہو گیا۔ شیرانی مقدم عالم حیرت میں اپنے گھر آیا اور گھر
والوں سے سارا ماجرا بیان کیا۔ آخر یہ طے پایا۔ کہ اپنے قبیلے والوں کو
یہ سارا قصہ سنایا جائے۔ چنانچہ فوراً ایسا ہی کیا گیا۔ شیرانی قبیلے کے

دوسو آدمی جمع کیے گئے۔ اور ان کے سامنے سارا ماجرا بیان کیا گیا۔ جب قبیلے والوں کو اس بات کا پتہ چلا، تو انہیں سخت غصہ آیا۔ اور قبیلے کے دو سو جوان ہتھیاروں سے لیس ہو کر اپنے گھوڑوں کو مہمیز لگاتے سرپٹ پھڑا کیلئے دوڑ پڑے علی الصبح یہ لوگ پھڑا پہنچ گئے۔ ڈیوا خان کو جب ان کی آمد کی اطلاع ملی، تو اُسے موقعہ کی نزاکت کا احساس ہوا۔ وہ نادم تھا کہ اس نے نخواہ مخواہ اپنی خوش عقیدگی کے باعث جنگ کی دعوت دی چنانچہ فوراً بہ نفس نفیس شیرانیوں کی آؤ بھگت کیلئے آگے بڑھا۔ اور انہیں بتایا کہ اس کا یہ ارادہ ہرگز نہ تھا۔ کہ حضرت مست کو فوت ہونے کے بعد پھڑا میں دفن کرے۔ بلکہ چونکہ حضرت کافی علیل اور کمزور تھے اسلئے اُس نے حضرت کی خدمت کیلئے صاحب موصوف کو اپنے ہاں روک لیا تھا۔ حضرت مست کو شیرانی قبیلے والوں نے چارپائی پر ڈال کر اپنے کندھوں پر اٹھایا۔ علاقہ پھڑا سے روانہ ہوئے۔ جب ہیجی ندی کے درمیان سے گذر رہے تھے۔ تو آپ نے فرمایا" ذرا رُک جاؤ"۔ حسب ارشاد سب ٹھہر گئے۔ آپ چارپائی سے بغیر کسی سہارے کے اترے اور ندی کے قریب آکر ٹھہر گئے۔ اور اپنے مبارک ہاتھوں سے پانی اٹھا کر اوپر آسمان کی طرف اُچھال اُچھال کر فرماتے جاتے تھے۔ کہ" ہیجی میں تیرے پانی سے آخری دفعہ رخصت ہو رہا ہوں"۔ تھوڑی دیر بعد پھر آپ چارپائی پر لیٹ گئے اور آپ کو اٹھا کر اپنے علاقے کی طرف روانہ ہوئے۔ (کوہلو سے ۱۴ میل مغرب کی جانب جب ایک ندی کی تہہ میں پہنچے۔ (جس کے قریب اب حضرت مست کا مزار مبارک واقع ہے)، تو آپ نے ارشاد فرمایا" یہاں ٹھہر جاؤ۔ اور مجھے زمین پر رکھ دو"۔ سارا لشکر ٹھہر گیا۔

Scanned with CamScanner

اور چارپائی سے آپ کو اتار کر وہاں لٹایا۔ آپ کے چاروں طرف شیرانی قبیلے کے شیدائیوں کا ہجوم تھا جو نہایت افسردہ اور پریشان تھا۔ آپ نے ارشاد فرمایا "میری وفات کے بعد مجھے تختِ ابہاڑ کے اوپر اس طرح دفن کرنا کہ میرا سر شیری کی طرف ہو۔ تاکہ بگٹیوں سے لڑائی کے وقت میں پیر شیری سے مقابلہ کر سکوں۔ اور تم تلوار کی لڑائی میں بگٹیوں سے ہمیشہ غالب رہو۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو قریب والے تکیل پہاڑ کی چوٹی پر میری قبر بنانا" اس کے بعد سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے آپ نے فرمایا "اب تم لوگ دور ہٹ جاؤ مجھ سے کوئی کلام نہ کرے۔ اور نہ میرے قریب آئے جب تک میں خود نہ بلاؤں" حضرت کے ارشاد کے مطابق سب نے آپکو

ہمارا تکیل پہاڑ سے آپ کو بے حد محبت تھی۔ اکثر اسکی چوٹی پر آپ آکے بیٹھا کر بیٹھا کرتے۔ اس پہاڑ کی جنوبی طرف مکھو کی زرخیز زمین واقع ہے پہاڑ پر پہاڑی دنبے کثرت سے پائے جاتے ہیں۔ حضرت نے ایک دن ستر دیا میں آکر کہا "کہ یہ میرے دنبے ہیں کوئی شکاری ان کا شکار نہ کرے"۔ چنانچہ اس دن کے بعد مری قبائل اور دیگر لوگوں نے اس پہاڑ پر شکار کھیلنا بند کر دیا۔ آج تک تکیل پہاڑ پر پہاڑی ہرن دنبے ریوڑوں کی صورت میں پھرتے ہیں۔ کسی کی مجال نہیں کہ ان کو ہاتھ لگائے۔ یہ پہاڑی ہرن اکثر پہاڑ کی وادیوں سے نکل کر دس میل جنوب کی جانب حضرت کے مقبرے تک گھاس چرنے آتے ہیں۔ مگر کسی کی مجال نہیں کہ ان کو گولی کا نشانہ بنائے نقل کرتے ہیں کہ کچھ لوگوں نے حضرت کی وفات کے بعد شکار کھیلنے کی غرض سے تکیل پہاڑ پر گئے۔ اور پہاڑی دنبوں پر گولی چلائی۔ چنانچہ وہ مرض اور مصائب میں مبتلا ہو گئے۔ مجبوراً حضرت کے دربار میں آکر معافی مانگنی پڑی۔

تنہا چھوڑ دیا۔ اور اپنا کھانا پکانے میں مصروف ہو گئے۔ یہ حضرت کا یوم آخر ین تھا۔ آپ بستر پر اس طرح لیٹے ہوئے تھے۔ کہ بائیاں پاؤں آپ نے دراز کیا ہوا تھا۔ اور دائیں پاؤں کو سمیٹ کر پاؤں کے تلوے کو زمین پر رکھ کر گھٹنے کو آہستگی سے جنبش دے رہے تھے۔ یوں معلوم ہو رہا تھا جیسے کوئی انسان آرام سے لیٹا ہوا گھٹنا ہلاتے ہوئے کچھ سوچ رہا ہو۔ اسی حالت میں آپ اسی وقت جاں بحق ہوئے اور روح مبارک اپنے محبوب حقیقی سے جا ملی۔ تین دن تین رات آپ اسی حالت میں رہے۔ آپ کا دائیاں پاؤں بدستور ہل رہا تھا۔ مگر حکم کے مطابق آپ کے قریب کوئی نہیں آیا۔ سب حکم کے انتظار میں تھے۔ کہ آپ فرمائیں۔ تب آپ کے قریب جائیں۔ بہت سے لوگوں کو یہ خیال گزرا۔ کہ حضرت بالکل تندرست ہو چکے ہیں۔ چند افراد نے اصرار کیا۔ کہ قریب جا کر دیکھنا چاہیئے۔ چنانچہ ایسا کیا گیا۔ جب قریب آئے تو دیکھا کہ آپ عالم بالا میں تشریف لے گئے ہیں۔ لیکن پائے مبارک بدستور ہل رہا تھا۔ چنانچہ اس پاؤں کو پکڑ کر سیدھا کرنا چاہا۔ اور وہ ایسی آسانی سے سیدھا ہو گیا۔ جیسے کسی زندہ انسان کا سارے مجمع پر غم اور اداسیاں چھا گئیں۔ شیرانی مقدم نے ایک گھوڑ سوار اپنے قبیلے کی طرف بھیجا۔ تاکہ سب کو اطلاع دی جائے۔ ایک اور گھوڑ سوار سردار صبر اللہ خان تمندار مری کے پاس کاہان روانہ کیا۔ اس کے بعد تجہیز و تکفین کی تیاریاں کی گئیں۔ اور جائے وفات سے کچھ دور آپ کی آرام گاہ میدان گری کی جگہ پر تیار کی گئی۔ مگر یہ جگہ حضرت کی وصیت کے خلاف تھی۔ بیش بہا ریشمی چادریں جو حضرت کو بلوچ نوابین نے بطور نذر کے پیش کی تھیں۔ تمام آپ پر ڈال دی گئیں آخر اس بے قرار روح کو قرار آگیا۔ یہ روح اب آزاد تھی۔ سمو او رست

کی روحیں دنیا کی پابندیوں سے آزاد ہو کر ایک ہو چکی تھیں، مست، نے اب اپنا اصلی مقام پا لیا۔ جب آپ پر لوگوں نے مٹی ڈالنی شروع کی۔ تو وہ یوں معلوم ہوتا تھا۔ جیسے مٹی پانی کے ساتھ بہہ کر کسی اور سمت جا رہی ہے۔ حاضرین نے بڑی کوشش کی لیکن مٹی سے حضرت کی لحد نہ چھپا سکے۔ مٹی نکالتے نکالتے آپ کی لحد کے قریب ایک تالاب جیسا گڑھا پڑ گیا۔ جو آج تک موجود ہے۔ لوگ تھک گئے اور حیران تھے کہ اب کیا کیا جائے۔ حضرت کو یہاں مدفون ہونا پسند نہ تھا۔ آخر صلاح مشورہ کے بعد طے پایا۔ کہ سردار مہر اللہ خان کو بلایا جائے کیونکہ اپنے سردار کیلئے بلوچ لوگ بالعموم اور مری بالخصوص ایک والہانہ عقیدہ رکھتے ہیں۔ دوسرے دن صبح سردار مہر اللہ خان بہت سے سواروں کے ساتھ تیز رفتار آندھی کی طرح کاہان سے چل کر شام کو میدان گری پہنچے۔ سردار سے سارا ماجرا بیان کیا گیا۔ انہوں نے حکم دیا۔ کہ بہت سارے دنبے ذبح کر کے خیرات کئے جائیں چنانچہ ایسا کیا گیا۔ خود سردار صاحب ایک دن ایک رات بغیر کسی سے کلام کئے اپنے تمام جسم کو سفید چادر سے ڈھانکے ہوئے لحد میں مست کے قریب بیٹھے رہے۔ دوسرے دن لحد سے باہر نکلے اور کہنے لگے "میں نے حضرت مست کی بہت منت و سماجت کی۔ اور عرض کیا کہ اپنے غریب مریوں کو زیادہ نہ ستائیں۔ آخر حضرت نے میری لاج رکھ لی۔" سردار مری نے اپنی سفید چادر جو اوڑھے تھے وہ مست کی میت پر ڈال دی۔ اور حکم دیا۔ کہ مٹی لحد پر ڈالی جائے اس طرح اور مری قبائل نے اپنے محبوب پیر کو الوداع کیا۔ اس کے فوراً بعد سردار مہر اللہ خان نے ایک چاردیواری اور ایک کمرہ لحد پر تعمیر کرایا۔ اس کے قریب ہی ایک کچی مٹی کی مسجد بنوائی۔ کچھ دن یہاں

قیام کیا. اور بے شمار دُنبے ذبح کر کے خیرات کئے گئے. بعد ازاں یہ سارا لشکر اپنے محبوب دیوانے سے رخصت ہوا. بلوچ قوم کی محبوب ہستی اپنی محبوب قوم کو ۱۸۹۵ء میں دائمی مفارقت دے کر عالم بالا میں تشریف لے گئی. آپ کی عمر مبارک اُس وقت ۶۷ برس تھی. آج تک ہر سال حضرت مست کے مزار مبارک پر ہزاروں کی تعداد میں کوہستانی بلوچ زیارت کے لئے آتے ہیں بے شمار عقیدتمند اور حاجتمند بلوچستان اور ڈیرہ جات سے اپنی مرادیں پانے کے لئے حضرت مست کی زیارت کیلئے آتے ہیں. اور تمام سال آپ کا لنگر جاری رہتا ہے.

یہ کوئی مبالغہ نہ ہوگا. اگر کہا جائے کہ انیسویں صدی کی اس داستانِ عشق کے بعد تمام عالم کون و مکان میں عشق حقیقی کا آخری باب بلوچستان کی ان سنگلاخ وادیوں میں حضرت مست اور خاتون بلوچستان "سمّو" (سمیع) کی آہ و زاریوں و جگر سوزیوں میں سما کر ختم ہوتا ہے اور عشق اپنا الوداعی پیغام دے کر ہمیشہ ہمیشہ کیلئے انسانی دلوں سے اپنا دامن چھڑا لیتا ہے.

باب سوئم

حضرت مست کی کرامات وشاعری

کرامات حضرت مست طوق علی ایک کامل ولی تھے۔ چونکہ آپ نے تعلیم حاصل نہیں کی تھی۔ اسلئے آپ نے ملفوظات یا تحریر کے ذریعے اپنے سلسلے اور روحانی مدارج کا تذکرہ نہیں فرمایاہے اور نہ عام طور پر آپ نے اِن رموز کا کسی سے زبانی ذکر کیا ہے۔ لیکن جہاں تک پتہ چلا ہے۔ آپکا تعلق سلسلۂ قلندری سے تھا۔ جیسے پہلے بتایا گیا۔ آپ کے روحانی مرشد سرآمد مجاذیب زمانہ حضرت شیخ المشائخ شہباز قلندر محمد عثمان ملوندی رحمتہ اللہ علیہ سیہوان شریف والے تھے۔ عام روایت کے مطابق قلندر اپنے وقت کے آزاد اور مختار کل ہوتے ہیں۔ کسی خاص سلسلہ مثلاً قادری۔ نقشبندی۔ چشتی وسہروردی کے پابند نہیں ہوتے۔ بلکہ چاروں سلسلوں کی خلافت اِن سلسلوں کے بانیوں سے ان کو ملتی ہے۔ ویسے بھی قلندری طبقے کے بزرگان کی ابتدا اور انتہا عشق ہے۔ اپنے انتہائے اوج میں بھی سیمہ اللہ تعالیٰ کی محبوبیت کے پردے میں رہنے سے عشق کی آگ میں جلنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ لہذا عشق میں ہر وقت کشتہ رہنا اس جگر سوز طبقے کا شیوہ ہے۔ عشق ہمیشہ آزاد ہے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ اس طبقے کو دنیا سے کوئی سروکار نہیں۔ قدرت بھی اپنی رحمت سے اس طبقے کو دنیا کی پابندیوں سے آزاد رکھتی ہے۔ چنانچہ بچپن ہی میں سب عزیز واقربا چل بستے ہیں۔ قلندر شادی بھی نہیں کرتے اور نہ ہی کوئی ان کی اولاد ہوتی

ہے۔ بس اکیلے پروانے کی طرح عشق الٰہی میں جلتے رہتے ہیں۔ ان کی ہر ادا کرامات سے بے بہرہ نہیں۔ حضرت مست طوق علی کی کرامات بے شمار ہیں۔ اگر ان کو قلمبند کیا جائے تو وہ ایک کتابی صورت اختیار کر لینگی۔ کچھ ہم پہلے بتا چکے ہیں۔ چند کا ذکر ابھی کئے دیتے ہیں۔

حضرت مست کا ایک مشہور واقعہ ہے۔ کہ آپ ایک دفعہ

نمبر (۱) تمندار نواب سردار جمال خان لغاری کے ہاں چوٹی میں مہمان تھے۔ نواب موصوف نے اپنے نوکروں سے کہا کہ مست کا امتحان لینا ہے۔ کہ آیا وہ اپنی محبوبہ سمو کے عشق میں کامل ہیں یا نہیں چنانچہ نواب صاحب نے ڈیرہ غازیخان سے ایک خوبصورت طوائف منگوائی۔ رات کے وقت مست کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا کھانے سے فراغت پاتے ہی نواب صاحب نے مست کو اپنے کمرے میں مجلس کیلئے بلوایا۔ اس طوائف کو مست کیلئے خالی کمرے میں بٹھا دیا گیا طوائف بھی لگتا ہے کہ خوب بنی سنوری بیٹھی تھی۔ کافی رات گئے مست آرام کرنے کی غرض سے اپنے کمرے میں تشریف لائے۔ تو نوکروں نے کمرے کو باہر سے مقفل کر دیا طوائف نہایت نخرے سے اٹھلاتی ہوئی مست کے قریب آئی۔ اس نے طرح طرح سے حیلے کئے۔ لیکن سب بے سود۔ مست تو کسی اور کے امانت تھے۔ اُن کے دل میں صرف سمو کی جگہ تھی۔ جب طوائف ان کو زیادہ تنگ کرنے لگی۔ تو مست ایک دم ایک بدمست اونٹ بن گئے۔ اور طوائف کو کاٹنے کو دوڑے۔ خوف کے مارے طوائف نے شور مچانا شروع کر دیا۔ نواب صاحب اور نوکر پہلے ہی سے انتظار میں تھے۔ کہ دیکھیں کیا ہوتا ہے۔ شور و غل سنتے ہی نواب صاحب اور نوکروں نے دروازہ کھولا۔ کیا دیکھتے ہیں کہ مست اونٹ بنے ہوئے ہیں۔ اور مستی کے عالم میں منہ سے

جھاگ نکل رہی ہے۔ اور طوائف مکرے کے فرش پر بے ہوش پڑی ہے۔ یہ دیکھ کر طوائف کو باہر نکالا گیا۔ اس کے تھوڑی دیر بعد مست اپنی اصلی حالت میں آ گئے۔ لیکن غصہ اور جلال کی وجہ سے آپکی آنکھیں سُرخ ہو رہی تھیں۔ اس واقعہ کا ذکر حضرت نے اپنے شعروں میں بھی کیا ہے۔

پہ دیرہ ءِ گندغ عادتیں رناں
سمّل ءِ عہدان ءَ نہ پھور ریناں
سُومری چھار روشاں ناپائداراں
دوست ہما ئنتھ کہ جائدی دوست انتھ

ترجمہ:۔ ڈیرہ غازیخان کی بدچلن عورتوں کی خاطر
میں سمّو سے عہد وفا نہیں توڑ سکتا
دنیاوی شان و شوکت چار دن کے ہیں
دوست وہ ہیں۔ جو دائمی دوست ہیں۔

ایک دفعہ حضرت ست تیس چالیس مریدوں کے ہمراہ
تمنبُسر (۱) رستراني پہاڑ کی طرف روانہ ہوئے۔ ان میں سے ایک

---

(۱) ایران سے جب بلوچ مکران اور لسبیلا کے علاقے میں آئے۔ تو اس وقت نزدیک ترین متمدن علاقہ سندھ کا تھا۔ جہاں سومرہ خاندان کی حکومت بھی تھی اس خاندان نے کئی سو برس تک سندھ میں حکومت کی۔ مکران سے کئی بلوچ قبیلے سومرہ بادشاہوں کے عہد میں سندھ میں آکر آباد ہوئے۔ اور کئی بلوچ قبیلوں نے سومرہ حکمرانوں کے خلاف بغاوت بھی کی (تاریخ معصومی صفحہ۔ ۱۱) بلوچ چونکہ صحرا نشین تھے۔ یہ لوگ سومرہ بادشاہوں کی شان و شوکت جاہ و جلال دیکھ کر بے حد متاثر ہوئے۔ یہی وجہ تھی کہ قدیم بلوچ شاعری میں لفظ سومری یعنی دنیاوی جاہ و جلال و شوکت، عظمت مستعمل ہے۔

وزیر خان مقدم شیرانی (جو اس وقت زندہ ہیں) ... کے والد پہلوان بھی حضرت مست کے ساتھ تھے۔ انہی پہلوان کی روایت کے مطابق جب یہ لوگ رستزانی پہاڑ کے دامن پہنچے۔ تو صبح کا وقت تھا۔ حضرت نے فرمایا "آج یہاں پڑاؤ رہے گا" اس کے بعد حضرت نے کہا "یہاں زمین پر ایک پتھر کی مسجد بناؤ اور بہت بڑے وزنی پتھروں کی مسجد بناؤ" چنانچہ ان لوگوں نے پتھر جوڑنے شروع کئے۔ اور ظہر تک پتھر جمع کرتے رہے۔ حضرت ایک کونے میں بیٹھے رہے۔ پہلوان شیرانی کو شدت سے بھوک محسوس ہوئی۔ اور وہ نقاہت اور کمزوری کے باعث پتھر اٹھاتے ہوئے لڑکھڑا کے چلنے لگا۔ حضرت کی نگاہ اس پر پڑی اور فرمایا "ہاں پہلوان بھوکے ہو آؤ تمہیں روٹی دوں" پہلوان کا کہنا ہے۔ کہ وہ حضرت کے قریب گئے۔ تو وہاں کچھ نہ تھا۔ صرف حضرت کے سامنے ایک خالی چادر پڑی تھی۔ حضرت نے چادر پر ہاتھ مارا۔ اور ایک گرم روٹی اس کو دی۔ وہ روٹی اٹھا کے اپنے باقی ساتھیوں کے پاس گیا وہ لوگ بے تاب ہو رہے تھے۔ اتنے میں حضرت ان کے پاس آئے اور فرمایا "میں جانتا ہوں کہ تم سب کو بھوک لگی ہے" چنانچہ آپ نے ان تیس آدمیوں کو ایک لائن میں کھڑا کیا اور اپنی خالی چادر پر اپنا ہاتھ رکھا۔ اور ایک ایک گرم روٹی ہر ایک کی طرف پھینکتے گئے۔ اور فرمانے لگے "احتیاط سے پکڑو نیچے نہ گرنے پائیں۔"

نمبر (۳) آپ کے سکریٹری میر خان براہمانی بیان کرتے ہیں۔ کہ ایک دن وہ حضرت مست کے ساتھ لہڑی کے قریب کے پہاڑوں میں جا رہے تھے۔ انہوں نے مست سے کہا "حضرت میرے لئے بھی کوئی دعا کریں" حضرت نے فرمایا "اچھا تم یہیں رک جاؤ" چنانچہ وہ وہیں رک گیا۔ اور حضرت پہاڑی پر چڑھ گئے۔ تھوڑی دیر بعد

دُرخان نے دیکھا۔ کہ اُس کے قریب گھاٹی سے ایک مہیب آواز آنی شروع ہو گئی۔ انہوں نے نگاہ دوڑائی تو ایک بہت بڑا اژدھا جس کی آنکھیں بجلی کی طرح چمک رہی تھیں۔ پہاڑی کے اوپر سے اسکی جانب بڑھتا چلا آ رہا تھا۔ یوں معلوم ہو رہا تھا۔ کہ جیسے زلزلہ آ گیا ہو اور سارا پہاڑ ہل جائے۔ اور اس کے قریب آکر ٹھہر گیا۔ دُرخان ہیبت کے مارے بیہوش ہو گیا۔ جب ہوش میں آیا۔ تو اژدھا غائب تھا۔ تھوڑی دیر بعد حضرت تشریف لائے۔ اور آن سے پوچھا۔ انہوں نے سارا ماجرا سنایا۔ اور کہا لینا گیا تھا جان بچ گئی۔ حضرت مسکرائے اور فرمانے لگے "میں کیا کروں تم اس انداز سے آئی تھی"۔

نمبر ۴: ایک مرتبہ حضرت مست نواب جمال خان لغاری کے ہاں تشریف لائے۔ انہی دنوں نواب صاحب کے مرشد جو سادات خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ وہ بھی وہاں مقیم تھے۔ نواب صاحب اپنے مہمان خانے میں تشریف فرما تھے۔ قبائلی لوگوں کا ارد گرد ہجوم تھا۔ جو داد و فریاد کے لئے آئے ہوئے تھے۔ آپ کے دائیں بائیں مست طوق علی اور آپ کے مرشد بیٹھے تھے۔ نواب صاحب کو بیٹھے بیٹھائے ایک عجیب خیال آیا۔ اپنے مرشد کی طرف مخاطب ہو کر مست کی طرف اشارہ کر کے کہنے لگے "قبلہ شاہ صاحب یہ ہمارے طوطی بزرگ ہیں۔ آج آپ دونوں کا مقابلہ ہوگا"۔ حضرت شاہ صاحب خاموش رہے۔ نواب صاحب نے اپنے خادموں کے ذریعہ ایک لوہے کا وزنی ٹکڑا جو لمبائی میں ۳ فٹ اور موٹائی میں ۸ انچ تھا۔ منگایا۔ اور اپنے سامنے رکھوا کر کہنے لگے "آپ دونوں حضرات اپنے عصا سے اس لوہے میں آر پار سوراخ کریں"۔ قبلہ شاہ صاحب کے پاس اپنا عصا موجود تھا۔ جس کے نیچے تیز لوہا لگا تھا۔

مست کے پاس صرف ایک معمولی سی چھڑی تھی۔ نواب صاحب نے پہلے مست سے کہا۔ کہ وہ آگے بڑھیں مگر انہوں نے کہا: "پہلے شاہ صاحب اپنا وار کریں مجھ میں کچھ نہیں ہے۔ میں سمّو کو عرض کروں گا۔" آخر شاہ صاحب آگے بڑھے۔ اور زور سے عصا لوہے پر مارا۔ عصا کی نوک ٹیڑھی ہو گئی۔ اب سمّو کے بیلی (مست) کی باری آئی۔ انہوں نے اپنی چھڑی اٹھائی۔ اور چھڑی کی طرف دیکھ کر کہنے لگے "سمّو تو نے شاہ صاحب کا عصا ٹیڑھا کر دیا۔ اب میری لاج رکھنا۔" یوں کہتے ہی مست نے چھڑی لوہے پر دے ماری وہ چھڑی آٹھ انچ کے لوہے کی تہہ کو پار کر کے زمین میں جا گھسی۔ ایک ہنگامہ مچ گیا۔ جو لوگ وہاں موجود تھے آ کر مست کے ہاتھ پاؤں چومنے لگے۔ اور مست بار بار فرماتے "سمّو کی مرضی یہی تھی"

نمبر (۵) ایک معتبر لانگھانی مری روایت کرتے ہیں۔ کہ مست کے ساتھ ببرکچھ[۱] سے بستی ہوتے ہوئے جیکب آباد کے راستے سکھر پہنچے۔ سکھر اور روہڑی شریف کے درمیان جو ریل کا پُل ہے۔ اس کے نیچے دونوں بیٹھ گئے۔ مست نے اُس مری سے کہا "میرے سر کے بال مونڈ دو" مری نے اپنے تھیلے سے اُسترا نکالا اور مست کے بال اتار لئے۔ اُس کے بعد مست نے ایک صاف کپڑا طلب کیا۔ اتارے ہوئے بال آپ نے اُس کپڑے میں پوٹلی کی شکل میں باندھ دیئے۔ اور اُس مری کو ساتھ لئے ہوئے پُل کے درمیان آ کر رک گئے۔ بالوں کی پوٹلی آپ نے دریا میں پھینک دی۔ اور کہنے لگے "میرا اسلام سمّو کو پہنچا دینا" چنانچہ اُس مری کی روایت کے مطابق یہ بال دریا کے بہاؤ کے ساتھ بہنے کی بجائے مخالف سمت دریا کے اوپر جانے لگے۔

۱۔ سبی اور ہرنائی کے درمیان ایک سٹیشن کا نام ہے۔

آپ ٹھہرے رہے. آپکا ساتھی تا حد نظر یہ منظر دیکھتا رہا.

نمبر (۶) ایک مرتبہ آپ شہداد کوٹ اور قمبر کے راستے ریل کی پٹڑی کے ساتھ ساتھ دُرخان براہمانی کے ہمراہ پیدل سہوان شریف تشریف لے جا رہے تھے. راستے میں سہوان شریف سے دو اسٹیشن پہلے آپ تھک کر ریل گاڑی کی پٹڑی کے درمیان بیٹھ گئے. آپ نے دُرخان براہمانی سے ارشاد کیا کہ وہ ان کے لئے مٹی کا پائپ بنائے. فوراً دُرخان نے مٹی بھگو کر ایک چھوٹا سا پائپ بنایا. اور اسمیں تمباکو بھر دیا. آپ پائپ کے کش لگا رہے تھے. شہداد کوٹ کی طرف سے مسافر گاڑی آگئی. گاڑی جب نزدیک آگئی. تو انجن ڈرائیور نے سیٹی دی. آپکا ساتھی دُرخان تو پٹڑی سے دور بھاگ گیا. لیکن مست گاڑی کی طرف نظریں جمائے اپنی دھن میں مگن ہو کر پائپ پیتے رہے. اب گاڑی کا اور مست کا فاصلہ چند گز رہ گیا تھا. آپ کے ساتھی نے آپکو آواز دی. مگر آپ نے ایک نہ سُنی. اتنے میں انجن بالکل آپ کے سر مبارک پر آگیا. ڈرائیور نے گاڑی کو روکنے کی کافی کوشش کی لیکن گاڑی نہ رک سکی. آپ نے ہاتھ بڑھا کر انجن کے سامنے رکھ کر کہا "ٹھہر جا. ادمتو کے گدھے" گاڑی ایک انچ بھی آگے نہ بڑھی اور وہیں جم کر رہ گئی. انجن ڈرائیور نے کوشش کی. لیکن سب بے کار گاڑی اپنی جگہ سے نہ ہلی. آخر گارڈ اور تمام عملے والے گھبرا کر نیچے اتر آئے. اور دیکھا کہ ایک درویش انجن کے سامنے کھڑا ہے. سب آپ کے پاؤں آگر گر پڑے اور اپنی ٹوپیاں آپ کے قدم مبارک میں رکھ دیں. اور پوچھنے لگے. کہ حضرت آپ کیا چاہتے ہیں. آپ نے فرمایا مجھے اور میرے ساتھی کو سہوان شریف پہنچا دو. اور آئندہ بھی

قلندر شہباز کے ملنگوں کو کوئی ایذا نہ پہنچانا" آپ کو اپنے خادم کے ساتھ بڑی عزت و احترام سے گاڑی پر بٹھا دیا گیا۔ آپ نے گاڑی کو روانگی کا حکم دیا۔ گاڑی چل پڑی۔ کافی مدت تک سہوان شریف جانے والے بلا ٹکٹ سفر کیا کرتے تھے۔ اس واقعے کا چرچا سارے لاڑکانہ ضلع میں ہو گیا۔ اور سہوان شریف میں ہزاروں کی تعداد میں لوگ حضرت مست کی زیارت کیلئے آئے۔

نمبر (۷) ایک دفعہ پھڑا کے مقام پر لوادھی قبیلے کے مری لوگ جمع ہوئے۔ اور حضرت مست سے عرض کیا۔ کہ قریب کے پہاڑ میں ایک بہت بڑا اژدھا ہے۔ جو ہمارے قریبی گاؤں میں آکر کافی جانی اور مالی نقصان پہنچاتا ہے۔ تمام لوگ اس بلا سے تنگ آچکے تھے۔ حضرت اُن کے ساتھ چل دیئے۔ اور فرمایا "مجھے وہ جگہ دکھاؤ" چنانچہ آپ کو اُس قریبی پہاڑ کی وادی میں وہ جگہ دکھائی گئی۔ آپ نے زور سے آواز دی "اے سمو کی بکری باہر نکل آ" وہ اژدھا باہر نکل آیا۔ اور آپ کے قریب آیا۔ آپ نے اُس کی پیٹھ پر سوار ہو کر حکم دیا۔ کہ "ٹکیل پہاڑی کی جانب چلو" چنانچہ اژدھا روانہ ہوا۔ تمام لوگ آپ کے پیچھے ہو لئے۔ ٹکیل پہاڑی کے ایک بڑے غار کے قریب پہنچ کر آپ اژدھے کی پیٹھ سے اتر آئے۔ اور اُسے حکم دیا "جاؤ تمہارا ٹھکانا اب یہ غار ہے۔ آئندہ کسی کو نقصان نہ پہنچانا" چنانچہ آج تک وہ اژدھا اُس غار میں موجود ہے۔ اور غار کے اندر سے اُس کی زہریلی اور خوفناک پھنکاروں کی آواز سنائی دیتی ہے۔

نمبر (۸) دُرخان بڑہمانی (ڈڈبیکی) مست کے سیکریٹری تھے۔ حضرت کو آپ سے بیحد اُنس اور لگاؤ تھا۔ اور ہر وقت اُن کو اپنے ساتھ ڈیرہ جات اور بیرونی سندھ میں شریک سفر رکھتے تھے۔ دُرخان کے بیان کے مطابق جب کبھی وہ حضرت کے ساتھ پیدل سفر کو نکلتے۔ تو اگر کوئی بادل کا ٹکڑا آسمان پہ دکھائی دیتا۔ تو حضرت فرماتے "ٹھہرو ستو کا سلام میری طرف آرہا ہے" چنانچہ آپ رُک جاتے۔ تھوڑی دیر میں وہ بادل کا ٹکڑا حضرت کے سر مبارک پر آکر کچھ بوندا باندی کرکے اپنی راہ لیتا۔ حضرت کا ہمیشہ یہی معمول رہا۔

نمبر (۹) میدان گرڑی میں جہاں آپکا مزار مبارک ہے۔ اس کے قریب ہی ایک ندی ہے۔ جہاں وفات سے پہلے آپ کو بیماری کی حالت میں رکھا گیا تھا۔ آپ نے دوران علالت میں پانی مانگا۔ چونکہ قریب پانی نہ تھا۔ اور ندی کا پانی کھارا ہے۔ لوگوں نے عرض کیا "یہاں قریب پانی نہیں ہے" آپ شدت مرض میں اُٹھ کھڑے ہوئے۔ اور عصا مبارک ندی کے کنارے ایک ٹیلے پر مارا۔ اور وہاں سے میٹھا اور شفاف چھوٹا چشمہ رواں ہوگیا۔ جو آج تک جاری ہے۔

نمبر (۱۰) ایک دفعہ حضرت مست توکلی قصبہ مل میں میر محمد خان گشکوری کے مہمان تھے۔ قریب کے قصبہ گورگیج میں مینگل نامی گورگیج بہت ہی افلاس کی حالت میں رہتا تھا۔ وہ اور اس کی بیوی اکثر فاقہ کرتے تھے بشاذونادر ہی اُن کو ایک وقت کی روٹی نصیب ہوتی۔ اس علاقے میں بارش ہی آب پاشی کا ذریعہ تھی۔ اکثر یہاں بارشیں کم ہوتی ہیں۔ برسوں سے یہاں بالکل

بارش نہیں ہوئی۔ زمین پانی کے ایک ایک قطرے کو ترس رہی تھی لوگ قحط سالی کا شکار ہوتے رہے۔ اور برسوں سے مینگل گورگیج کی زمینیں غیر آباد پڑی تھیں۔ اس شخص کے پاس سوائے ایک بیل کے کچھ نہ تھا۔ مست کی آمد کا اسے پتہ چلا۔ کہ آپ قریبی قصبہ تلی میں تشریف فرما ہیں۔ تو وہ مست کے پاس آیا۔ اور عرض کیا "حضور مجھ غریب کی دعوت آپ قبول فرمائیں"۔ مست اُس کے ساتھ ہو لئے۔ اور اُس کے گھر پر تشریف لائے۔ مینگل کے گھر اُس وقت کھانے کو کچھ نہ تھا۔ قرض مانگ کر اُس نے کھانے کا انتظام کیا۔ خاوند اور بیوی نے مل کر عرض کیا۔ کہ حضرت رزق کی فراوانی کیلئے دعا فرمائیں۔ آپ نے سر مبارک ہلا کر کہا "دیکھو کیا ہوتا ہے"۔ مست وہاں سے رخصت ہو کر تلی آئے۔ کچھ دن بعد سخت بارش ہوئی اور تلی ندی میں سیلاب آیا۔ جس سے اِن کے علاقے کی زمینیں سیراب ہوتی تھیں۔ مگر سوائے مینگل گورگیج کے تمام گورگیج قبیلے کے بند سیراب ہوئے۔ اس کے بند کو پانی توڑ کر دوسری اراضیات میں چلا گیا۔ مینگل اور اُس کی بیوی حیرت سے یہ تماشا دیکھتے رہ گئے۔ دوسرے دن اچانک اُن کا وہ بیل بھی مر گیا۔ میاں بیوی آپس میں یہ کہنے لگے۔ کہ اچھی مست سے دعا کروائی۔ غرض پریشانی کی حالت میں مینگل حضرت کا پیچھا کرتا ہوا تلی آیا۔ وہاں سے اسے معلوم ہوا۔ کہ آپ تلی تشریف لے گئے ہیں۔ تلی روانہ ہوا۔ اور مست کو جا پایا۔ اس نے حضرت سے عرض کیا کہ قبیلے کی زمینیں اور بند آباد ہو گئے ہیں۔ صرف اُسی کے غیر آباد رہ گئے ایک بیل تھا، وہ بھی مر گیا۔ مست فرمانے لگے: "نہ بیل خریدنے کی ضرورت ہے۔ اور نہ ہل چلانے کی ضرورت ہے۔ بیج ہاتھوں سے زمین پر پھینکتے جاؤ"۔ مینگل مست سے رخصت ہو کر گھر آیا۔ اور

Scanned with CamScanner

اُس نے اپنے قریبی رشتہ دار سے ایک بوری جوار کی بطور قرض لی. وہ بوری اٹھا کر اپنی بیوی کے ساتھ اپنے بند پر آیا. اور میاں بیوی دونوں مٹھیاں بھر بھر کر زمین پر ڈالتے رہے
....
......................گرد و نواح کے زمیندار جو اپنے بند میں ہل چلا کر تخم ریزی کر رہے تھے. انہوں نے ان دونوں کی خوب ہنسی اڑائی. اور آپس میں کہنے لگے" دیکھیں گے یہ کیسی فصل اٹھائیں گے." کچھ دنوں بعد ان کی بوئی ہوئی جوار اُگ آئی. تین ماہ بعد کیا دیکھتے ہیں. کہ اوروں کی فصلیں سوکھتی جا رہی ہیں. اور مینگل کی فصل سب سے اچھی ہے. فصل پکنے کے وقت مینگل کی فصل اس اندازے سے ہوئی. کہ اُس کے قبیلے والے عش عش کر اٹھے. فصل کٹائی گئی. تو مینگل کی جوار کئی ہزار روپیہ کی ہوئی. میاں بیوی نے خوب جی بھر کر خیرات کی. اور آج تک ان کا گھر تمام گوریج قبیلے میں مالدار اور دولت مند ہے. اُس وقت سے لیکر اب تک ۹۰ سال کا عرصہ گزرا. اس گھرانے کے لوگ حضرت مست کیلئے سالانہ ایک بیل خیرات کرتے ہیں.

نمبر (۱۱) ایک مرتبہ پھر دوبارہ پہاڑوں کے درمیان دوران سفر دُرخان براہمانی نے اصرار کیا. کہ حضرت میرے لئے دعا کریں. حضرت دور پہاڑی پر چڑھ گئے. اور دُرخان کو علیحدہ بٹھا دیا. اس نے دیکھا پری جیسی حسین عورت بلندیوں سے اڑتی ہوئی اسکے سامنے آکر کھڑی ہو گئی. دُرخان کی زبان بند ہو کر رہ گئی. اور ایک لفظ اس کے منہ سے نہیں نکلا. اس کے بعد وہ پری پھر دوبارہ ہوا میں اڑ کر غائب ہو گئی. اس کے بعد حضرت مست تشریف لائے. اور فرمانے لگے" کیا دیکھا" دُرخان نے سارا ماجرا بیان کیا حضرت

نے پھر وہ الفاظ دُہرائے "سموجانے اور سمو کے کام۔ اِن دونوں واقعات کے بعد دُرّخان نے حضرت سے دوبارہ دعا کے لئے نہیں کہا۔

نمبر (۱۲) ہیرجان زنگوانی بگٹی ولد سیف اللہ خان بگٹی حضرت مست کا دوست تھا۔ ایک دفعہ ڈیرہ بگٹی میں ایک خوشی کے موقع پر پکا ہوا گوشت تقسیم ہو رہا تھا۔ حضرت مست اور ہیرجان بھی اِس موقع پر موجود تھے۔ حضرت نے اصرار کیا۔ کہ سمو کا حصّہ بھی نکالو۔ ہیرجان نے مسکرا کر کہا۔ کہ حضور آپ سمو کو ناحق بدنام کر رہے ہیں۔ وہ تو یہاں نہیں ہے۔ یہاں سے بہت دُور ہے۔ ہر جگہ جہاں آپ جاتے ہیں، سمو کا حصّہ طلب کرتے ہیں چنانچہ ان کو ایک گوشت کا ٹکڑا دیا گیا۔ آپ نے وہ گوشت لے کر چادر کے نیچے قریب ایک جگہ پر رکھ دیا۔ اور حضرت مست فرمانے لگے "ہیرجان جاؤ جا کر دیکھ لو" ہیرجان نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ کہ واقعی ایک اِنسان اپنا منہ ڈھانکے ایک طرف کئے ہوئے گوشت کھا رہا تھا۔ ہیرجان یہ منظر دیکھ کر حیران رہ گیا۔

نمبر (۱۳) ہیرجان نے یہ جگر فگار خبر سُنی، کہ حضرت مست طوق علی وصال فرما گئے ہیں، تو رنج و صدمے کی وجہ سے ہیرجان نے ایک دن اور ایک رات نہ کچھ کھایا نہ پیا۔ باقی زنگوانی بگٹیوں نے کافی منت کی۔ کہ کھانا کھالو۔ لیکن ہیرجان بھوکا سو رہا۔ دوسری رات بھی اُس نے کھانا نہیں کھایا۔ آدھی رات کے وقت جب وہ سو رہا تھا۔ تو اُسے ایک آواز آئی "ہیرجان ہیرجان اُٹھو" جب یہ نیند سے بیدار ہوا تو کیا دیکھتا ہے۔ کہ مست سامنے کھڑے ہوئے ہیں۔ اور ارشاد فرما رہے ہیں "کہ تم کھانا کیوں نہیں کھاتے۔"

اِس کے بعد حضرت مست غائب ہو گئے۔ باوجود اِس کے ہیرجان پھر سو رہا۔ اور تھوڑی دیر بعد اُسے پھر وہی آواز آئی۔ کہ تم کھانا کیوں نہیں کھاتے؟" وہ چونک اُٹھا۔ کیا دیکھتا ہے۔ کہ حضرت مست سامنے کھڑے ہیں۔ اور وہی الفاظ دُہرا رہے ہیں۔ چنانچہ جواباً ہیرجان نے کہا۔ سائیں میں کھانا کھاؤں گا۔ حضرت پھر غائب ہو گئے۔ ہیرجان نے گھر سے کھانا منگوا کر تھوڑا سا کھایا۔ صبح ہوئی ہیرجان سردار شہباز خان بگٹی کے مہمان خانے میں گیا۔ وہاں سردار بگٹی بمعہ دیگر بگٹیوں کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔ وہاں پہنچے۔ اور انہوں نے رات کے واقعے کا تذکرہ سب کے سامنے بیان کیا۔ اور سب بگٹیوں نے بمعہ سردار بگٹی کے اِس کا تمسخر اُڑایا۔ اور سب کہنے لگے۔ کہ یہ ناممکن ہے۔ یہ کہنے کی دیر تھی۔ کہ یک لخت حضرت مست قریب ہی سے نمودار ہوئے۔ اور زور سے آواز دی۔
"ہیرجان میں اسلئے آیا ہوں۔ کہ تمہارے رات کے واقعے کو سچا ثابت کر دکھاؤں۔ لو اب میں واپس جارہا ہوں۔" یہ دیکھ کر اور سُنکر سارا مجمع متحیر اور پشیمان ہوا۔

بلوچی رومان و شاعری

کتب ادبیہ میں شاعری کی تعریف یہ ہے "کہ کلام موزون ہو اور متکلم نے بہ ارادہ موزون کیا ہو۔" لیکن اب یہ تعریف عامیانہ تعریف خیال کی جاتی ہے شعر ایک قسم کی مصوّری یا نقالی ہے۔ مصوّر صرف مادی اشیاء کی تصویر کھینچ سکتا ہے۔ بخلاف اِس کے شاعر ہر قسم کے خیالات جذبات اور احساسات کی تصویر کھینچ سکتا ہے۔ ایک شعر کی تعریف اِس وقت صادق آئے گی جب کہ شعر میں کسی چیز کا اس طرح بیان کیا گیا کہ اُس شے کی اصلی تصویر آنکھوں کے سامنے پھر جائے۔ مثلاً نیچ عالم

وغیظ وغضب وجوش ومحبت وافسوس وحسرت وخوشی وامید یا جنگل کا سناٹا۔ دریا کی روانی۔ باغ کی شادابی نسیم کے جھونکے شام وصبح کی دلاویزی وغیرہ اس طرح شعر میں بیان کرنا کہ انکی صورت آنکھوں کے سامنے آ جائے۔ اسی کو شاعری کہتے ہیں۔ ہر ایک شاعر فطرتاً نہایت نازک۔ لطیف اور سریع الاشتعال ہوتا ہے۔ لہذا ہر کیفیت پر اتنا بے تاب ہوتا ہے۔ کہ اور لوگ نہیں ہوتے۔ حاصل یہ کہ جو شخص واقعات اور مظاہر فطرت و قدرت سے اور لوگوں کی بہ نسبت زیادہ متاثر ہو۔ اور اس اثر یا کیفیت کو الفاظ کے ذریعہ مکمل طور پر ظاہر کر سکتا ہو وہی شاعر ہے۔

بلوچوں کا عشق وشاعری ایک جداگانہ حیثیت رکھتی ہے بلوچ بالعموم وفادار۔ غیور اور غیرت کا ایک مجسمہ ہوتا ہے۔ ایک بلوچ کے عاشقانہ جذبات نہایت پرجوش اور سچے ہوتے ہیں۔ محبوب کی شان اور عفت عشق کو مشتعل کرتی ہے۔ لیکن ابتذال نہیں آنے پاتا یہی حقیقت عربوں میں بھی موجود ہے بلوچ عاشق جیسا خود غیور ہے۔ اسی طرح اس کی محبوبہ بھی اس صفت سے خالی نہیں۔ بلوچ عاشق اپنی محبوبہ کے وقار کو اپنا وقار سمجھتا ہے۔ بعض زبانوں کے ادب میں عاشق اپنے آپ کو نہایت ذلیل قرار دیتا ہے۔ اپنے آپ کو معشوق کی گلی کا کتا کہنا فخر سمجھتا ہے۔ بخلاف اس کے بلوچ عاشق ایک عربی عاشق کی مانند اپنی خودداری اور عزت نفس کے جذبات ہر حالت میں قائم رکھتا ہے۔ بلوچ عاشق جانباز ہے۔ چور نہیں حاکم ہے۔ غلام نہیں بلوچ معشوق عفت وعصمت وعزت کا پیکر ہے۔ وہاں تک ——

رسائی مشکل ہے. کوئی اُدھر کا رُخ کرے. تو پہلے تلواروں کا سامنا ہوگا. بخلاف اِس کے ایران کا محبوب اکثر شاہد بازاری اور مبتذل ہوتا ہے. وہ ہر کسی کا ہے. مگر اِس کا کوئی نہیں. وہ ہر ایک کے ہاتھ آسکتا ہے. وہ ایک بازار میں ایک عام متاع ہے جس کو ہر شخص خرید سکتا ہے. اور سینکڑوں اُس سے تعلق رکھتے ہیں. بعین ہی یہی چیز بلوچ شاعری میں ہے. بلوچ شاعری کا دوسرا نام حقیقت پسندی ہے. ایک بلوچ شاعر جو کہتا ہے. اس حد تک کہتا ہے. جس قدر اصلی حقیقت اور واقعیت ہے. اِسی لئے اسمیں جوش واثر ہوتا ہے. بعض زبانوں کی شاعری میں تصنع اور مبالغہ اتنا ہوتا ہے. کہ انسان اِن کو پڑھ کر حقیقت سے دور جا نکلتا ہے چونکہ ان میں واقعیت کم ہوتی ہے. اس لئے الفاظ اور طرزِ ادا میں حقیقی جوش نہیں ہوتا. اور عشقیہ اشعار پڑھ کر دل پر کبھی اثر نہیں ہوتا. بلوچی شاعری سمجھنے کیلئے بلوچی خلوص، بلوچی دل اور بلوچی ماحول کی ضرورت ہے. بلوچی زبان کے اشعار پڑھ کر ہر ایک یہ محسوس کرتا ہے. کہ یہ واقعہ اس پر گزرا ہے.

مست بحیثیت ایک شاعر

عرب کے مشہور شاعر زہیر بن ابی سلمیٰ بہترین شعر کی تعریف یوں کرتے ہیں

"جو شعر تم نے مدح میں کہے ہیں. ان میں بہترین وہ ہیں. جنہیں سُن کر لوگ پکار اٹھیں. ہاں یہ ایک حقیقت ہے" بعینہٖ یہی کیفیت حضرت مست کے شعروں میں ہے. کہیں بھی مبالغے کا نام تک نہیں پایا جاتا. حضرت پر جو واردات گزریں. اور جو کیفیت سامنے آئی اُسی کا نقشہ کھینچ دیتے. حقیقت پسندی. سادگی. واقعہ نگاری. اُلفت ومحبت کے جذبے کو بے اختیاری کے ساتھ نہایت سوز وگداز

یں لپیٹ کر اشعار میں بیان کرنا آپکا طرۂ امتیاز ہے۔
شیرینی اور کشش میں آپکا جواب نہیں۔ اگر امیر خسرو طوطیٔ ہند ہیں اور حافظ شیراز بلبل ایران ہیں۔ تو حضرت مست طوق علی عندلیب بلوچستان ہیں۔ وہ فطرتاً شاعر تھے۔ زبان خداداد تھی۔ ان سب پر عشق نے اپنا رنگ چڑھایا۔ ان تمام باتوں نے مل کر اُن کے اشعار میں وہ جذبہ و اثر پیدا کیا۔ کہ تمام بلوچی کوہستان میں آگ لگ گئی۔ سب سے بڑی چیز جو مست کے کلام میں ہے۔ حُسن بیان، طرز ادا کی خوبی، تڑپ، شستگی اور لطافت ہے۔ انہوں نے اپنے شعروں اور غزلوں سے سندھ۔ پنجاب اور ڈیرہ جات کے علاقوں اور پہاڑوں میں ایک تہلکہ مچا دیا۔ اور اِن کی آواز زمین سے آسمان تک گونج اٹھی۔ کوئی بلوچ شاعر عشقیہ شاعری میں ان سے قبل یا اُن کے بعد اُن کے ہم پلہ ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔ یہ سعادت آپ کے نصیب میں تھی۔

این سعادت بزور بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

اِسی خصوصیت کی وجہ سے مست قدیم بلوچ شعراء میں صرف بیر بیورغ رند اور جام دُرک ڈومبکی کے کلام کو پسند فرماتے ہیں۔ جام دُرک کا ذکر پہلے آچکا ہے۔ ایک جگہ مست فرماتے ہیں۔

شعر ہما ہاں کہ ننگریں بیورغ ءَ جتاں
قول ہما ہاں کہ عُمرءَ جام گشتغ
داد ہما ہاں کہ زر زوال ءَ داتگاں
عشق ہما ہاں کہ لیلی مجنون ءَ کُشتاں
گوں منی گفتاراں حدیثاں گوں دیاں

ترجمہ:۔ شعر وہ ہیں جو حمی یوسغ نے کہے ہیں۔
قول وہ ہیں جو جام عمر نے کہے ہیں
سخاوت وہ ہے جو زر زوال (نوز بندغ) نے کی ہے۔
عشق وہ ہے۔ جو لیلیٰ مجنون نے کیا ہے۔
میرے شعر حقیقت اور صداقت پر مبنی ہیں

حضرت طوق علی مست دراصل عاشق حقیقی تھے۔ ستمو سے ان کا عشق تو محض ایک زینہ تھا۔ جس نے حسن کامل یعنی شاہد حقیقی کی طرف آپ کو متوجہ کیا۔ اس لئے آپکا عشق بھی کامل ہے۔ اور ہوا و ہوس سے پاک، نہایت قوی اور مشتعل تھا۔ اس لئے آپ کے کلام میں شیفتگی وفا شعاری، جان نثاری وجانبازی، واقعیت، اصلیت اور جوش و اثر کوٹ کوٹ کے بھرا ہے۔ آپ کو اپنی قوم و وطن و سر زمین سے بھی والہانہ محبت تھی۔ آپ اپنے سنگلاخ پہاڑوں سے اتنی ہی محبت کرتے تھے۔ جتنی سعدی اور حافظ نے شیراز اور ایران کے سبزہ زاروں سے کی ہے۔ آپ نے اپنے ماحول سے پورا فائدہ اٹھایا ہے۔ اپنے شعروں میں عندلیب گل و لالہ، نرگس وغیرہ کو اپنی بے آب و گیاہ وادیوں پر ہرگز ترجیح نہیں دی۔ جب بھی اپنی محبوبہ کی تعریف کی ہے اپنے ماحول کو ہر وقت سامنے رکھا ہے۔ اپنی محبوبہ ستمو کی زلفوں کی تعریف میں آپ نے یہ کبھی نہیں کہا۔ کہ وہ زلفِ چلیپا ہیں۔ یا کاکل شبگیر یا مشک عنبرین وغیرہ ہیں۔ بلکہ سادہ الفاظ میں ایک جگہ فرماتے ہیں:۔

زُل کھن سیاہ ماران لُھڑ وخیناں
تیز چھو گُنڈھی آں بھو خیناں

ترجمہ:۔ میری محبوب اپنی زلفیں لہراتے ہوئے کالے

——— ناگ کی طرح بھیرتی ہے۔

ان زلفوں کی نوکیں آرے کی طرح تیز ہیں۔ جو دل کے پار ہو جاتی ہیں۔

ایک اور جگہ زلفوں کی تعریف یوں فرماتے ہیں۔

ژمنب ژلنتھی زامڑی چھیڑاں

ترجمہ:۔ اُس کی گندھی ہوئی چوٹیاں زامڑ^1^ کی طرح لٹک رہی ہیں۔

معشوق کی رفتار چال اور شوخی کی بابت دیگر اقوام کے شعرا نے قسم قسم کے استعارات و تشبیہات استعمال کی ہیں۔ مگر حضرت مست کا انداز ہی اور ہے۔ کسی شاعر کے کلام میں وہ چیز نہیں ملتی۔ جو حضرت مست کے کلام میں پنہان ہے۔ مثلاً اپنے معشوق کی رفتار و گفتار کی بابت آپ فرماتے ہیں:۔

دزوشی بھوسر گواتاں سمینخاں

ترند بھوآمن واتغیں تھیغاں

ترجمہ:۔ بادِ صبا کے لطیف جھونکوں کی طرح جھومتی ہے

اور جوہر دار تلوار کی طرح شوخ ہے

ایک اور جگہ ارشاد ہوتا ہے۔

ستموءِ لوڈگو نیغں گون کپنی وکونتراں

ترجمہ:۔ کبوتروں نے ستمو کی چال اپنائی ہے۔

انتہائے شوق میں حضرت مست حسرت سے اپنی محبوبہ کی

---

[1] زامر ایک جنگلی پودا ہے۔ جو پہاڑوں کی ڈھلوان میں اُگتا ہے۔ اُس کی نرم و نازک شاخیں گھوڑے کی دُم کی طرح نیچے لٹکتی رہتی ہیں۔ اسی لئے زلفوں کو زامڑ سے تشبیہ دی ہے۔

رفتار کو دیکھ کر فرماتے ہیں۔

سمّو تھئی لوڈانی بلہ زیڑا ں

ترجمہ:۔ سمّو میں تیری اس متوالی چال کے قربان جاؤں، اور تیری بلائیں لے لوں۔

عجم کی شاعری باوجود متعدد اوصاف کے جوش بیان سے بے بہرہ ہے۔ بعض مواقع پر جوش بیان کا مظاہرہ پوری طرح سے کیا جاتا ہے۔ لیکن شاعر کے حالات و واردات نہیں ہوتے بخلاف اس کے حضرت مست کے کلام میں جو جذبات ہیں، وہ خود اُن کی واردات ہیں، اور آپ نے صرف ان حالات ہی کو اپنے کلام میں ادا کیا ہے۔ جن سے آپ دوچار ہوئے۔ اسی باعث آپکا سارا کلام سحر سامری سے کم نہیں۔ معشوق کی تعریف تو ہر ایک شاعر نے کی ہے۔ کسی نے معشوق کے رخ زیبا کو سراہا۔ کسی نے ناک اور غزالی آنکھوں کی تعریف کی۔ کسی نے سرو قدی اور سبک رفتاری وغیرہ کا ذکر کیا۔ مگر حضرت مست نے یہ امتیاز نہیں کیا۔ وہ معشوق کو سر تا پا حسن کا ایک پیکر خیال کرتے ہیں، جیسا نظیری نے ایک جگہ کہا ہے:۔

زفرق تا بقدم ہر کجا کہ می نگرم
کرشمہ دامن دل میکشد کہ جا اینجاست

حضرت اس سے بھی ایک قدم اور آگے بڑھ گئے۔ سمّو کو بے عیب کہہ کر اس کے والدین تک آپ نے مرہون منت بنا لیا

سمّو تھئی زمیں جُزء و ہنیں کھندغاں
حُبث تھئی ماتءُ لھٹا پنتھی خشیءِ دلا
ہردو ازہیں بندان عیبونیں انگواہاں

چھوٹ گوں نقشاں کھشتیں دل گوں گماں

ترجمہ:۔ سمو تیری سُبک رفتاری اور شیریں سخنی کے کیا کہنے
تیرے اعضا کی آراستگی میں تیری والدہ نے کمال کیا ہے
جسم کے تمام اعضا و نقوش بے عیب ہیں۔
مانگ نکالنے والی چاندی کی سلائی نے بَل کھاتی زلفوں کو
سیدھا کیا۔
ایک اور جگہ فرماتے ہیں۔

اے پری ءِ آختہ اژ عرشا
با ور بیارے روح کنتہ ترسا

ترجمہ:۔ یہ ایک پری ہے۔ جو عرش سے آئی ہے۔
یقین کرو۔ کہ روح اُس کے دیدار کیلئے ہر وقت ترستی ہے۔
حضرت کے تمام غزلیات کا محور سمو ہے۔ وہ غزل غزل نہیں

ع۱ بلوچ مائیں بچے کی پیدائش کے بعد چالیس روز تک صبح و شام آٹا ملتی ہیں آٹے میں نمک ملایا جاتا ہے۔ اور ایک پیالی میں سرسوں کا خالص تیل رکھا جاتا ہے پھر آٹے کے مرکب کو ڈبو ڈبو کر بچے کے سارے بدن پر آہستگی سے ملا جاتا ہے۔ بچے کی ناک کو پکڑ کر آہستہ سے مالش کرتے ہیں اور کھینچتے ہیں، تاکہ بچے کی ناک خوبصورت اور ستواں ہو۔ اس طرح پیشانی، ہاتھ اور پاؤں کی بھی مالش کرتی ہیں۔ بچے کی آنکھوں کیلئے سُرمہ تیار کیا جاتا ہے۔ سُرمے کی سلائی کافی موٹی ہوتی ہے۔ موٹی سلائی کے استعمال سے بلوچ ماؤں کی روایت کے مطابق آنکھیں بڑی اور خوبصورت ہوتی ہیں۔ جب بچہ پیدا ہوتا ہے۔ تو اس کے سر کی شکل بیضوی ہوتی ہے۔ پھر بلوچ مائیں اسے گول اور خوبصورت بنانے کی خاطر بچے کے سر کے نیچے چالیس روز تک تکیہ نہیں رکھتیں۔ صرف ایک چھوٹا تکیہ گردن کے نیچے رکھا جاتا ہے۔

جس میں ستمو کی تعریف نہ کی گئی ہو۔ ستمو کی ہر ادا گفتار، جسم، زیورات اور ملبوسات کا ذکر بھی آپ نے بارہا اپنی غزلوں میں کیا ہے۔

ہر دوئیں دست ءَ منگلی آسیغان بلاں
سینغ ءَ تعویذ شف گر دنجی تاڑی آں جناں
دل ولیں چیڑاں بول فی کھندوخیں دفا

ترجمہ دونوں ہاتھوں کی کنگن آگ کی طرح روشن ہیں۔
